بسم اللہ الرحمن الرحیم

دلائل الخیرات شریف

معہ

حزب البحر

درودِ مستغاث

مولفہ

الشیخ الامام العارف الکامل قطب الاقطاب فرید العصر

ابو عبد اللہ محمد بن سلیمان الجزولی السملالی

قدس سرہ

بہ ترجمہ

شیخ الحدیث والتفسیر فیضِ ملت حضرت علامہ محمد فیض احمد اویسی رضوی مدظلہ

مرکزی جامعہ اویسیہ رضویہ ، سیرانی روڈ بہاولپور پاکستان

ناشر

خاکپائے سگِ مدینہ محمد رضا فریدی عفی عنہ

"MADINA HOUSE"

1-Pembrook Terrace,

Danbury, CT 06811, U.S.A

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كُونُوا عِبَادَ اللّٰہِ اِخْوَ

اللہ تعالےٰ کے بندے اور بھائی بھائی

سمجھ کر گوشۂ ایماں ترے دامن

مجھے کونین میں تیرے سوا اب آس

(دلدار علی مذا

بلغ العلیٰ بکمالہ

کشف الدجیٰ بجمالہ

حسنت جمیع خصالہ

صلّوا علیہ و آلہ



بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دلائل الخیرات شریف

مؤلفہ

الشیخ الامام العارف الکامل قطب الاقطاب فرید العصر

ابو عبداللہ محمد بن سلیمان الجزولی السملالی

قدس سرہ

بہ ترجمہ

شیخ الحدیث والتفسیر فیض ملت حضرت علامہ محمد فیض احمد اویسی رضوی مدظلہ

مرکزی جامعہ اویسیہ رضویہ سیرانی روڈ بہاولپور پاکستان

ناشر

خاکپائے کوئے عارفاں محمد رضا فریدی عفی عنہ

"MADINA HOUSE"
1-Pembrook Terrace,
Danbury, CT 06810, U.S.A.

نام کتاب : دلائل الخیرات شریف

مولفہ : امام ہمام عالم کامل، عارف واصل محقق فاضل
فرید عصر وحید دہر عبداللہ، محمد بن سلیمان جزولی السملائیؒ

مترجم : الشیخ الحدیث و تفسیر فیض ملت علامہ فیض احمد اویسی رضوی
جامع اوسہ رضویہ سیرانی روڈ بہاولپور پاکستان

خطاطی حامد اقبال کلیمی بن ابن کلیم احسن نظامی
حسن پروانہ روڈ ملتان، پاکستان

اشاعت : بار سوئم

تعداد : پانچ سو (500)

ناشر : خاکپائے کوئے عارفاں محمد رضا فریدی

ملنے کا پتہ : (۱) محمد صابر رضا۔ مدینہ ہاؤس ا۔ پیمبروک ٹیرس ڈنبری ۰۶۸۱۰

Muhammad Sabir Raza
"MADINA HOUSE"
1-Pembrook Terrace,
Danbury, CT 06810, U.S.A.

فون نمبر: 203 - 791 - 9637

(۳) "خانقاہ ابراہیمیہ" درگاہ مولانا مفتی محمد ابراہیم فریدی قدس سرہ
مشکی پیر محلہ کمکران بدایوں یوپی، بھارت

ہدیہ دعائے خیر

عرض حال

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوۡنَ عَلَی النَّبِیِّ ؕ

بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے   درود بھیجتے ہیں نبی کریم پر

یٰٓاَیُّہَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا صَلُّوۡا عَلَیۡہِ وَسَلِّمُوۡا

اے ایمان والو تم بھی درود بھیجو ان پر   اور خوب سلام عرض کرو

تَسۡلِیۡمًا ○

عرصہ دراز سے دلی خواہش تھی کہ دلائل الخیرات شریف جس کو دنیائے تصوف و روحانیت میں نہایت مستند اور جامع کتاب سمجھا جاتا ہے اور جو اہل عشق و محبت کا مقبول اور محبوب وظیفہ ہے اور جس کی شہرت عالم اسلام میں دور دور تک پھیلی ہوئی ہے چھپوا کر محبت والوں کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کروں اس کے مصنف حضرت شیخ الاسلام عارف کامل قطب الاقطاب فرید عصر ابو عبداللہ محمد بن جزولی السملالی قدس سرہ جن کا تعلق سلسلہ شاذلیہ سے ہے نے مسلمانان عالم پر ایک عظیم احسان فرمایا کہ یہ بیش بہا گنجینہ درود شریف تصنیف فرما کر عالم اسلام کے بے نواوں کی تشنگی عشق بجھانے کے واسطے تاقیامت فیضان کا ذریعہ بنایا۔ یہ وظیفہ بارگاہ رسالت مآب رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں باریابی کا نہایت مجرب نسخہ ہے۔ اس موقع پر میں اپنے کرم فرما اور محسن

حضرت شیخ الحدیث و تفسیر فیض ملت علامہ فیض احمد اویسی رضوی مدظلہ العالی بانی جامع اویسہ رضویہ سیرانی روڈ بھاولپور پاکستان کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اس ناچیز کی درخواست کو شرف بازیابی بخشا اور نہایت دل اویز اردو ترجمہ عطا فرمایا نیز عمدہ کتابت میں میری رہنمائی فرمائی۔ اللہ تعالیٰ سے دست بہ دعا ہوں کہ ان جناب کو دونوں جہاں میں عرفان نصیب فرمائے اور سرکار مدینہ سرور عالم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی نسبت کاملہ اور فیضان اویست نصیب فرمائے اللہ تعالیٰ اس مجموعہ کی اشاعت کو بھی قبول فرمائے میری اور آئندہ آنے والی نسلوں کے واسطہ توشہ عاقبت بنائے۔ اس خاک نشین کو دلائل الخیرات کی اجازت مرشدی و مولائی حضرت مولانا مفتی محمد ابراہیم فریدی سمتی پوری ثم البدایونی سے آپ کو حضرت شاہ جعفر علی فریدی قطب سربیلا بہار سے آپ حضرت سلطان المشائخ حافظ فریدالدین آروی سے آپ کو مولانا محمد شکور مچھلی شہری سے آپ کو حضرت سید محمد ابن عبدالرحمان الشریف حسنی مغربی مقلب صاحب دلائل الخیرات سے۔ آپ کو حضرت محمد بن احمد المثنی سے۔ آپ کو حضرت احمد بن الحاج سے۔ آپ کو حضرت احمد مقری سے۔ آپ کو حضرت عبدالقادر فارسی سے۔ آپ کو حضرت احمد بن ابی العاس صمعی سے آپ کو حضرت ہلال سے۔ آپ کو حضرت عبدالعزیز تباعی سے۔ آپ کو حضرت مولف دلائل الخیرات جناب ابو عبداللہ محمد سلیمان جزولی حسنی قطب ربانی سے رحمۃ اللہ علیہم۔ یہ خاک پائے کوئے عارفان اللہ تعالیٰ اس کے عیوب کی پردہ پوشی فرمائے۔ اپنے تمام سنی

بھائیوں کو اجازت عرض کرتا ہے۔

میں اس مجموعہ کو اپنے پیرومرشد حضرت مولانا مفتی محمد ابراہیم فریدی سمستی پوری ثم البدایونی قدس سرہ کی طرف منسوب کرتا ہوں بہ ایں سبب کہ موصوف علیہ الرحمتہ کی دیرینہ خواہش بھی اس نسخہ بابرکت کی طباعت سے وابستہ تھی اور انہیں کی چشم کرم اور توجہ باطنی کے صدقہ اس خاک نشیں کو اس کی طباعت کی سعادت نصیب ہوئی (آمین)

بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم والہ اصحابہ وبارک وسلم

دلائل الخیرات شریف کا دوسرا ایڈیشن ناظرین کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔ پہلے ایڈیشن میں کتابت کی کچھ غلطیاں رہ گئیں تھیں۔ ان کو درست کرنے کی کوشش کی ہے انسان غلطیوں کا پتلا ہے اگر پھر بھی کتابت کی کوئی غلطی زیر زبر کی نظر آئے تو اسے ازراہ کرم اپنے قلم سے خود درست فرمالیجئے۔ اور اگر ہو سکے تو ہدے کو بھی مطالعہ فرمائے آپ کی بڑی نوازش ہوگی اللہ تعالیٰ اس سعی کو قبول فرمائے اور بارگاہ رسالت پناہ سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بھی شرف قبولیت نصیب ہو۔ (آمین)

فقط والسلام

احقر العباد

محمد رضا فریدی عفی عنہ

خاکپائے سگ مدینہ

مختصر حالات

مولانا شاہ عبد الحق الہ آبادی مہاجر مکی قدس سرہٗ

شیخ الدلائل حضرت مولانا شاہ عبد الحق بن یار محمد صدیقی الحنفی، الہ آباد (انڈیا) کے مضافاتی گاؤں نیواں میں پیدا ہوئے۔ سلسلۂ نسب خلیفۂ اول افضل البشر بعد از انبیا حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے جا ملتا ہے۔ آپ نے بچپن ہی سے علم حاصل کیا۔ مولانا تراب علی لکھنوی (ف ۱۲۸۱ھ) سے درسیات پڑھیں اور حضرت مولانا عبد اللہ گورکھپوری سے بیعت کا شرف حاصل کیا۔ پھر دہلی جا کر نواب قطب الدین دہلوی اور دوسرے علما کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کیا۔

۱۲۹۴ھ میں مکۂ مکرمہ کا سفر کیا اور شاہ عبد الغنی (ف ۱۲۹۶ھ) ابن شاہ ابو سعید فاروقی دہلوی (ف ۱۲۵۰ھ) سے فیض حاصل کیا۔ اور روایتِ حدیث اور طریقت میں اجازت حاصل کی۔ پچاس برس تک مکہ مکرمہ میں مسندِ تدریس پر فائز رہ کر علم و فضل کے دریا بہائے اور اکنافِ عالم کے تشنگانِ علم آپ سے سیراب ہوتے۔ اپنی گوناگوں علمی خدمات کی بنا پر شیخ الدلائل کے نام سے مشہور ہوئے۔ آپ کے شاگردوں میں حضرت شاہ ابو الخیر عبد اللہ دہلوی (ف ۱۳۴۱ھ/۱۹۲۳ء) مولانا عبد الاول جونپوری (ف ۱۳۳۶ھ) اور امیرِ ملت پیر سید حافظ جماعت علی شاہ محدث علی پوری (ف ۱۹۵۱ء) بہت مشہور ہوئے۔

آپ بہت بڑے ولی اللہ، عالم باعمل، متقی، شب زندہ دار اور عبادت گزار تھے۔ اہلِ مکہ آپ کو "قطب مکہ مکرمہ" کہا کرتے تھے۔ فاضل بریلوی اعلیٰحضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں (رف ۱۹۲۱ء) دوسرے حج کے موقع پر آپ کی قیام گاہ پر حاضر ہو کر مستفیض ہوئے۔ [1]

حضرت امیرِ ملت محدث علی پوری قدس سرہٗ نے مکہ شریف میں آپ کو احادیث سنا کر اور روایتِ حدیث کی سند حاصل کی اور آپ نے پانی دم کر کے پلایا، کھجور دم کر کے کھلائی اور حدیثِ "اَسْوَدَیْن" کی اجازت عطا کی۔ [2]

اجازتِ حدیثِ "اَسودین" کے بارے میں حضرت امیرِ ملتؒ فرماتے ہیں کہ:

مکہ شریف میں میرے اُستاد حضرت مولانا مولوی الحاج عبدالحق صاحب محدثؒ نے مجھے ایک حدیث شریف کی اجازت دی۔ اس کو حدیثِ "اَسْوَدَیْن" کہتے ہیں یعنی حدیثِ مصافحہ۔

مَنْ صَافَحَنِیْ اَوْ صَافَحَ مَنْ صَافَحَنِیْ اِلٰی یَوْمَ الْقِیَامَۃِ دَخَلَ الْجَنَّۃَ۔

جس نے میرے ساتھ مصافحہ کیا یا اُس شخص کے ساتھ کیا جس نے میرے ساتھ مصافحہ کیا تھا۔ قیامت میں وہ جنت میں داخل ہوگا۔ [3]

---

[1] "تذکرہ علمائے اہلسنت" ص ۱۷۸، "نزہۃ الخواطر" جلد ہشتم ص ۲۴۰، "سیرتِ امیرِ ملت" ص ۹۱، "بجھانے چراغ" از ابوالحسن علی ندوی کراچی ۱۳۹۵ھ ص ۲۴۵، "انوارِ قطبِ مدینہ" ص ۵۰ [2] ایضاً

[3] "سیرتِ امیرِ ملت" ص ۹۱۔

[4] "ملفوظاتِ امیرِ ملت" مطبوعہ قصور ۱۹۲۵ء ص ۱۶۱، "سیرتِ انور" مطبوعہ لاہور ۱۹۴۳ء ص ۵۵

ایک اور مقام پر حضرت امیرِ ملت نے اس اجازتِ حدیث کا واقعہ تفصیل سے بیان کیا اور یہ واقعہ ۱۳۱۰ھ کا ہے جب کہ حضرت حج بیت اللہ کی سعادت اور روضۂ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کے لیے تشریف لے گئے تھے۔ حضرت ارشاد فرماتے ہیں۔

"اسی زمانہ میں حضرت مولانا اُستاذ مولوی عبدالحق محدث الہ آبادی مہاجر مکی کی بھی زیارت فقیر کو نصیب ہوئی۔ اُن کا زُہد و تقویٰ اور خدمتِ اسلام دیکھ کر تمام اہلِ عرب اُن کو قطب تصور کرتے ہیں۔ یہ بھی فقیر کے حال پر بڑی عنایت فرماتے رہے یہاں تک کہ دلائل الخیرات شریف حرف بحرف ان کے پاس پڑھنے کی اور قرآن و حدیث شریف کی اجازت عطا فرمائی۔ چنانچہ آپ کے قلم کا اجازت نامہ اب تک فقیر کے پاس موجود ہے۔ نیز پہلی مجلس میں حدیث مصافحہ کی اجازت عطا فرمائی اور پانی منگوا کر تبرک کر کے پلایا اور کھجوریں دَم کر کے کھلائیں۔" ۵؎

دربارِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ کی وابستگی کا ذکر کرتے ہوئے حضرت امیرِ ملت فرماتے ہیں کہ:۔

"میرے اُستاد حضرت مولانا مولوی عبدالحق صاحب (جو محدث مفسر کے علاوہ قطبِ زمانہ ہیں) نے فرمایا کہ میں مدینہ منورہ میں حاضر تھا۔ ظہر کی نماز پڑھنے کے بعد میرے دل میں خیال آیا کہ میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مہمان ہوں حضرت (صلی اللہ علیہ وسلم) نے میری دعوت نہیں کی۔ یہ خیال اُس وقت آیا جب کہ میں مواجہہ شریف کے سامنے بیٹھا ہوا تھا۔ اِدھر دل میں خیال آیا اُدھر پانچ منٹ نہ گزرے کہ ایک بدو آیا اور کہا کہ مولوی صاحب! آپ

۵؎ ملفوظاتِ امیرِ ملت ص ۲۵

کو آپ کی دعوت ہے۔ میں نے کہا کہ میں کسی کی دعوت نہیں کھایا کرتا۔ اس بدو نے کہا میں اپنی طرف سے نہیں کرتا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کرتے ہیں۔

رمضان شریف کا مہینہ تھا، وہ بدو مغرب کی نماز مسجد نبویؐ میں پڑھ کر مجھے ہمراہ لیکر مدینہ منورہ سے باہر کئی میل دور بطرف شمال، پہاڑ پہ لے گیا۔ اس وقت میری اسّی برس کی عمر تھی۔ بدو نے اپنی عورت سے پوچھا کہ کیا کھانا تیار ہے؟ اس نے کہا نہیں۔ میں نے دل میں خیال کیا کہ روزہ رکھا ہے اتنی دُور سے آگئے ہیں صرف افطار کیا تھا، یہاں پہنچے تو کھانا ندارد۔ معلوم نہیں کہ کیا حال ہوگا؟ اتنے میں بدو باہر آگیا اور ایک پیالہ شہد کا کہ اس میں دودھ، گھی، شکر اور کوئی اور نعمت بھی تھی۔ مجھے دیا۔ جو لذت اس سے مجھے ملی ساری عمر اس سے پہلے یا بعد میں نصیب نہ ہوئی۔ [1]

علماء کہتے ہیں کہ مولوی وہ ہوتا ہے جو بتا کر سمجھائے اور صُوفی وہ ہوتا ہے جو دکھا کر مسئلہ حل کر دے۔ آپ کا تعلق ثانی الذکر گروہ سے تھا، جیسا کہ ذیل کے واقعہ سے ظاہر ہے۔

ایک دفعہ صوفی محمد حسین نامی ایک شخص آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کرنے لگا کہ حدیث شریف میں تو آتا ہے کہ ہمارا مدینہ بھٹی ہے۔ جیسے کہ بھٹی لوہے کے میل کو نکال دیتی ہے ایسے ہی زمین مدینہ نا اہل کو اپنے سے نکال دیتی ہے حالانکہ مرتد اور منافق بھی مدینہ پاک میں مر کر یہیں دفن ہو جاتے ہیں۔ پھر اس حدیث کا مطلب کیا ہے؟ آپ نے اسے کان پکڑ کر نکلوا دیا۔ وہ شخص حیران تھا کہ اسے کس قصور کی وجہ سے نکالا گیا۔ رات کو اس نے خواب میں دیکھا کہ قبرستان مدینہ منورہ یعنی جنت البقیع میں کھدائی ہو رہی ہے اور لاشیں باہر

---

[1] ملفوظات مہر ملت۔ ص ۷۰، ۵۸۔

سے لاشیں آ رہی ہیں اور یہاں سے باہر جا رہی ہیں۔ جب اُن لوگوں سے پوچھا گیا کہ کیا سبب ہے۔ تو وہ بولے کہ جو اہل یہاں دفن ہو گئے ہیں، ان کو باہر پہنچا رہے ہیں اور عشاقِ مدینہ کی اُن دشمنوں کو جو اور جگہ دفن ہو گئے ہیں یہاں لا رہے ہیں۔ وہ شخص دوسرے دن پھر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ نے اُسے دیکھتے ہی فرمایا کہ۔

• اب سمجھے، حدیث کا مطلب یہ ہے، کل تم نے مجھ سے اغیار کی محفل میں اسرار پوچھے تھے جس کی تمہیں سزا دی گئی تھی۔ ؎

گزشتہ صفحات میں ذکر کیا گیا ہے کہ اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خاں بریلوی (ف ۱۹۲۱ء) اپنے دوسرے سفرِ حج میں آپ کی قیام گاہ پر بار بار ملاقات کے لیے جاتے رہے۔ ملفوظات میں آپ کا ذکرِ خیر اس طرح [illegible] ہے۔

• حضرت مولانا عبدالحق الٰہ آبادی کو چالیس برس سے زائد مکۂ معظمہ میں گزر رہے تھے۔ کبھی شریفِ مکہ کے یہاں بھی تشریف نہ لے گئے۔ قیام گاہِ فقیر پر دو بار تشریف لاتے۔ مولانا سید اسماعیل (محافظ کتب خانہ حرم شریف) وغیرہ اُن کے تلامذہ فرماتے ہیں کہ یہ محض خرقِ عادت ہے۔ مولانا کا دم بسا غنیمت تھا۔ ہندی تھے مگر اُن کے انوار مکہ میں چمک رہے تھے۔ التزاماً ہر سال حج کرتے تھے۔ مولانا اسماعیل فرماتے تھے کہ ایک سال حج میں حضرت مولانا عبدالحق صاحب بہت علیل اور صاحبِ فراش تھے۔ نویں تاریخ اپنے تلامذہ سے کہا، مجھے حرم شریف میں لے چلو! کتنی آدمی اُٹھا کر لائے۔ کعبہ معظمہ کے سامنے بٹھایا، زمزم شریف منگا کر پیا اور دُعا کی کہ الٰہی حج سے محروم نہ رکھ۔ اسی وقت مولیٰ تعالیٰ نے ایسی قوت عطا فرمائی کہ اُٹھ کر اپنے پاؤں سے عرفات شریف

؎ تفسیر نعیمی پارہ اوّل از مفتی احمد یار خاں نعیمی مطبوعہ گجرات ص ۷۵۔

آپ نے سند و اجازت دلائل الخیرات شریف حضرت سید علی حریری مدنی قدس سرہٗ اور شیخ محمد المغربی قدس سرہٗ (دونوں بزرگوں) سے حاصل فرمائی۔ لیکن اپنے تلامذہ کو موافق روایت سید علی حریری مدنی قدس سرہٗ ہی اجازت عطا فرماتے تھے۔ آپ کی اجازت مختصراً یہ ہے

"حضرت شاہ عبدالحق الہ آبادی قدس سرہٗ کو عارف باللہ حضرت علامہ شیخ سید علی الحریری المدنی بن یوسف ملک باشتی المدنی قدس سرہٗ سے ہے، ان کو حضرت شیخ السید محمد بن السید احمد المدغری الشریف الحسنی قدس سرہٗ سے ان کو ابی البرکات سیدی محمد بن احمد المثنی قدس سرہٗ سے، ان کو حضرت شیخ احمد بن الحاج قدس سرہٗ سے ان کو حضرت شیخ سیدی احمد المقری قدس سرہٗ سے، ان کو حضرت سیدی عبدالقادر الفاسی قدس سرہٗ سے، ان کو حضرت شیخ سیدی احمد بن ابی العباس الصمعی قدس سرہٗ سے ان کو شیخ سیدی السملالی قدس سرہٗ سے، ان کو حضرت شیخ سیدی عبدالعزیز التباع قدس سرہٗ سے ان کو مؤلف دلائل الخیرات شریف قطب ربانی حضرت شیخ السید محمد ابن سلیمان الجزولی قدس سرہٗ سے"۔ ۹؎

آپ کی تصانیف میں "الاکلیل علی مدارک التنزیل" (قرآن پاک کی تفسیر) "التعلیقات علی النور المختار" "الکنز الاکبر شرح فقہ الاکبر" (فقہ) "القول المستطاب فی حکم مولد النبی الاعظم (صلی اللہ علیہ وسلم)" اور "مسائل نہایۃ الامل فی مسائل الحج الجلیل" مشہور و معروف ہیں۔

۱۹ شوال المکرم ۱۳۳۳ھ / ۲۷ اگست ۱۹۱۵ء کو مکہ مکرمہ میں آپ کا وصال ہوا اور جنت المعلیٰ میں حضرت مولانا رحمت اللہ کیرانوی (ف ۱۳۰۸ھ / ۱۸۹۰ء) کے پہلو میں سپرد خاک ہوئے۔ ۱۰؎

۸؎ الملفوظ حصہ دوم از مفتی اعظم مصطفیٰ رضا خاں مطبوعہ مدینہ پبلشنگ کمپنی کراچی ص ۲۱۔

۹؎ انوار قطب مدینہ از خلیل احمد رانا مطبوعہ لاہور ۱۹۸۳ء ص ۱۴۷

۱۰؎ تذکرہ علمائے اہلسنت" ص ۲۰۷، پرانے چراغ" ص ۱۳۸، فقیہ اسلام" ص ۱۵۳، نزہۃ الخواطر

مصنفؒ دلائل الخیرات شریف کے

مختصر سوانح حیات

دلائل الخیرات شریف کے عظیم مصنف کا اسم گرامی الشیخ الامام العارف الکامل قطب الاقطاب فرید العصر ابو عبداللہ محمد بن سلیمان الجزولی السملالی ہے۔ آپ حسنی سادات سے تھے اور اکیس واسطوں سے آپ کا سلسلہ نسب حضرت سیدنا امام حسن بن علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ رضی اللہ عنہ و منھم اجمعین سے جاملتا ہے آپ کے والد قبیلہ جزولہ اور سملالہ کے امیر لوگوں میں شمار کیے جاتے تھے۔ جن کی سکونت ضلع سوس اقصیٰ ملک بربر افریقہ تھی۔ آپ نے مدینہ فاس میں علم حاصل کیا اور جامعہ قرویتیین کے کتب خانہ میں سالہا سال عزلت گزینی اور مطالعہ کے بعد آپ نے دلائل الخیرات کو مرتب کیا پھر آپ فاس سے ساحلی علاقہ کی طرف تشریف لائے اور وہاں کے عارف کامل شیخ ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ کے دست حق پرست پر بیعت کی۔ پھر ریاضت و عبادت کے لئے آپ چودہ سال خلوت گزین رہے۔ اس طویل خلوت میں مدارج سلوک طے کرنے کے بعد دین کی تبلیغ اور نشرواشاعت کے لئے آپ نے جلوت اختیار کی بے شمار لوگ آپ کے دست حق پرست پر تائب ہوئے اور آپ کا چرچا اکناف عالم میں پہنچ گیا اور آپ سے بے شمار کرامات اور عظیم خوارق رونما ہوئے۔ آپ کے اوصاف و کمالات میں غور و فکر کرنے سے عقل انسانی دنگ رہ جاتی ہے آپ کتاب و سنت کے سختی سے پابند تھے اور ہمہ وقت اوراد و وظائف میں مشغول رہتے۔ آسفی شہر کے والی نے آپ

کو دہاں سے نکال دیا۔ آپ نے موضع آفرغال جو مطرازہ کے علاقوں میں ایک مشہور بستی ہے وہاں آکر اقامت اختیار کی اور اپنے مریدین کی تربیت میں مشغول رہنے لگے۔ آپ کی برکت سے ان کے دل انوار الہی سے جگمگانے لگے اور اسرار و معارف تصوف ان پر آشکارا ہونے لگے۔ آپ ہی کی برکت سے تمام بلاد مغرب میں لوگوں کے دلوں میں اللہ تعالےٰ کے ذکر اور حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پر درود سلام پڑھنے کا شوق بے پایاں پیدا ہوا۔ آپ کی شہرت ملک کے کونے کونے میں پہنچی اور آپ کے معتقدین بستی بستی میں پائے جانے لگے آپ کی برکت سے ملک اور اہل ملک کو حیات نوارزانی ہوئی اور طریقہ تصوف جو اس علاقہ میں مٹ چکا تھا پھر زندہ ہوگیا۔ آپ کے خلفاء میں ایسے ایسے کامل بزرگ تھے جنہوں نے اس سلسلہ کے فیض کو دور دراز علاقوں تک پہنچایا ان میں سے ایک بزرگ ابو عبداللہ محمد الصغیر السہلی ' دوسرے الشیخ محمد عبدالکریم المنزاری بہت مشہور ہیں آپ کی اور آپ کے مخلص تلامذہ کی کوششوں سے معرفت الہی کا نور عام ہوا اور دلوں کی دنیا اس کے انوار سے جگمگانے لگی۔ بارہ ہزار چھ سو پینسٹھ (۱۲۶۶۵) آپ کے وہ کامل مرید تھے جو مقام ولایت پر فائز ہوئے۔ زہر خورانی سے آپ کا وصال صبح کی نماز کی پہلی رکعت کے دوسرے سجدہ میں یا دوسری رکعت کے پہلے سجدہ میں ہوا۔ ربیع الاول کی ۲۶ تاریخ تھی اور ۸۷۰ھ تھا۔ آپ کو آپ کی مسجد کے صحن میں نماز ظہر کے بعد دفن کیا گیا۔ آپ کی کوئی اولاد نرینہ نہ تھی۔

آپ کے وصال کے ستتر(۷۷) سال بعد آپ کے جسم مبارک کو سوس سے مراکش منتقل کیا گیا اور ریاض العروس کے مقبرہ میں آپ کو دفن کیا گیا اور آپ کے مرقد پر روضہ تعمیر ہوا۔

ستتر(۷۷) سال کے بعد جب آپ کو آپ کی قبر سے نکالا گیا تو آپ کا جسم بالکل ترو تازہ تھا جیسے آج ہی ان کو دفن کیا گیا ہو۔ زمین نے آپ پر کوئی اثر نہ کیا تھا اور اتنی طویل مدت کے بعد آپ کے جسم پر کوئی تغیر ظہور پذیر نہیں ہوا۔ آپ کی داڑھی مبارک اور سر مبارک کے بال ایسے تھے جیسے آج ہی کسی حجام نے حجامت بنائی ہو۔ بعض لوگوں نے آپ کے چہرے پر انگلی رکھ کر دبائی' خون وہاں سے ہٹ گیا اور جب انگلی اٹھائی تو خون اپنی جگہ پر لوٹ آیا جس طرح زندہ آدمی کے ساتھ ہوا کرتا ہے۔

آپ کا مزار پر انوار مراکش میں ہے جس پر بہار رعب و جلال کا سماں طاری ہے۔ لوگ زیارت کے لئے جوق در جوق حاضر ہوتے ہیں اور دلائل الخیرات بکثرت پڑھی جاتی ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پر آپ کے بکثرت درود پڑھنے سے آپ کی قبر سے کستوری کی خوشبو آتی ہے۔ آپ کا تعلق سلسلہ شاذلیہ سے ہے۔ دلائل الخیرات کے علاوہ تصوف میں آپ کی بہت سی تصنیفات ہیں۔

فقط والسلام

محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہ

۲۳ شوال المکرم ۱۴۰۷ھ

آداب تلاوت دلائل الخیرات

حضرت مولانا عبد الحق الہ آبادی ثم المکی شیخ الدلائل قدس سرہ نے فرمایا

(۱) دلائل الخیرات ایسے ہی ہر درود خواں کا کپڑا اور بدن اور مکان پاک ہو مسواک و وضو بشرط مانع تیمم کرے تاکہ ظاہر و باطن کی صفائی ہو بلا طہارت تلاوت و قرأۃ ادب کے خلاف ہے۔

(۲) قبلہ رُخ مصلیٰ پر بیٹھ کر بآواز بلند یا آہستہ بشوق و ذوق تمام اور بکمال حضور اور خلوص قلب ہو۔

(۳) مراقبہ یعنی دل حاضر اور غفلت زائل ہو اور ہر طرف سے دل کو جمیع افکار و حواس ظاہریہ و باطنیہ سے ہٹا کر پڑھے۔

(۴) ریاء و سمعہ (شہرت) کی نیت نہ ہو کیونکہ حدیث شریف میں ہے اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ، نیتوں پر اعمال کا دار و مدار ہے یعنی اس نیت سے پڑھے کہ اللہ تعالیٰ راضی ہو اور آخرت میں ثواب نصیب ہو اور حضور نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت نصیب ہو۔

(۵) ظاہر و باطن دونوں برابر ہوں یعنی جسطرح زبان سے درود پڑھے دل بھی اسی میں لگائے اس لئے کہ ذکر زبانی بلا حضوری قلب مفید نہیں ہے۔

(۶) درود پڑھتے وقت ایسا سمجھے کہ حضور سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے اور آپکے حضور میں درود پڑھ رہا ہے۔ اور آپ اس کے پاس تشریف لائے ہیں اور بگوش حق نیوش خود بلا واسطہ اس کے درود کو سن رہے ہیں۔

(۷) رقت قلب ہو خضوع اور خشوع کے ساتھ ہو۔
(۸) تعلق قلب اللہ پاک کی طرف ہو اُس کے ماسویٰ اسے قطع نظر کر کے
(۹) درود پڑھتے وقت کسی سے بات نہ کرے۔
(۱۰) جس جگہ پر نجاست پلیدی یا اور کسی طرح کی بد بو ہو وہاں درود نہ پڑھے۔
(۱۱) ہنسی ٹھٹھہ اور پلیدیوں کے دیکھنے کے وقت درود پڑھنے میں کفر کا خطرہ ہے۔
(۱۲) وطی کے وقت مکروہ بلکہ نہایت بے ادبی اور گستاخی ہے۔
(۱۳) بول و براز کے وقت بھی مکروہ ہے۔
(۱۴) وقت کسی گناہ کے وقت بھی درود نہ پڑھنا چاہیئے۔
(۱۵) جہاں ناچ رنگ ہوتا ہے وہاں بھی درود نہ پڑھے۔

قرأہ دلائل الخیرات کا طریقہ

حضرت مولانا عبدالحق شیخ الدلائل قدس سرہ نے فرمایا کہ جو شخص ایک حزب روزانہ پڑھنے کے ارادے سے شروع کرے اور بعد دعائے افتتاح کے جو کہ اول میں مرقوم ہے خطبہ دلائل پڑھے جب قولہ صلوا علیہ وسلموا تسلیما تک پہنچے تو ذرا ٹھہرے اور کہے لبیک پھر کہے اسماء سیدنا و نبینا مولانا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مثنان و واحد وہی ہذا

"اللھم صل وسلم وبارک علیٰ سیدنا ونبینا ومولانا محمد صلی اللہ علیہ وسلم وسیدنا احمد صلی اللہ علیہ وسلم"

اسی طرح آخر اسمائے شریف تک یعنی ہر اسم پاک کے اول لفظ سیدنا اور آخر میں ہر اسم پاک کے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پڑھا جاوے اور اسی طرح اول کتاب سے آخر تک جس مقام پر آپ کا اسم پاک یا کسی پیغمبر یا کسی فرشتے کا ہو اس کے اول میں لفظ سیدنا کہا کرے ضروری ہے۔ وہ حدیثیں جو بعد خطبہ قبل اسمائے شریف حضور کے فضائلِ درود میں لکھی ہیں ان کا پڑھنا ضروری نہیں۔ فضائلِ درود اور ازدیادِ رغبت درود خوانی جاننے کے لئے پڑھ لیا جائے۔

روزانہ ایک حزب پڑھنے والے کو چاہیئے کہ بروز دوشنبہ (پیر) پہلے دُعائے افتتاح صفحہ ۱۹ تا صفحہ ۲۲ پڑھے پھر خطبۂ دلائلُ الخیرات صفحہ ۲۲ تا صفحہ ۲۶ اور جب صلّوا علیہ وسلّم وتسلیما تک پہنچے تو ذرا ٹھہرے اور کہے لبّیکؒ پھر اسماء النبی صلّی اللہ علیہ وسلّم صفحہ ۵۰ تا صفحہ ۷۶ پڑھے اور اُس کے بعد حزبِ اوّل صفحہ ۸۸ تا صفحہ ۱۱۸ پڑھ کر پیر کی حزب ختم کرے۔

ہفتہ وار حزب مکمل ہونے پر جب یکشنبہ (اتوار) کی حزب ختم کرے تو پھر پیر (دوشنبہ) کو پہلے حزب الثامن (آٹھویں) ختم کرے آخر تک پھر اُسی دن یعنی پیر (دوشنبہ) کو حزبِ اوّل صفحہ ۸۸ تا صفحہ ۱۱۸ تک پڑھے ہفتہ میں ہر روز کی حزب پڑھنے سے پہلے اسماء النبی صلّی اللہ علیہ وسلم پڑھنا زیادہ افضل ہے۔

دلائل الخیرات کے ورد کا دوسرا طریقہ جو بزرگانِ قادریہ سے منقول ہے وہ یہ ہے کہ دلائل الخیرات کو منگل سے شروع کریں۔ منگل کے دن ابتدائیہ دعا دلائل الخیرات اور اسماء حسنی اور اسماء نبی صلی اللہ علیہ وسلم پڑھ کر پہلا حزب صلے اللہ علی سیدنا سے حزبِ دوم کے حتی تبلغني اجلی معانی صفحہ تا تک پڑھے۔ بدھ کو اللھم صل علی محمد سے شروع کرے اور حزب سوم کے الحمد للہ رب العالمین صفحہ تا تک پڑھے۔ جمعرات کو حزب سوم کے اللھم صل وسلم سے حزب چہارم کے ربنا انك روئف رحیم صفحہ تا تک پڑھے۔ جمعہ کو حزب چہارم کے اللھم صل علی النبی الھاشمی سے حزب ششم کے والحمد للہ رب العالمین صفحہ تا تک پڑھے سنیچر کو حزب ششم اللھم رب الارواح والاجساد البالیۃ سے حزب ششم کے واخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین صفحہ تا تک پڑھے اتوار کو حزب ششم کے فاسئلک یا اللہ یا اللہ یا اللہ سے حزب ہفتم کے لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم صفحہ تا تک پڑھے پیر کو حزب ہفتم کے اللھم صل علی محمد سے آخر دلائل الخیرات یعنی حزب ہشتم کے بفضلک یارحمٰن تک پڑھے۔ ہر روز کے ختم پر دعائے ختم دلائل الخیرات پڑھے۔ پڑھ کے آنکھیں بند کریں اور سید عالم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کا تصور کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جملہ خانوادوں کے نزدیک دلائل الخیرات پڑھنے کی ترتیب

مشائخ چشت اہل بہشت کے نزدیک جو حزب روزانہ پڑھی جاتی ہے

دن	حزب	صفحہ تا صفحہ
سوموار	ربع	۱۷۰ تا ۲۰۲
منگل	خمس	۲۰۲ تا ۲۳۰
بدھ	سادس	۲۳۰ تا ۲۶۴
جمعرات	سبع	۲۶۴ تا ۳۰۶
جمعہ	حزب الثامن	۳۰۶ تا ۳۳۰
•	حزب الثانی	۱۱۰ تا ۱۳۰
•	حزب الاول	۸۰ تا ۱۱۰
سنیچر	حزب الثانی	۱۱۰ تا ۱۳۰
اتوار	حزب الثالث	۱۳۰ تا ۱۶۹

دوسرے خانوادوں کے نزدیک جو حزب روزانہ پڑھی جاتی ہے۔

دن	حزب	صفحہ تا صفحہ
سوموار	اول	۸۰ تا ۱۱۰
منگل	دوئم	۱۱۰ تا ۱۳۰
بدھ	سوئم	۱۳۰ تا ۱۶۹
جمعرات	چہارم	۱۷۰ تا ۲۰۲
جمعہ	چہارم	۱۶۹ تا ۲۰۲
•	پانچویں	۲۰۲ تا ۲۳۰
•	چھٹی	۲۳۰ تا ۲۳۴
سنیچر	چھٹی	۲۳۰ تا ۲۶۴
اتوار	ساتویں	۲۶۴ تا ۳۰۶
سوموار	آٹھویں	۳۰۶ تا ۳۳۰

سوموار کے دن آٹھویں حزب ختم کرکے پھر پہلی حزب سوموار والی صفحہ ۸۰ تا صفحہ ۱۱۰ مکمل پڑھی ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلرَّحْمٰنُ جَلَّ جَلَالُہٗ

خدا جل جلالہٗ بڑا مہربان جل جلالہٗ

اَلرَّحِیْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمَلِکُ جَلَّ جَلَالُہٗ

نہایت رحم والا جل جلالہٗ سب کا بادشاہ جل جلالہٗ

اَلْقُدُّوْسُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلسَّلَامُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بہت پاک جل جلالہٗ سلامتی والا جل جلالہٗ

اَلْمُؤْمِنُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُھَیْمِنُ جَلَّ جَلَالُہٗ

امن میں رکھنے والا جل جلالہٗ سب کا نگہبان جل جلالہٗ

اَلْعَزِیْزُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْجَبَّارُ جَلَّ جَلَالُہٗ

سب پر غالب جل جلالہٗ بڑا زبردست جل جلالہٗ

اَلْمُتَکَبِّرُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْخَالِقُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بزرگی والا جل جلالہٗ پیدا کرنے والا جل جلالہٗ

اَلْبَارِیُٔ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُصَوِّرُ جَلَّ جَلَالُہٗ

عالم کا بنانے والا جل جلالہٗ صورت بنانے والا جل جلالہٗ

اَلْغَفَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْقَهَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ
بڑا بخشنے والا جل جلالہٗ	بڑا غلبے والا جل جلالہٗ
اَلْوَهَّابُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلرَّزَّاقُ جَلَّ جَلَالُهٗ
بہت دینے والا جل جلالہٗ	بڑا روزی رساں جل جلالہٗ
اَلْفَتَّاحُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْعَلِيْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ
رزق کا کھولنے والا جل جلالہٗ	بڑا جاننے والا جل جلالہٗ
اَلْقَابِضُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْبَاسِطُ جَلَّ جَلَالُهٗ
بند کرنے والا جل جلالہٗ	کھولنے والا جل جلالہٗ
اَلْخَافِضُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلرَّافِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ
پست کرنے والا جل جلالہٗ	بلند کرنے والا جل جلالہٗ
اَلْمُعِزُّ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْمُذِلُّ جَلَّ جَلَالُهٗ
عزت دینے والا جل جلالہٗ	ذلت دینے والا جل جلالہٗ
اَلسَّمِيْعُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْبَصِيْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ
بڑا سننے والا جل جلالہٗ	بڑا دیکھنے والا جل جلالہٗ
اَلْحَكَمُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْعَدْلُ جَلَّ جَلَالُهٗ
بڑا فیصلہ کرنے والا جل جلالہٗ	بڑی داد دینے والا جل جلالہٗ

اَللَّطِيْفُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْخَبِيْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ
بڑا لطف کرنے والا جلّ جلالہٗ	بڑا خبردار جلّ جلالہٗ
اَلْحَلِيْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْعَظِيْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ
بڑا حوصلہ والا جلّ جلالہٗ	بڑی عظمت والا جلّ جلالہٗ
اَلْغَفُوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلشَّكُوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ
بڑا پردہ پوش جلّ جلالہٗ	شکر گزاروں کا قدردان جلّ جلالہٗ
اَلْعَلِيُّ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْكَبِيْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ
بلند قدر جلّ جلالہٗ	بہت بڑا جلّ جلالہٗ
اَلْحَفِيْظُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْمُقِيْتُ جَلَّ جَلَالُهٗ
سب کا نگہبان جلّ جلالہٗ	سب کو قوت دینے والا جلّ جلالہٗ
اَلْحَسِيْبُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْجَلِيْلُ جَلَّ جَلَالُهٗ
ہر ایک کو کافی جلّ جلالہٗ	جاہ و جلال والا جلّ جلالہٗ
اَلْكَرِيْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلرَّقِيْبُ جَلَّ جَلَالُهٗ
بڑے کرم والا جلّ جلالہٗ	سب کا نگہبان جلّ جلالہٗ
اَلْمُجِيْبُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْوَاسِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ
دعائیں قبول کرنے والا جلّ جلالہٗ	وسعت بخشنے والا جلّ جلالہٗ

اَلْحَکِیْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ　اَلْوَدُوْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بڑا ہی حکمت والا جلّ جلالہٗ　محبت کرنے والا جلّ جلالہٗ

اَلْمَجِیْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ　اَلْبَاعِثُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بزرگی والا جلّ جلالہٗ　پیغمبروں کو بھیجنے والا جلّ جلالہٗ

اَلشَّہِیْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ　اَلْحَقُّ جَلَّ جَلَالُہٗ

ہر شے پر موجود (حاضر) جلّ جلالہٗ　حق جلّ جلالہٗ

اَلْوَکِیْلُ جَلَّ جَلَالُہٗ　اَلْقَوِیُّ جَلَّ جَلَالُہٗ

سب کا کارساز جلّ جلالہٗ　زبردست طاقت والا جلّ جلالہٗ

اَلْمَتِیْنُ جَلَّ جَلَالُہٗ　اَلْوَلِیُّ جَلَّ جَلَالُہٗ

نہایت مضبوط جلّ جلالہٗ　سب کا مددگار جلّ جلالہٗ

اَلْحَمِیْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ　اَلْمُحْصِیْ جَلَّ جَلَالُہٗ

سراہا ہوا جلّ جلالہٗ　گھیرنے والا جلّ جلالہٗ

اَلْمُبْدِئُ جَلَّ جَلَالُہٗ　اَلْمُعِیْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ

تخلیق کا آغاز کرنے والا جلّ جلالہٗ　لوٹانے والا جلّ جلالہٗ

اَلْمُحْیِیْ جَلَّ جَلَالُہٗ　اَلْمُمِیْتُ جَلَّ جَلَالُہٗ

زندگی بخشنے والا جلّ جلالہٗ　موت دینے والا جلّ جلالہٗ

اَلْحَیُّ جَلَّ جَلَالُہٗ　　　اَلْقَیُّوْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ

حقیقی حیات والا جل جلالہٗ　　　سب کو قائم رکھنے والا جل جلالہٗ

اَلْوَاجِدُ جَلَّ جَلَالُہٗ　　　اَلْمَاجِدُ جَلَّ جَلَالُہٗ

تلاش والوں کو پانے والا جل جلالہٗ　　　بزرگ جل جلالہٗ

اَلْوَاحِدُ جَلَّ جَلَالُہٗ　　　اَلْاَحَدُ جَلَّ جَلَالُہٗ

تنہا جل جلالہٗ　　　یکتا جل جلالہٗ

اَلصَّمَدُ جَلَّ جَلَالُہٗ　　　اَلْقَادِرُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بے نیاز جل جلالہٗ　　　قدرت والا جل جلالہٗ

اَلْمُقْتَدِرُ جَلَّ جَلَالُہٗ　　　اَلْمُقَدِّمُ جَلَّ جَلَالُہٗ

تقدیر ساز جل جلالہٗ　　　آگے کرنے والا جل جلالہٗ

اَلْمُؤَخِّرُ جَلَّ جَلَالُہٗ　　　اَلْاَوَّلُ جَلَّ جَلَالُہٗ

پیچھے ہٹانے والا جل جلالہٗ　　　سب سے پہلے (بلا ابتداء) جل جلالہٗ

اَلْاٰخِرُ جَلَّ جَلَالُہٗ　　　اَلظَّاهِرُ جَلَّ جَلَالُہٗ

سب سے آخر (بلا انتہا) جل جلالہٗ　　　ظاہر جل جلالہٗ

اَلْبَاطِنُ جَلَّ جَلَالُہٗ　　　اَلْوَالِیُ جَلَّ جَلَالُہٗ

مخفی جل جلالہٗ　　　سب کا مالک جل جلالہٗ

اَلْمُتَعَالِیْ جَلَّ جَلَالُہٗ   اَلْبَرُّ جَلَّ جَلَالُہٗ

برتر جل جلالہٗ   محسن و مہربان جل جلالہٗ

اَلتَّوَّابُ جَلَّ جَلَالُہٗ   اَلْمُنْتَقِمُ جَلَّ جَلَالُہٗ

توبہ قبول کرنے والا جل جلالہٗ   بدلہ لینے والا جل جلالہٗ

اَلْعَفُوُّ جَلَّ جَلَالُہٗ   اَلرَّءُوْفُ جَلَّ جَلَالُہٗ

معاف کرنے والا جل جلالہٗ   نہایت مہربان جل جلالہٗ

مَالِكُ الْمُلْكِ جَلَّ جَلَالُہٗ   ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ جَلَّ جَلَالُہٗ

تمام ممالک کا مالک جل جلالہٗ   بزرگی اور انعام و اکرام والا جل جلالہٗ

اَلْمُقْسِطُ جَلَّ جَلَالُہٗ   اَلْجَامِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ

انصاف کرنے والا جل جلالہٗ   قیامت میں سب کو جمع کرنے والا جل جلالہٗ

اَلْغَنِیُّ جَلَّ جَلَالُہٗ   اَلْمُغْنِیْ جَلَّ جَلَالُہٗ

غنی جل جلالہٗ   غنی کرنے والا جل جلالہٗ

اَلْمُعْطِیْ جَلَّ جَلَالُہٗ   اَلْمَانِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ

عطا کرنے والا جل جلالہٗ   روکنے والا جل جلالہٗ

اَلضَّآرُّ جَلَّ جَلَالُہٗ   اَلنَّافِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ

ضرر پہنچانے والا جل جلالہٗ   نفع رساں جل جلالہٗ

اَلْنُّوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْهَادِیْ جَلَّ جَلَالُهٗ

نور بخشنے والا جل جلالہٗ راہ دکھانے والا جل جلالہٗ

اَلْبَدِیْعُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْبَاقِیْ جَلَّ جَلَالُهٗ

از سر نو بنانے والا جل جلالہٗ ہمیشہ بقا والا جل جلالہٗ

اَلْوَارِثُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلرَّشِیْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ

سب کا مالک جل جلالہٗ سب کا رہنما جل جلالہٗ

اَلصَّبُوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ

بہت بڑا بردبار جل جلالہٗ

تَمَّتْ

بِالْخَیْرِ وَالْعَافِیَةِ

وَاِذَا رَاَیْتَ النَّفْسَ مِنْكَ تَحَكَّمَتْ ○

اور جس وقت تم دیکھو کہ نفس تم پر جبر کرتا ہے اور ایسے ہو گیا ہے کہ وہ

وَغَدَتْ تَقُوْدُكَ فِیْ لَظَی الشَّهَوَاتِ ○

تمہیں لذات کے شعلوں کی طرف کھینچتا ہوا لے جاتا ہے کو دور کرو

فَاصْرِفْ هَوَاهَا بِالصَّلٰوةِ مُوَاظِبًا ○

تو صلوٰۃ و سلام کے ذریعے اسے ہمیشہ دور رکھو۔

لَا سِيَّمَا بِدَلَائِلِ الْخَيْرَاتِ ○

بالخصوص دلائل الخیرات شریف کے وظیفہ کے ذریعے سے

بِدَلَائِلِ الْخَيْرَاتِ كُنْ مُتَمَسِّكًا ○

دلائل الخیرات شریف کے وظیفہ پر تمسک کرنیوالا ہو

وَالْزِمْ قِرَاءَتَهَا تَنَلْ مَا تَبْتَغِيْ ○

اسپر التزام رکھو وہی پائے گا جو تو چاہتا ہے

فَشَوَارِقُ الْأَنْوَارِ لَائِحَةٌ بِهَا ○

نور کے چمکار اس سے چمکتے ہیں.

فَالتَّرْكُ مِنْكَ لَهَا أَخِيْ لَا يَنْبَغِيْ ○

اسی لئے اے میرے بھائی اس کا ترک اچھی بات نہیں.

۷۸۷ / اجازت نامہ / ۹۲

مصنف دلائل الخیرات نے احمد کو انہوں نے سید عبد الرحمٰن کو انہوں نے شیخ احمد نخلی کو انہوں نے شیخ ابو طاہر کو انہوں نے شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کو انہوں نے شاہ عبد العزیز محدث دہلوی کو انہوں نے شاہ آل رسول مارہروی کو انہوں نے شاہ ابو الحسین نوری کو انہوں نے اعلیٰحضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی کو انہوں نے مفتی اعظم ہند شاہ محمد مصطفےٰ رضا [illegible] نے فقیر اویسی غفرلہ کو اور فقیر تمام سنی بریلوی کو اس کے پڑھنے کی اجازت عرض کرتا ہے فقط السلام محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہ

بہاولپور ۸ ذوالحجہ ۱۴۱۶ھ پاکستان

دلائل الخیرات

دُعَآءُ الْاِفْتِتَاح

دلائل الخیرات شریف کو شروع کرنے سے پہلے یہ دعا پڑھی جائے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اللہ تعالےٰ کے پاک نام سے شروع جو رحم کرنے والا اور مہربان ہے

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَ

اللہ تعالےٰ ہمارے سردار حضرت محمد مصطفےٰ اور آپ کی آل اور

صَحْبِهٖ وَسَلَّمَ ○ اِلٰهِىْ بِجَاهِ نَبِيِّكَ

آپکی اصحاب پر صلوٰۃ و سلام بھیجے - اے اللہ تعالےٰ اپنے نبی علیہ السلام

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کے اس مرتبہ کے طفیل جو ہمارے سردار حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا

عِنْدَكَ وَمَكَانَتِهٖ لَدَيْكَ وَمَحَبَّتِكَ لَهٗ

تیرے نزدیک ہے اور تیری اس محبت کے طفیل جو آپکے ساتھ تجھے ہے

وَمَحَبَّتِهٖ لَكَ ۝ وَبِالسِّرِّ الَّذِيْ بَيْنَكَ

اور آپ کی محبت کے طفیل جو انہیں تیرے ساتھ اور اس راز دنیاز کے طفیل

وَبَيْنَهٗ ۝ اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ وَتُسَلِّمَ عَلَيْهِ

جو تیرے اور ان کے درمیان ہے میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو ان پر صلوٰۃ

وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَضَاعِفِ اللّٰهُمَّ مَحَبَّتِيْ

وسلام بھیج اور آپ کی آل اور اصحاب پر بھی اور اے اللہ آپ کے ساتھ میری محبت

فِيْهِ وَعَرِّفْنِيْ بِحَقِّهٖ وَرُتَبِهٖ وَوَفِّقْنِيْ

میں اضافہ فرما اور مجھے آپ کے مراتب کا عرفان نصیب فرما اور مجھے

لِاتِّبَاعِهٖ وَالْقِيَامِ بِاَدَبِهٖ وَسُنَّتِهٖ وَاجْمَعْنِيْ

آپ کی اتباع اور آپ کے آداب اور آپ کی سنت پر عمل کرنے کی توفیق

عَلَيْهِ وَمَتِّعْنِيْ بِرُؤْيَتِهٖ وَاَسْعِدْنِيْ

بخش اور آپ سے مجھے اطمینانِ قلبی نصیب فرما اور آپ کے دیدار سے مجھے سرشار فرما

بِمُكَالَمَتِهٖ وَارْفَعْ عَنِّي الْعَوَائِقَ وَالْعَلَائِقَ

اور مجھے آپ سے ہمکلامی کا شرف بخش اور رد کرنے والی اور تمام علائق

وَالْوَسَآئِطَ وَالْحِجَابَ وَشَنِّفْ سَمْعِيْ مَعَهٗ

اور واسطے مجھ سے اٹھالے اور میرے کانوں کو سنا آپ کے ساتھ

بِلَذِيذِ الْخِطَابِ ○ وَهَيِّئْنِي لِلتَّلَقِّي مِنْهُ

میٹھی میٹھی باتوں کا مزہ اور مجھے آپ سے ملاقات کی استعداد عطا

وَاَهِّلْنِي لِخِدْمَتِهِ ○ وَاجْعَلْ صَلٰوتِي عَلَيْهِ

فرما اور مجھے آپ کی خدمت کے لائق بنا اور آپ پر میرا درود بنا دے

نُوْرًا نَيِّرًا كَامِلًا مُّكَمَّلًا طَاهِرًا مُّطَهِّرًا

چمکتا ہوا نور۔ کامل، مکمل، طاہر، مطہر

مَّاحِيًا كُلَّ ظُلْمٍ وَّظُلْمَةٍ وَّشَكٍّ وَّشِرْكٍ

مٹانے والا ہر ظلم و ظلمت اور شک و شرک

وَّكُفْرٍ وَّزُوْرٍ وَّوِزْرٍ وَّاجْعَلْهَا سَبَبًا

اور فریب اور گناہ کا اور اسے سبب بنا

لِّلتَّمْحِيْصِ وَمَرْقٰى لِاَنَالَ بِهَا اَعْلٰى

خلوص اور ترقی کا تاکہ میں اس کے ذریعے پہنچ جاؤں

مَقَامِ الْاِخْلَاصِ وَالتَّخْصِيْصِ حَتّٰى لَا

اخلاص و تخصیص کے اعلیٰ مقام تک یہاں تک کہ

يَبْقٰى فِيَّ رَبَّانِيَّةٌ لِّغَيْرِكَ وَحَتّٰى اَصْلُحَ

باقی نہ رہے میرے میں صلاحیت تیری عبادت کے بغیر اور یہاں تک بھی لائق ہو

لِحَضْرَتِكَ وَاَكُوْنَ مِنْ اَهْلِ خُصُوْصِيَّتِكَ

تیری درگاہ کے اور ہو جاؤں تیرے مخصوص بندوں میں سے

مُسْتَمْسِكًا بِاٰدَابِهٖ وَسُنَّتِهٖ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ادب و سنّت کو مضبوطی سے پکڑنے والا ہوں

وَاَصْحَابِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ اَجْمَعِيْنَ فِيْ كُلِّ وَقْتٍ

اللہ تعالےٰ آپ اور آپ کی آل پر اور آپ کی اصحاب پر اور آپکی اہل بیت

وَّحِيْنٍ ۝ يَا اَللّٰهُ يَا نُوْرُ يَا حَقُّ يَا مُبِيْنُ ۝ ثَلٰثًا ۝

تمام پر ہر وقت صلوٰۃ وسلام بھیجے۔ اور ہر گھڑی اے اللہ اے حق اے نور اے مبین (تین بار)

مُقَدِّمَه

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

تمام تعریفیں اللہ تعالےٰ کیلئے ہیں اور صلوٰۃ وسلام ہوں ہمارے سردار حضرت محمد مصطفےٰ (صلی اللہ علیہ

وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ ۝ قَالَ الشَّيْخُ الْاِمَامُ الْوَلِيُّ

وآلہ وسلم) پر اور آپکی آل پر اور آپکے صحابہ پر۔ شیخ امام بڑے ولی اللہ

الْكَبِيْرُ الْقُطْبُ الشَّهِيْرُ سُلْطَانُ الْمُقَرَّبِيْنَ

قطبِ وقت مشہورِ زمانہ تمام مقرب اولیاء کے سلطان

وَقُطْبُ دَآئِرَةِ الْمُحَقِّقِيْنَ ○ وَسَيِّدُ

اور دائرہ محققین کے قطب

الْعَارِفِيْنَ ○ صَاحِبُ الْكَرَامَاتِ الظَّاهِرَةِ

عارفین کے سردار صاحب کرامات ظاہرہ

وَالْاَسْرَارِ الْبَاهِرَةِ ○ سَيِّدِىْ اَبُوْعَبْدِ اللّٰهِ

اور روشن اسرار والے میرے سردار ابو عبد اللہ

مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمٰنَ الْجَزُوْلِىُّ رَضِىَ اللّٰهُ

جنکا اسم گرامی محمد جناب سلیمان کے صاحبزادے جزول والے

عَنْهُ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ هَدٰنَا لِلْاِيْمَانِ

اللہ ان سے راضی تمام تعریفیں اللہ تعالےٰ کیلئے جس نے ہمیں ایمان

وَالْاِسْلَامِ ○ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا

و اسلام کی راہ دکھائی اور صلوٰۃ و سلام ہوں ہمارے سردار حضرت

مُحَمَّدٍ نَّبِيِّهِ الَّذِىْ اسْتَنْقَذَنَا بِهٖ مِنْ عِبَادَةِ

محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جنہوں نے ہمیں بتوں کی پرستش سے

الْاَوْثَانِ وَالْاَصْنَامِ ○ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ

بچایا اور آپ کی آل اور اصحاب پر صلوٰۃ و سلام ہوں

النُّجَبَاءِ الْبَرَرَةِ الْكِرَامِ ○ وَبَعْدُ هٰذَا

وہ برگزیدہ اور نیکوکار اور صاحب کرامات ہیں حمد و صلوٰۃ وسلام

فَالْغَرَضُ فِي هٰذَا الْكِتَابِ ذِكْرُ الصَّلٰوةِ عَلَى

کے بعد اس کتاب سے میری اصلی غرض درود وسلام کا ذکر ہے

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفَضَائِلِهَا

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور درود وسلام کے فضائل

نَذْكُرُهَا مَحْذُوفَةَ الْاَسَانِيْدِ لِيَسْهُلَ

ہم ان کی مسندات حذف کر کے بیان کریں گے تاکہ پڑھنے والے کو

حِفْظُهَا عَلَى الْقَارِئِ وَهِيَ مِنْ اَهَمِّ الْمُهِمَّاتِ

ان کا یاد کرنا آسان ہو اور تمام مقاصد میں سے یہی اہم مقصد ہے

لِمَنْ يُّرِيْدُ الْقُرْبَ مِنْ رَّبِّ الْاَرْبَابِ ○

اس خوش نصیب کے لئے جو پروردگار عالم کے قرب کا ارادہ رکھتا ہے

وَسَمَّيْتُهُ بِكِتَابِ دَلَائِلِ الْخَيْرَاتِ وَشَوَارِقِ

اور میں نے اس کا نام دلائل الخیرات (خیر کی رہبر) اور شوارق الانوار

الْاَنْوَارِ فِي ذِكْرِ الصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ الْمُخْتَارِ ○

مختار کل نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوٰۃ کے ذکر میں

اِبْتِغَآءً لِمَرْضَاتِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَمَحَبَّةً فِى

محض رضائے الٰہی کی طلب اور محبت و پیار میں

رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ

اسکے رسول کریم ہمارے سردار حضرت محمد مصطفےٰ اللہ ان پر رحمت بھیجے

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا ○ وَاللّٰهُ الْمَسْئُوْلُ اَنْ

اور خوب سلام بھیجے۔ اور اللہ سے سوالی ہوں یہ کہ

يَّجْعَلَنَا لِسُنَّتِهٖ مِنَ التَّابِعِيْنَ ○ وَلِذَاتِهِ

ہمیں ان لوگوں سے بنائے جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت کی اتباع کرنے والے ہیں اور آپ

الْكَامِلَةِ مِنَ الْمُحِبِّيْنَ ○ فَاِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ

علیہ السلام کی ذات سے محبت و پیار کرنے والے ہیں وہ اللہ اس پر قادر ہے

قَدِيْرٌ ○ لَآ اِلٰهَ غَيْرُهٗ وَلَا خَيْرَ اِلَّا خَيْرُهٗ ○

اسکے سوا کوئی معبود تو اس کی خیر کے سوا اور کوئی بھلائی نہیں

وَهُوَ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ○ وَلَا

اور وہ کیا ہی خوب ہمارا مولیٰ ہے اور کیا ہی بہتر ہمارا مددگار ہے اور گناہ سے بچنے کا کوئی

حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ○

حیلہ نہیں اور نہیں عبادت کرنیکی کوئی طاقت نہیں سوائے اسکے وہ اللہ بلند اور عظمت والا ہے

فَصْلٌ فِیْ فَضْلِ الصَّلٰوۃِ عَلَی النَّبِیِّ

یہ فصل ہے بنی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود وسلام پڑھنے کی فضیلت میں

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۝ قَالَ اللّٰہُ عَزَّوَ

اللہ آپ پر صلوٰۃ وسلام بھیجے اللہ عزت والے اور بزرگی والے

جَلَّ اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی

نے فرمایا بے شک اللہ تعالےٰ اور اوراس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں

النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَ

غیب بتانے والے بنی پر اے ایمان والو ان پر درود اور خوب

سَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا۝ وَیُرْوٰی اَنَّ رَسُوْلَ

سلام بھیجو اور مروی ہے کہ اللہ کے رسول صلے اللہ تعالےٰ

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جَآءَ ذَاتَ

علیہ وآلہ وسلم اللہ ان پر صلوٰۃ وسلام بھیجے ایک دن تشریف لائے

یَوْمٍ وَّالْبُشْرٰی تُرٰی فِیْ وَجْھِہٖ فَقَالَ

اور آپ کے چہرہ اقدس پر خوشی دکھائی دے رہی تھی اور فرمایا

اِنَّہٗ جَآءَنِیْ جِبْرِیْلُ عَلَیْہِ السَّلَامُ فَقَالَ

جبریل علیہ السلام میرے پاس آئے ہیں اور مجھے فرمایا کہا

لِيْ اَمَا تَرْضٰى يَا مُحَمَّدُ اَنْ لَّا يُصَلِّيَ عَلَيْكَ

اے محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا آپ اسپر راضی نہیں ہیں کہ آپ کا

اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِكَ اِلَّا صَلَّيْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا ۝

کوئی امتی ایک بار درود بھیجے تو میں اس پر دس بار درود بھیجوں

وَلَا يُسَلِّمُ عَلَيْكَ اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِكَ اِلَّا

اور آپ کا کوئی امتی آپ پر ایک بار سلام بھیجے تو میں اسپر دس بار

سَلَّمْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا ۝ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ

سلام بھیجوں اور حضور نے فرمایا اللہ تعالےٰ آپ پر صلوٰة وسلام

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِيْ اَكْثَرُهُمْ

بھیجے بے شک قیامت میں مجھ سے سب سے زیادہ قریب وہ گا جو مجھپر سب سے

عَلَيَّ صَلٰوةً ۝ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

زیادہ درود بھیجتا ہوگا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالےٰ آپ پر صلوٰة

سَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَّتْ عَلَيْهِ الْمَلٰٓئِكَةُ

وسلام بھیجے جو مجھ پر درود بھیجتا ہے ملائکہ اسپر درود بھیجتے رہتے ہیں

مَا دَامَ يُصَلِّيْ عَلَيَّ فَلْيُقِلَّ عِنْدَ ذٰلِكَ

جب تک وہ مجھ پر درود بھیجتا رہتا ہے اب امتی کی مرضی کہ وہ مجھ پر تھوڑا درود بھیجے

اَوْ لِیُکَثِّرْ ○ وَقَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

یا زیادہ اور حضور علیہ السلام نے فرمایا اللہ آپ پر صلوٰۃ وسلام بھیجے

بِحَسْبِ الْمَرْءِ مِنَ الْبُخْلِ اَنْ اُذْکَرَ

کسی کے بخل کی دلیل اتنا کافی ہے کہ اس کے سامنے میرا ذکر ہو

عِنْدَہٗ وَلَا یُصَلِّی عَلَیَّ ○ وَقَالَ صَلَّی اللّٰہُ

اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَکْثِرُوا الصَّلٰوۃَ عَلَیَّ یَوْمَ

جمعہ کے دن مجھ پر بکثرت درود بھیجا کرو اور حضور

الْجُمُعَۃِ ○ وَقَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ

صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ جو میرا امتی

سَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مِنْ اُمَّتِیْ مَرَّۃً

مجھ پر ایک بار درود شریف بھیجے گا

وَّاحِدَۃً کُتِبَتْ لَہٗ عَشْرُ حَسَنَاتٍ وَّ

اسکے اعمالنامے میں دس نیکیاں لکھی جائیں گی

مُحِیَتْ عَنْہُ عَشْرُ سَیِّاٰتٍ وَقَالَ صَلَّی

اور اس کے دس گناہ مٹا دیئے جائیں گے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ حِیْنَ یَسْمَعُ

فرمایا کہ جب کوئی اذان واقامت سن کر یہ کہتا ہے اے

الْاَذَانَ وَالْاِقَامَۃَ ۝ اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ

کامل دعوت اور قائم ہونے والی نماز کے آقا

الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَائِمَۃِ

عطا فرما اپنے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وسیلہ اور بزرگی

اٰتِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدَ نِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَ

اور بلند درجہ اور انہیں مقام محمود پر فائز فرما

الدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا

جسکا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے تو اس کے لئے قیامت

مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ حَلَّتْ لَہٗ

میں میری شفاعت حلال ہو گئی

شَفَاعَتِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ ۝ وَقَالَ صَلَّی اللّٰہُ

اور حضور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ فِیْ کِتَابٍ

کہ جس نے میرا درود کسی کتاب میں لکھا

لَمْ تَزَلِ الْمَلٰٓئِكَةُ تُصَلِّيْ عَلَيْهِ مَا دَامَ

تو فرشتے اس پر اس وقت تک درود بھیجتے رہیں گے جب تک

اِسْمِيْ فِيْ ذٰلِكَ الْكِتَابِ ○ وَقَالَ

میرا نام اس کتاب پر لکھا رہے گا حضرت

اَبُوْ سُلَيْمٰنَ الدَّارَانِيُّ مَنْ اَرَادَ اَنْ يَّسْئَلَ اللّٰهَ

ابو سلیمن دارانی (ولیٔ کامل) نے فرمایا کہ جو چاہے کہ وہ اللہ سے اپنی

حَاجَتَهٗ فَلْيُكْثِرْ بِالصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى

حاجت مانگے تو اسے چاہیئے کہ وہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر بکثرت درود

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ يَسْئَلُ اللّٰهَ حَاجَتَهٗ

پڑھے پھر اللہ تعالےٰ سے اپنی حاجت مانگے

وَلْيَخْتِمْ بِالصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

اور چاہیئے کہ اپنی دعا کو حضور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتے ہوئے ختم

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَقْبَلُ الصَّلٰوتَيْنِ

کرے اس لئے کہ اللہ تعالےٰ دونوں —— درود کو تو قبول فرماتا ہی ہے

وَهُوَ اَكْرَمُ مِنْ اَنْ يَّدَعَ مَا بَيْنَهُمَا ○ وَرُوِيَ

اور اسکا کرم اسے گوارا نہیں کرتا کہ وہ دعا کو رد کردے جو ان دونوں کے درمیان ہے

عَنْہُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ قَالَ مَنْ

حضور نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے آپ سے فرمایا کہ جو

صَلّٰی عَلَیَّ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ مِائَۃَ مَرَّۃٍ غُفِرَتْ

شخص جمعہ کے دن مجھ پر سو بار درود بھیجتا ہے تو اس کی اسی سال

لَہٗ خَطِیْئَۃُ ثَمَانِیْنَ سَنَۃً ○ وَعَنْ

کی خطائیں بخشی جاتی ہیں اور مروی ہے

اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے حضور رسولِ اکرم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لِلْمُصَلِّیْ عَلَیَّ نُوْرٌ عَلَی الصِّرَاطِ

فرمایا کہ مجھ پر درود و سلام پڑھنے والے کیلئے پل صراط پر نور ہوگا

وَمَنْ کَانَ عَلَی الصِّرَاطِ مِنْ اَھْلِ النُّوْرِ

اور جو پل صراط پر نور والا ہوگا وہ

لَمْ یَکُنْ مِّنْ اَھْلِ النَّارِ ○ وَقَالَ صَلَّی

دوزخیوں میں سے نہیں ہوگا اور حضور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ نَّسِیَ الصَّلٰوۃَ

نے فرمایا جو مجھ پر درود بھیجنے کو بھول گیا

عَلَیَّ فَقَدْ اَخْطَاَ طَرِیْقَ الْجَنَّۃِ وَاِنَّمَآ

اس سے جنت کا راستہ بھول گیا یہاں پر نسیان سے مراد

اَرَادَ بِالنِّسْیَانِ التَّرْکَ وَاِذَا کَانَ التَّارِکُ

درود کا چھوڑ دینا ہے جب درود چھوڑ دینے والے کا یہ

یُخْطِئُ طَرِیْقَ الْجَنَّۃِ کَانَ الْمُصَلِّیْ عَلَیْہِ

حال ہے کہ وہ جنت کا راستہ بھول گیا ہے تو اس سے ثابت ہوا کہ حضور علیہ السلام

سَالِکًا اِلَی الْجَنَّۃِ ○ وَفِیْ رِوَایَۃِ

پر درود شریف پڑھنے والا جنت کی راہ پر گامزن ہے اور حضرت

عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ رَّضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ رسول اللہ

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ

صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ میرے پاس

سَلَّمَ جَآءَنِیْ جِبْرِیْلُ عَلَیْہِ السَّلَامُ فَقَالَ

جبرائیل علیہ السلام حاضر ہوئے اور عرض کیا

یَا مُحَمَّدُ لَا یُصَلِّیْ عَلَیْکَ اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِکَ

اے حبیب محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کا جو امتی آپ پر ایکبار درود پڑھیگا

اِلَّا صَلّٰی عَلَیْهِ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ وَّمَنْ

اسپر ستّر ہزار ملائیکہ درود پڑھیں گے اور جس پر

صَلَّتْ عَلَیْهِ الْمَلٰٓئِکَةُ کَانَ مِنْ اَهْلِ

فرشتے درود پڑھیں وہ بہشتی ہے

الْجَنَّةِ ○ وَقَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

اور حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا

اَکْثَرُکُمْ عَلَیَّ صَلٰوةً اَکْثَرُکُمْ اَزْوَاجًا فِی

تم میں سے جو مجھ پر بکثرت درود شریف پڑھے گا اسے جنت میں حوریں بھی زیادہ

الْجَنَّةِ ○ وَرُوِیَ عَنْهُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

ملیں گی اور حضور سرورِ عالم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے مروی

وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلٰوةً

ہے آپ نے فرمایا کہ جو مجھ پر درود بھیجتا ہے

تَعْظِیْمًا لِّحَقِّیْ خَلَقَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ مِنْ

میری تعظیم کا حق ادا کرنے کے ارادہ پر تو اس سے اللہ عزوجل پیدا فرمائیگا

ذٰلِكَ الْقَوْلِ مَلَکًا لَّهٗ جَنَاحٌ بِالْمَشْرِقِ

ایک ایسا فرشتہ جس کا ایک پر مشرق میں

وَالْاٰخَرُ بِالْمَغْرِبِ وَرِجْلَاهُ مَقْرُوْرَتَانِ

اور دوسرا مغرب میں اور اس کے دونوں پاؤں گڑے ہوئے ہوتے

فِی الْاَرْضِ السَّابِعَةِ السُّفْلٰى وَعُنُقُهٗ مُلْتَوِيَةٌ

ہیں نیچے والی ساتویں زمین میں اور اس کی گردن لپٹی ہوتی ہے

تَحْتَ الْعَرْشِ يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ لَهٗ صَلِّ

عرش کے نیچے اللہ عزوجل اس سے فرماتا ہے کہ پڑھ

عَلٰى عَبْدِيْ كَمَا صَلّٰى عَلٰى نَبِيِّيْ فَهُوَ

میرے بندے پر کہ جسطرح اس نے درود شریف پڑھا میرے نبی علیہ السلام

يُصَلِّيْ عَلَيْهِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ○ وَرُوِيَ

پر تو وہ فرشتہ درود پڑھتا رہے گا اس بندے پر تا قیامت اور

عَنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ

مروی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت

لَيَرِدَنَّ عَلَيَّ الْحَوْضَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَقْوَامٌ

میں میرے پاس ایسے لوگ آئیں گے کہ

مَآ اَعْرِفُهُمْ اِلَّا بِكَثْرَةِ الصَّلٰوةِ عَلَيَّ ○

میں انہیں ان کے بکثرت درود شریف پڑھنے کی وجہ سے پہچانوں گا

وَرُوِیَ عَنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ

اور حضور سرورِ کونین صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا

قَالَ مَنْ صَلّٰى عَلَىَّ مَرَّةً وَّاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ

کہ جس نے مجھ پر ایک بار درود شریف پڑھا اللہ اس پر

عَلَيْهِ عَشْرَ مَرَّاتٍ وَّمَنْ صَلّٰى عَلَىَّ عَشْرَ

دس بار درود بھیجے گا اور جو مجھ پر دس بار درود بھیجے گا

مَرَّاتٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ مِائَةَ مَرَّةٍ وَّمَنْ

اللہ تعالےٰ اس پر سو بار درود پڑھتا

صَلّٰى عَلَىَّ مِائَةَ مَرَّةٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

ہے اور جو مجھ پر سو بار درود بھیجتا ہے اللہ

اَلْفَ مَرَّةٍ وَّمَنْ صَلّٰى عَلَىَّ اَلْفَ مَرَّةٍ

تعالےٰ اس پر ہزار بار درود بھیجتا ہے اور جو مجھ پر ایک ہزار بار

حَرَّمَ اللّٰهُ جَسَدَهٗ عَلَى النَّارِ وَثَبَّتَهٗ

درود پڑھتا ہے اللہ تعالےٰ اس کے جسم پر آتشِ دوزخ حرام کر دیتا ہے

بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِى

اور اسے ثابت قدم رکھتا ہے قول ثابت پر اور دنیا میں بھی اور

الْاٰخِرَةِ عِنْدَ الْمَسْئَلَةِ وَاَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ

آخرت میں بھی قبر کے سوال کے وقت اور اسے داخل فرمائے گا جنت

وَجَاءَتْ صَلٰوتُهٗ عَلَیَّ نُوْرًا لَّهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

میں اور آئے گا اس کا درود جو اس نے مجھ پر پڑھا ہے اسکے لئے نور بن کر

عَلَى الصِّرَاطِ مَسِيْرَةَ خَمْسِ مِائَةِ عَامٍ وَّ

قیامت میں پل صراط پر جس کی مسافت پانچ سو سال ہے

اَعْطَاهُ اللّٰهُ بِكُلِّ صَلٰوةٍ صَلَّاهَا عَلَیَّ

اور اللہ تعالےٰ اسے جنت میں ایک محل عطا فرمائے گا ہر درود شریف کے

قَصْرًا فِي الْجَنَّةِ قَلَّ ذٰلِكَ اَوْ كَثُرَ ○

بدلے جو اس نے مجھ پر پڑھا تھا اب اس کی مرضی کہ درود تھوڑا پڑھے

وَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا

یا کثرت سے اور رسولِ اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نہیں

مِنْ عَبْدٍ صَلّٰى عَلَیَّ اِلَّا خَرَجَتِ الصَّلٰوةُ

کوئی بندہ جو مجھ پر درود شریف پڑھتا ہے اس کا درود نکلتا ہے بڑی

مُسْرِعَةً مِّنْ فِيْهِ فَلَا يَبْقٰى بَرٌّ وَّلَا بَحْرٌ

تیزی سے پھر نہ کوئی خشکی باقی رہتی ہے نہ کوئی سمندر

وَّلَا شَرْقٌ وَّلَا غَرْبٌ اِلَّا وَتَمُرُّ بِهٖ وَ

اور نہ مشرق اور نہ مغرب مگروہ وہاں سے گذرتا ہوا کہتا ہے

تَقُوْلُ اَنَا صَلٰوةُ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ صَلّٰى

میں فلاں بن فلاں کا درود شریف ہوں جواس نے پڑھا ہے

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُخْتَارِ خَيْرِ خَلْقِ اللهِ فَلَا

محبوب محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم جو اللہ تعالےٰ کے مختار کل اور اللہ کی تمام مخلوق

يَبْقٰى شَىْءٌ اِلَّا وَصَلّٰى عَلَيْهِ وَيُخْلَقُ مِنْ

سے بہتر ہیں پس کوئی شے ایسی نہیں جو اس شخص پر درود نہ پڑھتی ہو

تِلْكَ الصَّلٰوةِ طَائِرٌ لَّهٗ سَبْعُوْنَ اَلْفَ

اور اللہ تعالےٰ پیدا کرتا ہے اس درود شریف سے ایک پرندہ جس کے ستر

جَنَاحٍ فِىْ كُلِّ جَنَاحٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ رِيْشَةٍ

ہزار بازو ہوتے ہیں۔ اس کے ہر بازو میں ستر ہزار پر ہیں اس کے

فِىْ كُلِّ رِيْشَةٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ رَاْسٍ

ہر پر میں ستر ہزار سر ہوتے ہیں اس کے ہر

فِىْ كُلِّ رَاْسٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ وَجْهٍ فِىْ

سر میں ستر ہزار چہرے ہوتے ہیں اس کے ہر چہرے میں

كُلِّ وَجْهٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ فَمٍ فِيْ كُلِّ فَمٍ

ستر ہزار منہ ہوتے ہیں

سَبْعُوْنَ اَلْفَ لِسَانٍ فِيْ كُلِّ لِسَانٍ

اس کے ہر منہ میں ستر ہزار زبانیں ہوتی ہیں اور وہ ہر زبان

يُسَبِّحُ اللّٰهَ تَعَالٰى بِسَبْعِيْنَ اَلْفَ لُغَاتٍ

میں اللہ کی تسبیح پڑھنے والی ستر ہزار بولیاں ہوتی ہیں

وَيَكْتُبُ اللّٰهُ لَهٗ ثَوَابَ ذٰلِكَ كُلِّهٖ ۝

اس کا تمام ثواب اللہ تعالیٰ درود پڑھنے والے کیلئے لکھتا ہے

وَعَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

اور سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ فرمایا رسول کریم

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جس نے

سَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ مِائَةَ

جمعہ کے دن مجھ پر سو بار درود پڑھا

مَرَّةٍ جَاءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَعَهٗ نُوْرٌ لَّوْ قُسِمَ

وہ قیامت میں اس حال میں آئے گا کہ اس کے ساتھ ایسا نور ہو گا کہ اگر تقسیم ہو

ذٰلِكَ النُّوْرُ بَيْنَ الْخَلْقِ كُلِّهِمْ لَوَسِعَهُمْ ○

وہ نور تو مخلوق سب کو کافی ہوگا

ذُكِرَ فِيْ بَعْضِ الْاَخْبَارِ مَكْتُوْبٌ عَلٰى

بعض احادیث میں مذکور ہے کہ عرش کے ستون پر لکھا ہوا ہے

سَاقِ الْعَرْشِ مَنِ اشْتَاقَ اِلَىَّ رَحِمْتُهٗ

جو میرا مشتاق ہوگا میں اس پر رحم کروں گا

وَمَنْ سَاَلَنِيْ اَعْطَيْتُهٗ وَمَنْ تَقَرَّبَ اِلَىَّ

اور جو مجھ سے سوال کرے گا اسے عطا فرماؤں گا اور جو میرا قرب

بِالصَّلٰوةِ عَلٰى حَبِيْبِيْ مُحَمَّدٍ غَفَرْتُ لَهٗ ذُنُوْبَهٗ

چاہے گا میرے حبیب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنے سے

وَلَوْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ ○ وَرُوِيَ

میں اس کے گناہ بخش دوں گا اگرچہ اس کے گناہ سمندر کی جھاگ کے برابر

عَنْ بَعْضِ الصَّحَابَةِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ

اور مروی ہے بعض صحابہ رضی اللہ عنہم سے

اَجْمَعِيْنَ اَنَّهٗ قَالَ مَا مِنْ مَّجْلِسٍ

حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جس محفل میں

یُصَلّٰی فِیْہِ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

حضور سرورِ عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھا جاتا ہے

وَسَلَّمَ اِلَّا قَامَتْ مِنْہُ رَآئِحَۃٌ طَیِّبَۃٌ

تو اس محفل سے ایک خوشبو دار مہک اٹھتی ہے

حَتّٰی تَبْلُغَ عِنَانَ السَّمَآءِ فَتَقُوْلُ

جو آسمان تک پہنچتی ہے تو ملائکہ کہتے ہیں کہ

الْمَلٰٓئِکَۃُ ھٰذَا مَجْلِسٌ صُلِّیَ فِیْہِ عَلٰی

یہ وہ محفل ہے جس میں درود پڑھا گیا ہے

مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ۝ ذُکِرَ

حبیب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر مذکور ہے

فِیْ بَعْضِ الْاَخْبَارِ اَنَّ الْعَبْدَ الْمُؤْمِنَ

بعض اخبار میں کہ جب کہ مومن مرد یا

اَوِالْاَمَۃَ الْمُؤْمِنَۃَ اِذَا بَدَاَ بِالصَّلٰوۃِ

مؤمنہ بی بی حضور محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھنا

عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فُتِحَتْ

شروع ہوتے ہیں تو کھول دئے جاتے ہیں

لَهٗ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَالسُّرَادِقَاتُ حَتّٰی اِلَی

اس کیلئے تمام آسمانوں کے دروازے اور حجابات

الْعَرْشِ فَلَا یَبْقٰی مَلَكٌ فِی السَّمٰوٰتِ

عرش تک الٹ دیئے جاتے ہیں تو کوئی فرشتہ آسمانوں میں نہیں

اِلَّا صَلّٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

رہتا مگر وہ حضور سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھتا

وَیَسْتَغْفِرُوْنَ لِذٰلِكَ الْعَبْدِ اَوِ الْاَمَةِ

ہے اور بخشش مانگتا ہے اس مومن مرد اور مومنہ خاتون کے لئے

مَا شَآءَ اللّٰہُ ○ وَقَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

جتنا اللہ تعالے چاہتا ہے اور حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

مَنْ عَسُرَتْ عَلَیْهِ حَاجَةٌ فَلْیُكْثِرْ

فرمایا جس پر کوئی حاجت مشکل ہو جائے تو اسے چاہیئے کہ کثرت کرے

بِالصَّلٰوةِ عَلَیَّ فَاِنَّهَا تَكْشِفُ الْهُمُوْمَ وَ

کا اور منع کیا تیری نافرمانی سے اور دوستی کی تیرے ایسے دوست

اَنْ تُوَالِيَهٗ وَعَادٰى عَدُوَّكَ الَّذِيْ تُحِبُّ

سے جس کو تو پسند کرتا ہے کہ اس سے دوستی کیجائے اور دشمنی کی تیرے

اَنْ تُعَادِيَهٗ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

دشمن سے جس سے دشمنی کرنے کو تو پسند کرتا ہے درود بھیجے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى جَسَدِهٖ فِى الْاَجْسَادِ

اللہ تعالیٰ ہمارے آقا محمد پر اے اللہ درود بھیج آپ کے جسم اطہر پر جسموں

وَعَلٰی رُوْحِهٖ فِی الْاَرْوَاحِ وَعَلٰی مَوْقِفِهٖ

میں آپکی روح مبارک پر تمام روحوں میں اور آپ کی مرقد منور پر تمام قبروں

فِی الْمَوَاقِفِ وَعَلٰی مَشْهَدِهٖ فِی الْمَشَاهِدِ

میں اور آپ کے کھڑے ہونے کی جگہ پر تمام مواقف میں اور آپ کے تشریف

وَعَلٰی ذِكْرِهٖ اِذَا ذُكِرَ صَلٰوةً مِّنَّا عَلٰی نَبِیِّنَا ؀

فرما ہونے کی جگہ پر تمام مشاہد میں اور آپکے ذکر پر جب ہماری طرف

اَللّٰهُمَّ اَبْلِغْهُ مِنَّا السَّلَامَ كَمَا ذُكِرَ

سے اپنے نبی کریم پر درود کا ذکر کیا جائے اے اللہ پہنچا دے آپکی بارگاہ میں ہماری

السَّلَامُ وَالسَّلَامُ عَلَی النَّبِیِّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

طرف سے سلام جب بھی سلام کا ذکر کیا جائے اور سلامتی ہو نبی کریم پر اور اللہ کی

تَعَالٰی وَبَرَكَاتُهٗ ؀ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی

رحمتیں اور برکتیں ہوں آپ پر اے اللہ اپنے مقرب فرشتوں

مَلٰٓئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِیْنَ وَعَلٰی اَنْبِیَآئِكَ الْمُطَهَّرِیْنَ

پر درود بھیج اور ہمارے پاکیزہ انبیاء پر اور

وَعَلٰی رُسُلِكَ الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی حَمَلَةِ

اپنے بھیجے ہوئے رسولوں پر اور حاملین عرش پر

عَرْشِكَ وَعَلٰی سَيِّدِنَا جِبْرِيْلَ وَسَيِّدِ نَا

اور سیدنا جبریل سیدنا میکائیل

مِيْكَائِيْلَ وَسَيِّدِنَا اِسْرَافِيْلَ وَسَيِّدِنَا مَلَكِ

سیدنا اسرافیل سیدنا ملک الموت سیدنا رضوان

الْمَوْتِ وَسَيِّدِنَا رِضْوَانَ خَازِنِ جَنَّتِكَ وَ

جو جنت کے نگہبان ہیں اور سیدنا مالک جو

سَيِّدِنَا مَالِكٍ وَّصَلِّ عَلَی الْكِرَامِ الْكَاتِبِيْنَ

دوزخ کے داروغہ ہیں ان سب پر اور درود بھیج

وَصَلِّ عَلٰی اَهْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِيْنَ مِنْ

کراماً کاتبین پر اور درود بھیج اپنے تمام فرمانبرداروں پر جو

اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ اٰتِ

آسمانوں میں ہیں اور زمینوں میں اے اللہ عطا فرما

اَهْلَ بَيْتِ نَبِيِّكَ اَفْضَلَ مَا اٰتَيْتَ

اپنے بنی کریم کی اہل بیت کو افضل ترین ان نعمتوں سے جو تو نے

اَحَدًا مِّنْ اَهْلِ بُيُوْتِ الْمُرْسَلِيْنَ وَاجْزِ

بخشی ہیں کسی کو اپنے دوسرے پیغمبروں کے اہل بیت

اَصْحَابَ نَبِیِّكَ اَفْضَلَ مَا جَازَیْتَ اَحَدًا

ہیں سے اور جزا دے اپنے نبی کریم کے صحابہ کو ان جزاؤں سے افضل جو دوسرے

مِّنْ اَصْحَابِ الْمُرْسَلِیْنَ ○ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ

رسولوں کے اصحاب میں سے کسی کو تو نے دی ہے اے اللہ بخش دے مومن

لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَ

مردوں مومن عورتوں مسلمان مردوں اور مسلمان

الْمُسْلِمَاتِ الْاَحْیَاءِ مِنْھُمْ وَالْاَمْوَاتِ ○

عورتوں کو جو زندہ ہیں ان میں سے اور جو وفات پا چکے ہیں اور

وَاغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا

بخش دے ہم کو اور ہمارے ان بھائیوں کو جو ہم

بِالْاِیْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا

سے پہلے گزر چکے ہیں ایمان کے ساتھ اور نہ

لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ○ ع

ڈال ہمارے دلوں میں کینہ ان لوگوں کیلئے جو ایمان لائے اے ہمارے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی النَّبِیِّ الْھَاشِمِیِّ سَیِّدِنَا

پروردگار بیشک تو از حد مہربان رحم فرمانے والا ہے اے اللہ درود بھیج بنی ہاشمی پر

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا ۝

جسکا نام نامی محمد ہے اور آپ کی آل اور آپ کی اصحاب پہ اور سلام بھیج

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَيْرِ الْبَرِيَّةِ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پہ جو سب مخلوق سے بہتر ہیں

صَلٰوةً تُرْضِيْكَ وَتُرْضِيْهِ وَتَرْضٰى بِهَا

ایسا درود جو تجھے بھی خوش کر دے اور آپ کو بھی خوش کر دے

عَنَّا يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اور اس کی برکت سے تو ہم پر راضی ہو جائے اے ارحم الراحمین اے اللہ درود

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ

بھیج ہمارے آقا محمد پر اور آپ کی آل اور اصحاب پر اور سلام بھیج

وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ

ایسا سلام جو کثیر ہو پاکیزہ ہو بابرکت ہو بہت عمدہ اور

جَزِيْلًا جَمِيْلًا دَآئِمًا بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ ۝

خوبصورت دائم رہنے والا ہو اللہ کے ملک کے دوام کے ساتھ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر اور آپ کی آل پر

عہ اکثر نسخوں میں تسلیما کے بعد کثیرا ہے (۱۲ انطباع الخیرات حصہ)

اِلٰہٖ مِلْأَ الْفَضَآءِ وَعَدَدَ النُّجُوْمِ فِی السَّمَآءِ

بمقدار اس کے کہ پُر ہو جائے ساری فضا اور بشمار آسمان کے ستاروں

صَلٰوۃً تُوَازِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَعَدَدَ

کے ایسا درود جو ہموزن ہو آسمانوں اور زمین کے اتنی تعداد میں جتنی

مَا خَلَقْتَ وَمَآ اَنْتَ خَالِقُہٗٓ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ ۝

مخلوق تونے پیدا کی ہے اور جو تو قیامت تک پیدا فرمانے والا ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر اور آپکی آل پر

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا

جسطرح درود بھیجا تونے حضرت

اِبْرٰھِیْمَ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

ابراہیم پر اور برکتیں نازل فرما ہمارے آقا حضرت

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا

محمدؐ پر اور آپکی آل پر جسطرح برکت نازل فرمائی تونے

اِبْرٰھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا اِبْرٰھِیْمَ فِی الْعٰلَمِیْنَ

ہمارے سردار ابراہیم پر اور آلِ ابراہیم پر جہانوں میں

عہ آسمان و زمین کے برابر رحمت نازل فرما (۱۲ منہ)

شروع حزب جمعہ

إِنَّكَ حَمِيدٌ مَّجِيدٌ ○ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْئَلُكَ

بے شک تو حمید ، مجید ہے اے اللہ میں تجھ سے گناہوں کی

الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِي الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ○

معافی اور دین و دنیا میں سلامتی کی التجا کرتا ہوں (یہ دعا

ثَلٰثًا ○ اَللّٰهُمَّ اسْتُرْنَا بِسِتْرِكَ الْجَمِيْلِ ○

تین بار پڑھے) اے اللہ ہمیں اپنے خوبصورت پردے سے ڈھانپ لے

ثَلٰثًا ○ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْئَلُكَ بِحَقِّكَ الْعَظِيْمِ

(یہ تین بار پڑھے) اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے عظیم حق کا

وَبِحَقِّ نُوْرِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَبِحَقِّ عَرْشِكَ

اور تیری کریم ذات کے نور کے حق کا اور تیرے عرش عظیم کے حق کا اور جو کچھ

الْعَظِيْمِ وَبِمَا حَمَلَ كُرْسِيُّكَ مِنْ عَظَمَتِكَ

اٹھا رکھا ہے تیری کرسی نے تیری عظمت تیرے

وَجَلَالِكَ وَجَمَالِكَ وَبَهَائِكَ وَقُدْرَتِكَ

جلال تیرے جمال تیری چمک دمک تیری قدرت

وَسُلْطَانِكَ وَبِحَقِّ أَسْمَائِكَ الْمَخْزُوْنَةِ

تیری سلطانی سے اور تیرے ان ناموں کے حق سے جو مخزون اور

حاشیہ: اگر ممکن ہو تو روزانہ رات کو یہ درود شریف تین مرتبہ پڑھیں

الْمَكْنُونَةِ الَّتِي لَمْ يَطَّلِعْ عَلَيْهَا اَحَدٌ مِّنْ

پوشیدہ ہیں جس پر کوئی تیری مخلوق سے آگاہ نہیں ہے اے اللہ سو میں

خَلْقِكَ ۝ اَللّٰهُمَّ وَاَسْئَلُكَ بِالْاِسْمِ الَّذِي

سوال کرتا ہوں تجھ سے اس اسم پاک کے ساتھ

وَضَعْتَهٗ عَلَى اللَّيْلِ فَاَظْلَمَ وَعَلَى النَّهَارِ

جس کو تو نے رات پر رکھا تو وہ تاریک ہو گئی اور دن پر رکھا تو وہ روشن

فَاسْتَنَارَ وَعَلَى السَّمٰوٰتِ فَاسْتَقَلَّتْ ۝ وَعَلَى

ہو گیا اور آسمانوں پر رکھا تو وہ بے ستون ٹھہر گئے اور زمین پر

الْاَرْضِ فَاسْتَقَرَّتْ ۝ وَعَلَى الْجِبَالِ فَاَرْسَتْ

رکھا تو وہ قرار پکڑ گئی پہاڑوں پر رکھا تو وہ گڑ گئے اور

وَعَلَى الْبِحَارِ وَالْاَوْدِيَةِ فَجَرَتْ ۝ وَعَلَى

سمندروں اور وادیوں پر رکھا تو وہ جاری ہو گئیں اور چشموں پر

الْعُيُوْنِ فَنَبَعَتْ ۝ وَعَلَى السَّحَابِ فَاَمْطَرَتْ ۝

رکھا تو وہ اُبل پڑے بادلوں پر رکھا تو وہ برسنے لگے

وَاَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِالْاَسْمَآءِ الْمَكْتُوْبَةِ فِي

اور سوال کرتا ہوں اے اللہ میں تجھ سے ان مبارک ناموں سے

جَبْهَةِ سَيِّدِنَا اِسْرَافِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ

جو اسرافیل علیہ السلام کی پیشانی پر لکھے ہوئے ہیں اور

بِالْاَسْمَاءِ الْمَكْتُوْبَةِ فِيْ جَبْهَةِ سَيِّدِنَا

ان ناموں سے جو حضرت سیدنا

جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَعَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ

جبریل علیہ السلام کی پیشانی پر لکھے ہوئے ہیں اور مقرب

الْمُقَرَّبِيْنَ ○ وَاَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِالْاَسْمَاءِ

فرشتوں کی پیشانیوں پر رقم ہیں اور میں التجا کرتا ہوں اے اللہ تجھ

الْمَكْتُوْبَةِ حَوْلَ الْعَرْشِ وَبِالْاَسْمَاءِ الْمَكْتُوْبَةِ

سے ان مبارک ناموں سے جو عرش کے اردگرد مکتوب ہیں

حَوْلَ الْكُرْسِيِّ ○ وَاَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِالْاِسْمِ

اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے اللہ ان ناموں سے

الْمَكْتُوْبِ عَلٰى وَرَقِ الزَّيْتُوْنِ ○ وَاَسْئَلُكَ

جو کرسی کے اردگرد لکھے ہوتے ہیں اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے اللہ ان ناموں

اللّٰهُمَّ بِالْاَسْمَاءِ الْعِظَامِ الَّتِيْ سَمَّيْتَ بِهَا

سے جو زیتون کے پتوں پر تحریر ہیں اور سوال کرتا ہوں تجھ سے ان بزرگ

نَفْسَكَ مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ ۞

ناموں کے طفیل جن سے تونے اپنی ذات کا نام رکھا وہ جنہیں میں جانتا ہوں اور جنہیں میں نہیں جانتا

جمعرات کی منزل یہاں ختم ہوئی

جمعہ کی منزل یہاں سے شروع ہے

اَلْحِزْبُ الْخَامِسُ فِيْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ

پانچویں منزل جمعہ کے دن پڑھی جاتی ہے

وَاَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِالْاَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا

سوال کرتا ہوں میں تجھ سے اے اللہ تیرے ان اسماء کے وسیلہ کے جن سے

سَيِّدُنَا اٰدَمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ ۞ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِيْ

تجھے آدم علیہ السلام نے پکارا اور ان ناموں کے وسیلہ سے جن کے

دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا نُوْحٌ عَلَيْهِ السَّلَامُ ۞

وسیلہ سے تجھے حضرت نوح علیہ السلام نے پکارا

جمعہ کا حزب (مشائخ چشتیہ کے نزدیک یہ منزل شغل کے روز پڑھی جاتی ہے)

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَیِّدُنَا

ان ناموں کے وسیلہ سے جن سے تجھے حضرت ہود علیہ السلام نے

هُوْدُ عَلَیْهِ السَّلَامُ ۝ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ

پکارا ان ناموں سے جن کے وسیلہ سے

بِهَا سَیِّدُنَا اِبْرٰهِیْمُ عَلَیْهِ السَّلَامُ ۝ وَ

تجھے ابراہیم علیہ السلام نے پکارا اور

بِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَیِّدُنَا صَالِحٌ

ان ناموں کے وسیلہ سے جن سے تجھے حضرت صالح علیہ السلام

عَلَیْهِ السَّلَامُ ۝ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ

نے پکارا اور ان ناموں کے وسیلہ سے جن سے تجھے

بِهَا سَیِّدُنَا یُوْنُسُ عَلَیْهِ السَّلَامُ ۝ وَبِالْاَسْمَآءِ

یونس علیہ السلام نے پکارا اور ان ناموں

الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَیِّدُنَا اَیُّوْبُ عَلَیْهِ

کے وسیلہ سے جن سے تجھے حضرت ایوب علیہ السلام

السَّلَامُ ۝ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا

نے پکارا اور ان ناموں کے وسیلہ سے جن سے تجھے

سَیِّدُنَا یَعْقُوبُ عَلَیْہِ السَّلَامُ ○ وَبِالْاَسْمَاۤءِ

حضرت یعقوب علیہ السلام نے پکارا اور ان ناموں

الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا سَیِّدُنَا یُوْسُفُ عَلَیْہِ السَّلَامُ ○

کے وسیلہ سے جن سے تجھے حضرت یوسف علیہ السلام نے پکارا

وَبِالْاَسْمَاۤءِ الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا سَیِّدُنَا مُوْسٰے

اور ان ناموں کے وسیلہ سے جن سے تجھے حضرت موسیٰ علیہ السلام

عَلَیْہِ السَّلَامُ ○ وَبِالْاَسْمَاۤءِ الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا

نے پکارا اور ان ناموں کے وسیلہ سے جن سے تجھے حضرت

سَیِّدُنَا ھَارُوْنُ عَلَیْہِ السَّلَامُ ○ وَبِالْاَسْمَاۤءِ

سیدنا ہارون علیہ السلام نے پکارا ۔ اور ان ناموں کے

الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا سَیِّدُنَا شُعَیْبُ عَلَیْہِ

وسیلہ سے جن سے تجھے حضرت شعیب علیہ السلام نے

السَّلَامُ ○ وَبِالْاَسْمَاۤءِ الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا سَیِّدُنَا

پکارا اور ان ناموں کے وسیلہ سے جن سے

اِسْمٰعِیْلُ عَلَیْہِ السَّلَامُ ○ وَبِالْاَسْمَاۤءِ الَّتِیْ

تجھے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام نے پکارا اور ان ناموں کے وسیلہ سے

دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا دَاوُدُ عَلَيْهِ السَّلَامُ ○

جن سے تجھے داؤد علیہ السلام نے پکارا

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا سُلَيْمٰنُ

اور ان اسماء کے وسیلہ سے جن سے تجھے سلیمٰن علیہ السلام

عَلَيْهِ السَّلَامُ ○ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا

نے پکارا اور ان ناموں کے وسیلہ سے جن سے تجھے

سَيِّدُنَا زَكَرِيَّا عَلَيْهِ السَّلَامُ ○ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ

حضرت زکریا علیہ السلام نے پکارا اور ان اسماء کے

دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا يَحْيٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ ○

وسیلہ سے جن سے تجھے حضرت یحییٰ علیہ السلام نے پکارا

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا اَرْمِيَاءُ

اور ان ناموں کے وسیلہ سے جن سے تجھے حضرت ارمیاء علیہ السلام

عَلَيْهِ السَّلَامُ ○ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا

نے پکارا اور ان ناموں کے وسیلہ سے جن سے تجھے

شَعْيَاءُ عَلَيْهِ السَّلَامُ ○ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا

شعیاء علیہ السلام نے پکارا اور ان ناموں کے وسیلہ سے جن سے

ے زکریا بن اذن برکنا یا زکریا بن الحزم بن سلیمان علیہ السلام ہیں اور وہ نبی ہیں انبیائے بنی اسرائیل علیہ السلام سے ۱۲ فاسی عفہ ے یحییٰ بن زکریا علیہ السلام

ے کہا گیا ہے کہ ارمیا یہی خضر علیہ السلام ہیں اور صحیح یہ ہے کہ یہ انبیاء بنی اسرائیل سے ہیں ۲ اور خضر قبیل رائیں سے

سَیِّدُنَا اِلْیَاسُ عَلَیْهِ السَّلَامُ ○ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ

تجھے الیاس علیہ السلام نے پکارا اور ان ناموں کے وسیلہ سے

بِهَا سَیِّدُنَا الْیَسَعُ عَلَیْهِ السَّلَامُ ○ وَبِالْاَسْمَآءِ

جن سے تجھے الیسع علیہ السلام نے پکارا اور ان ناموں

الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَیِّدُنَا ذُوالْكِفْلِ عَلَیْهِ السَّلَامُ ○

کے وسیلہ سے جن سے تجھے حضرت ذوالکفل علیہ السلام نے پکارا

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَیِّدُنَا یُوْشَعُ عَلَیْهِ

اور ان ناموں کے وسیلہ سے جن سے تجھے حضرت یوشع علیہ السلام

السَّلَامُ ○ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَیِّدُنَا عِیْسَى بْنُ

نے پکارا اور ان ناموں کے وسیلہ سے جن سے تجھے عیسیٰ بن

مَرْیَمَ عَلَیْهِ السَّلَامُ ○ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَیِّدُنَا

مریم علیہ السلام نے پکارا اور ان ناموں کے وسیلہ سے جن سے تجھے ہمارے

مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ○ وَعَلٰى جَمِیْعِ النَّبِیِّیْنَ

آقا و مولیٰ حضرت محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم و علیٰ جمیع النبیین و المرسلین

وَالْمُرْسَلِیْنَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَّبِیِّكَ

نے پکارا ہم عرض کرتے ہیں کہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر جو تیرے

عَدَدَ مَا خَلَقْتَهٗ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَكُوْنَ السَّمَآءُ مَبْنِيَّةً

بنی ہیں بےشمار اُن چیزوں کے جو تو نے پیدا کیں اس سے پہلے

وَّالْاَرْضُ مَدْحِيَّةً وَّالْجِبَالُ مُرْسَاةً وَّالْبِحَارُ

کہ آسمان بنایا گیا یا زمین بچھائی گئی اور پہاڑ گاڑے گئے

مُجْرَاةً وَّالْعُيُوْنُ مُنْفَجِرَةً وَّالْاَنْهَارُ

اور دریا رواں ہوئے اور چشمے ابلنے لگے اور ندیاں بہنے لگیں اور

مُنْهَمِرَةً وَّالشَّمْسُ مُضْحِيَّةً وَّالْقَمَرُ مُضِيْئًا

سورج چمکنے لگا اور چاند روشن ہوا اور

وَّالْكَوَاكِبُ مُسْتَنِيْرَةً كُنْتَ حَيْثُ كُنْتَ

ستارے جگمگانے لگے تو تھا جہاں کہ تو تھا کوئی نہیں جانتا

لَا يَعْلَمُ اَحَدٌ حَيْثُ كُنْتَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا

کہ تو کہاں تھا سوائے تیرے کہ تو یکتا ہے

شَرِيْكَ لَكَ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

تیرا کوئی شریک نہیں اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت

مُحَمَّدٍ عَدَدَ حِلْمِكَ ○ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

محمد پر بےشمار اپنے حلم کے اور درود بھیج ہمارے آقا

لہ بعض معتمدہ نسخوں میں وکثرت ہے

مُحَمَّدٍ عَدَدَ عِلْمِكَ ○ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

محمد پر بیشمار اپنے علم کے اور درود بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ عَدَدَ كَلِمَاتِكَ ○ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

حضرت محمد پر بیشمار اپنے کلمات کے اور درود بھیج ہمارے

مُحَمَّدٍ عَدَدَ نِعْمَتِكَ ○ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

آقا حضرت محمدؐ پر بیشمار اپنی نعمتوں کے اور درود بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ مِّلْءَ سَمٰوٰتِكَ ○ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

محمد پر اسقدر کہ بھر جائیں تیرے آسمان اور درود بھیج ہمارے

مُحَمَّدٍ مِّلْءَ اَرْضِكَ ○ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

آقا حضرت محمد پر اسقدر کہ بھر جائے تیری زمین اور درود بھیج ہمارے

مُحَمَّدٍ مِّلْءَ عَرْشِكَ ○ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

آقا محمد پر اسقدر کہ بھر جائے تیرا عرش اور درود بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ زِنَةَ عَرْشِكَ ○ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

حضرت محمد پر عرش کے وزن کے برابر اور درود بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا جَرٰى بِهِ الْقَلَمُ فِىْٓ اُمِّ

حضرت محمد پر بشمار اس کے کہ چلا تیرا قلم لوح محفوظ میں

الْكِتَابِ ○ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

اور درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر بشمار اس کے

مَا خَلَقْتَ فِىْ سَبْعِ سَمٰوٰتِكَ ○ وَصَلِّ عَلٰى

کہ تو نے پیدا فرمایا اپنے سات آسمانوں میں اور درود بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا اَنْتَ خَالِقُ فِيْهِنَّ اِلٰى

ہمارے آقا حضرت محمد پر بشمار اس کے کہ تو پیدا فرمانے والا

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ○ اَللّٰهُمَّ

ہے انہیں روز قیامت تک ہر دن میں ہزار ہزار بار اے اللہ درود

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ قَطْرَةٍ

بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر بشمار ہر قطرہ کے جو ٹپکا

قَطَرَتْ مِنْ سَمٰوٰتِكَ اِلٰى اَرْضِكَ مِنْ يَّوْمِ

تیرے آسمانوں سے تیری زمین پر جس دن سے

خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ

تو نے دنیا کو پیدا فرمایا قیامت کے روز تک ہر دن میں

اَلْفَ مَرَّةٍ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

ہزار ہزار بار اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ يُّسَبِّحُكَ وَيُهَلِّلُكَ وَ

محمد پر بشمار اس کے جو تسبیح کرتے ہیں تیری تہلیل کرتے ہیں تیری بڑائی

يُكَبِّرُكَ وَيُعَظِّمُكَ مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَا

بیان کرتے ہیں تعظیم بجالاتے ہیں تیری اس روز سے جب کہ تو نے دنیا

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝

کو پیدا کیا قیامت کے دن تک ہر دن میں ہزار ہزار مرتبہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَنْفَاسِهِمْ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر بشمار ان کے سانسوں کے

وَاَلْفَاظِهِمْ ۝ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور ان کے الفاظ کے اور درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر

عَدَدَ كُلِّ نَسَمَةٍ خَلَقْتَهَا فِيْهِمْ مِنْ يَّوْمِ

بشمار ہر روح کے جسے تو نے پیدا فرمایا ہے ان میں سے اس روز

خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ

سے جب تو نے اس دنیا کو پیدا کیا قیامت کے دن تک

اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

ہر دن میں ہزار ہزار بار اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر

مُحَمَّدٍ عَدَدَ السَّحَابِ الْجَارِيَةِ وَصَلِّ عَلٰى

بشمار چلنے والے بادلوں کے اور درود بھیج ہمارے آقا

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الرِّيَاحِ الذَّارِيَةِ مِنْ

حضرت محمد پر بشمار چلنے والی ہواؤں کے اس دن سے جب

يَوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ

دنیا کو تو نے پیدا کیا قیامت کے دن تک ہر دن میں ہزار

يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

ہزار بار اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا هَبَّتْ عَلَيْهِ الرِّيَاحُ وَحَرَّكَتْهُ

محمد پر بشمار اُن کے جن پر ہوائیں چلتی ہیں اور حرکت

مِنَ الْاَغْصَانِ وَالْاَشْجَارِ وَالْاَوْرَاقِ وَالثِّمَارِ

دیتی ہیں ٹہنیوں، درختوں، پتوں اور پھلوں کو اور بشمار

وَجَمِيْعِ مَا خَلَقْتَ عَلٰى اَرْضِكَ وَمَا بَيْنَ

اس ہر چیز کے جو پیدا کی ہے تو نے زمین پر اور آسمانوں

سَمٰوٰتِكَ مِنْ يَوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ

کے درمیان اس روز سے کہ پیدا کیا تو نے دنیا کو یوم

الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

قیامت تک ہر دن میں ہزار ہزار بار اے اللہ درود بھیج ہمارے

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ نُجُوْمِ السَّمَآءِ مِنْ

آقا حضرت محمد پر ستاروں کی تعداد کے مطابق اس دن سے جب سے

يَوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ

تو نے دنیا کو پیدا کیا روز قیامت تک ہر دن میں ہزار ہزار

يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

بار اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت

مُحَمَّدٍ مِّلْءَ اَرْضِكَ مِمَّا حَمَلَتْ وَاَقَلَّتْ مِنْ

محمد پر اسقدر کہ بھر جائے تیری زمین اُن چیزوں سے کہ برداشت کیا

قُدْرَتِكَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ہوا ہے اسے اور اکٹھا کیا ہوا ہے تیری قدرت نے اے اللہ درود بھیج ہمارے

عَدَدَ مَا خَلَقْتَ فِيْ سَبْعِ بِحَارِكَ مِمَّا لَا يَعْلَمُ

آقا حضرت محمد پر شمار اس کے کہ پیدا فرمایا ہے تو نے اپنے سات سمندروں

عِلْمَهٗ اِلَّا اَنْتَ وَمَا اَنْتَ خَالِقُهٗ فِيْهَا اِلٰى

میں ان چیزوں میں سے کہ نہیں جانتا اسے کوئی تیرے سوا اور بمقدار اس کے کہ تو پیدا

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ○

فرمانے والا ہے اسے قیامت کے روز تک ہر دن میں ہزار ہزار بار

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مِلْءِ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر اس قدر کہ بھر جائے

سَبْعِ بِحَارِكَ ○ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تیرے سات سمندر اور درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر اپنے سات

زِنَةَ سَبْعِ بِحَارِكَ مِمَّا حَمَلَتْ وَاَقَلَّتْ مِنْ

سمندروں کے وزن کے مطابق جس کو انہوں نے اٹھایا ہوا ہے تیری قدرت

قُدْرَتِكَ ○ اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

سے اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر اپنے سمندروں

مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَمْوَاجِ بِحَارِكَ مِنْ يَوْمِ خَلَقْتَ

کی موجوں کی تعداد کے مطابق اس دن سے جب تو نے دنیا کو پیدا

الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ○

کیا قیامت کے دن تک ہر روز ہزار ہزار بار

اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر ریت کے

الرَّمۡلِ وَالۡحَصٰی فِیۡ مُسۡتَقَرِّ الۡاَرَضِیۡنَ

ذروں اور کنکریوں کی تعداد کے مطابق جو زمینوں کی قرار گاہ، ہموار میدانوں

وَسَهۡلِهَا وَجِبَالِهَا مِنۡ يَّوۡمِ خَلَقۡتَ

اور پہاڑوں میں ہیں اس روز سے جسے تونے دنیا کو پیدا فرمایا روز

الدُّنۡيَا اِلٰی يَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ فِیۡ كُلِّ يَوۡمٍ اَلۡفَ

قیامت تک ہر دن میں ہزار ہزار

مَرَّةٍ ○ اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

مرتبہ اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمد پر

عَدَدَ اضۡطِرَابِ الۡمِيَاهِ الۡعَذۡبَةِ وَالۡمِلۡحَةِ

بیشمار موجزن ہونے میٹھے پانی کے اور نمکین پانی کے تخلیق دنیا

مِنۡ يَّوۡمِ خَلَقۡتَ الدُّنۡيَا اِلٰی يَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ

کے روز سے لے کر قیامت تک ہر دن میں

فِیۡ كُلِّ يَوۡمٍ اَلۡفَ مَرَّةٍ ○ وَصَلِّ عَلٰی

ہزار ہزار مرتبہ اور درود بھیج ہمارے آقا

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا خَلَقۡتَهٗ عَلٰی جَدِيۡدِ

حضرت محمد پر بیشمار اس کے کہ پیدا فرمایا ہے تونے اسے روئے

اَرْضِكَ فِیْ مُسْتَقَرِّ الْاَرَضِیْنَ شَرْقِهَا وَ

زمین پر زمینوں میں، قرارگاہوں میں ان کے مشرق میں ان کے مغرب

غَرْبِهَا وَسَهْلِهَا وَجِبَالِهَا وَاَوْدِيَتِهَا

میں ہموار میدانوں میں اور پہاڑوں میں اور وادیوں اور راستوں میں اور

وَطَرِیْقِهَا وَعَامِرِهَا وَغَامِرِهَا اِلٰى سَائِرِ

آبادیوں میں اور ویرانوں میں اور تمام وہ چیزیں جو تو نے اس پر پیدا

مَا خَلَقْتَهٗ عَلَيْهَا وَمَا فِيْهَا مِنْ حَصَاةٍ

کی ہیں اور جو تو نے اس میں پیدا کیں ہیں اور جو اس میں پیدا کی ہیں کنکریاں

وَمَدَرٍ وَّحَجَرٍ مِّنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى

ڈھیلے پتھر اور تخلیق دنیا سے روز قیامت تک ہر

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ اَللّٰهُمَّ

دن میں ہزار ہزار مرتبہ اے اللہ درود

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ عَدَدَ نَبَاتِ

بھیج ہمارے آقا محمد پر جو نبی ہیں بشمار اس نباتات

الْاَرْضِ مِنْ قِبْلَتِهَا وَشَرْقِهَا وَغَرْبِهَا

کے جو زمین قبلہ میں ہے اور مشرق میں ہے اور مغرب میں ہے

عہ حضرت شیخ عبدالرحمن سے بحوالہ منقول ہے ۱۲ حاشیہ دلائل الخیرات

عہ فرمایا حضرت شیخ عبدالرحمن نے لفظ الاولیٰ نسخہ ہے

وَسَهْلِهَا وَجِبَالِهَا وَاَوْدِيَتِهَا وَاَشْجَارِهَا

ہموار میدانوں، پہاڑوں اور وادیوں میں ہے ان کے درخت ان کے پھل

وَثِمَارِهَا وَاَوْرَاقِهَا وَزُرُوْعِهَا وَجَمِيْعِ مَا

ان کے پتے ان کی کھیتیاں اور تمام وہ چیزیں جو نکلتی ہیں

يَخْرُجُ مِنْ نَبَاتِهَا وَبَرَكَاتِهَا مِنْ يَوْمِ

نباتات اور برکات روزِ تخلیق دنیا سے یوم

خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِیْ كُلِّ يَوْمٍ

قیامت تک ہر دن میں ہزار ہزار

اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

مرتبہ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ

محمد پر بشمار اس کے کہ پیدا فرمایا ہے تو نے جنوں انسانوں اور

وَالشَّيَاطِيْنِ وَمَا اَنْتَ خَالِقُهٗ مِنْهُمْ اِلٰى

شیطانوں سے اور جن کو تو ان میں سے قیامت تک پیدا فرمانے

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِیْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ اَللّٰهُمَّ

والا ہے ہر دن میں ہزار ہزار بار، اے اللہ

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ کُلِّ شَعْرَةٍ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر بشمار ہر بال کے جو

فِیْ اَبْدَانِهِمْ وَفِیْ وُجُوْهِهِمْ وَعَلٰی رُءُوْسِهِمْ

اُن کے بدنوں ان کے چہروں اور ان کے سروں پر ہے تخلیق دنیا

مُنْذُ خَلَقْتَ الدُّنْیَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ فِیْ کُلِّ

کے دن سے قیامت کے دن تک

یَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

ہر دن میں ہزار ہزار بار اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار

مُحَمَّدٍ عَدَدَ خَفَقَانِ الطَّیْرِ وَطَیَرَانِ الْجِنِّ

حضرت محمد پر بشمار پرندوں کے پر ہلانے کے جنوں اور شیطانوں

وَالشَّیَاطِیْنِ مِنْ یَّوْمٍ خَلَقْتَ الدُّنْیَا اِلٰی


کے اڑنے کے تخلیق دنیا کے دن سے روز


یَوْمِ الْقِیٰمَةِ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ اَللّٰهُمَّ

قیامت تک ہر دن میں ہزار ہزار بار اے اللہ

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ کُلِّ بَهِیْمَةٍ

درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر بیشمار کل جانوروں کے


نقشہ مسجد مدینہ منورہ
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم
ما بین قبری ومنبری روضۃ من
ریاض الجنۃ
قبہ روضہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
منارہ سلیمانیہ
منارہ جبرائیل
منارہ باب السلام
منارہ باب الرحمۃ
منارہ باب الاغوات
باب النساء
باب جبرائیل
باغیچہ رسول
باب السلام
باب الرحمۃ
مشرق
مغرب
شمال



باب علی
سوق کبیر

خَلَقْتَهَا عَلٰى جَدِيْدِ اَرْضِكَ مِنْ صَغِيْرٍ

جنہیں تو نے پیدا کیا ہے روئے زمین پر چھوٹے ہوں یا بڑے

اَوْ كَبِيْرٍ فِىْ مَشَارِقِ الْاَرْضِ وَمَغَارِبِهَا

زمین کے مشرقوں میں یا مغربوں میں

مِنْ اِنْسِهَا وَجِنِّهَا وَمِمَّا لَا يَعْلَمُ عِلْمَهٗ

انسانوں سے اور جنوں سے جن کا علم کسی کو نہیں

اِلَّا اَنْتَ مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَآ اِلٰى يَوْمِ

سوائے تیرے تخلیق دنیا کے دن سے روزِ

الْقِيٰمَةِ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ اَللّٰهُمَّ

قیامت تک ہر دن میں ہزار ہزار بار اے اللہ درود

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ خُطَاهُمْ

بھیج ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر بشمار ان کے قدموں کے جو روئے

عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَا

زمین پر تخلیق دنیا سے قیامت کے

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝

دن تک ہر روز ہزار ہزار بار

اَللّٰھُمَّ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر

مَنْ یُّصَلِّیْ عَلَیْہِ ○ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

بشمار اُن کے جو آپ پر درود بھیجتے ہیں اور درود بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ یُصَلِّ عَلَیْہِ ○ وَ

محمد پر بشمار ان کے جو درود نہیں بھیجتے آپ پر

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْقَطْرِ وَ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر بشمار

الْمَطَرِ وَالنَّبَاتِ ○ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

پانی کے قطروں بارش اور جڑی بوٹیوں کے اور درود بھیج ہمارے آقا

عَدَدَ کُلِّ شَیْءٍ ○ اَللّٰھُمَّ وَصَلِّ عَلٰی

حضرت محمد پر کائنات کی ہر شے کے مطابق اے اللہ درود بھیج

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی ○ وَ

ہمارے آقا حضرت محمد پر رات میں جب وہ چھا جائے

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی النَّھَارِ اِذَا

اور درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر دن میں جب وہ

تَجَلّٰى ○ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى

روشن ہو جائے اور درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر

الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى ○ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

آخرت میں اور دنیا میں اور درود بھیج ہمارے آقا حضرت

شَابًّا زَكِيًّا ○ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

محمدؐ پر جبکہ آپ پاکباز جوان تھے اور درود بھیج ہمارے آقا حضرت

كَهْلًا مَّرْضِيًّا ○ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

محمدؐ پر جبکہ آپ خوش خصال میانہ سال تھے اور درود بھیج ہمارے

مُنْذُ كَانَ فِى الْمَهْدِ صَبِيًّا ○ وَصَلِّ عَلٰى

آقا حضرت محمد پر جبکہ آپ گہوارے میں طفل معصوم تھے اور درود بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنَ الصَّلٰوةِ

ہمارے آقا حضرت محمد پر یہاں تک کہ درودوں میں سے کوئی چیز

شَىْءٌ ○ اَللّٰهُمَّ وَاَعْطِ سَيِّدَنَا مُحَمَّدَا نِ

باقی نہ رہے اے اللہ عطا فرما ہمارے آقا حضرت محمد

الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِىْ وَعَدْتَّهُ الَّذِىْ اِذَا

کو مقام محمود جسکا تونے ان سے وعدہ فرمایا ہے جب وہ بولتا ہے

قَالَ صَدَّقْتَهٗ وَاِذَا سَاَلَ اَعْطَيْتَهٗ ○

تو تو اس کی تصدیق فرماتا ہے جب وہ مانگتا ہے تو اسے عطا فرماتا ہے

اَللّٰهُمَّ وَاَعْظِمْ بُرْهَانَهٗ وَشَرِّفْ بُنْيَانَهٗ

اے اللہ بزرگ کر دے آپ کی دلیل کو بلند کر دے آپکی عمارت کو روشن

وَاَبْلِجْ حُجَّتَهٗ وَبَيِّنْ فَضِيْلَتَهٗ ○ اَللّٰهُمَّ

کر دے آپکی حجت کو اور ظاہر کر دے آپکی فضیلت کو اے اللہ قبول

وَتَقَبَّلْ شَفَاعَتَهٗ فِيْ اُمَّتِهٖ ○ وَاسْتَعْمِلْنَا

فرما آپکی شفاعت کو آپکی امت کے حق میں اور توفیق عطا فرما ہمیں

بِسُنَّتِهٖ وَتَوَفَّنَا عَلٰى مِلَّتِهٖ وَاحْشُرْنَا فِيْ

آپکی سنت پر عمل کرنے کی اور وفات دے ہمیں آپکی ملت پر اور قیامت

زُمْرَتِهٖ وَتَحْتَ لِوَآئِهٖ وَاجْعَلْنَا مِنْ

کے دن آپکے زمرہ میں اور آپ کے جھنڈے کے نیچے ہمارا حشر کرنا اور بنا دے

رُفَقَآئِهٖ وَاَوْرِدْنَا حَوْضَهٗ وَاسْقِنَا

ہمیں آپ کے رفیقوں میں اور پہنچا ہمیں آپکے حوض پر اور پلا ہمیں

بِكَاْسِهٖ وَانْفَعْنَا بِمَحَبَّتِهٖ ○ اَللّٰهُمَّ اٰمِيْنَ ○

آپ کے جام سے اور نفع دے ہمیں آپکی محبت سے اے اللہ اس دعا کو قبول فرما

وَاَسْئَلُكَ بِاَسْمَآئِكَ الَّتِىْ دَعَوْتُكَ

اور مانگتا ہوں میں تجھ سے تیرے ان ناموں کے وسیلہ سے جن سے میں

بِهَا اَنْ تُصَلِّىَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

نے تجھ کو پکارا ہے کہ تو درود بھیجے ہمارے آقا حضرت محمد پر بیشمار

مَا وَصَفْتُ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُ عِلْمَهٗ اِلَّا اَنْتَ

اسکے جو میں نے تیری تعریف کی اور بیشمار اس کے جس کو تیرے بغیر

وَاَنْ تَرْحَمَنِىْ وَتَتُوْبَ عَلَىَّ وَتُعَافِيَنِىْ مِنْ

کوئی نہیں جانتا نیز یہ کہ تو رحم فرما مجھ پر اور رحمت سے توجہ فرما مجھ پر

جَمِيْعِ الْبَلَاۤءِ وَالْبَلْوَآءِ وَاَنْ تَغْفِرَ لِىْ وَلِوَالِدَىَّ وَ

عافیت میں رکھ مجھے تمام مصیبتوں تمام رنجشوں سے یہ کہ بخش دے

تَرْحَمَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ

تو میرے لئے میرے والدین کے لئے اور رحم فرما مومن مردوں پر اور مومن

وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ

عورتوں پر اور مسلمان مردوں پر اور مسلمان عورتوں پر جو زندہ ہیں ان میں سے اور

وَاَنْ تَغْفِرَ لِعَبْدِكَ فُلَانِ ابْنِ فُلَانٍ

جو وفات پا چکے ہیں نیز یہ کہ بخش دے اپنے بندے جو فلاں بیٹا فلاں کا ہے

شیخ علی حریری مدنی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا [illegible]

اَلْمُذْنِبِ الْخَاطِئِ الضَّعِيْفِ وَاَنْ تَتُوْبَ

گنہ گار خطا کار　ناتوان　اور یہ کہ تو قبول کرے

عَلَيْهِ اِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ اَللّٰهُمَّ اٰمِيْن

اس کی بے شک تو بہت بخشنے والا ہے اور ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے اے اللہ

يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

اس دعا کو قبول فرما اے رب العالمین　فرمایا رسول　کریم صلی اللہ

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَءَ هٰذِهِ الصَّلٰوةَ

علیہ وسلم نے کہ جو شخص　پڑھتا ہے اس درود کو ایک بار

مَرَّةً وَّاحِدَةً كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ ثَوَابَ حَجَّةٍ

لکھ دیتا ہے اللہ تعالیٰ اس کیلئے　مقبول حج کا ثواب اور ثواب

مَّقْبُوْلَةٍ وَّثَوَابَ مَنْ اَعْتَقَ رَقَبَةً مِّنْ

اس کا جس نے آزاد کیا ایک غلام اسمٰعیل علیہ السلام　کی

وُّلْدِ اِسْمٰعِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ

اولاد سے　اور فرماتا ہے　اللہ تبارک و تعالیٰ

تَعَالٰى يَا مَلٰٓئِكَتِىْ هٰذَا عَبْدٌ مِّنْ عِبَادِىْ

اے میرے فرشتو! یہ میرے بندوں میں ایک میرا بندہ ہے

عمدہ خیال درود مجموعہ ختم ہو گیا ۱۲ حاشیہ　خطائے کشیدہ عبارت بعض نسخوں میں پڑھی جاتی ۱۲ حاشیہ

اُكْثِرَ الصَّلٰوةَ عَلٰى حَبِيْبِىْ مُحَمَّدٍ فَوَعِزَّتِىْ

جس نے کثرت سے درود پڑھا ہے میرے حبیب محمد پر پس قسم ہے

وَجَلَالِىْ وَجُوْدِىْ وَمَجْدِىْ وَارْتِفَاعِىْ

مجھے اپنی عزت اور اپنے جلال اور اپنی سخاوت اپنی بزرگی اور اپنی بلندی

لَاُعْطِيَنَّهٗ بِكُلِّ حَرْفٍ صَلّٰى بِهٖ قَصْرًا فِى

کی کہ میں ضرور عطا کروں گا اُسے ہر حرف کے بدلے جس سے اس نے درود

الْجَنَّةِ وَلَيَاْتِيَنِّىْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَحْتَ

بھیجا ہے ایک محل جنت میں اور آئے گا میرے پاس قیامت کے

لِوَآءِ الْحَمْدِ نُوْرُ وَجْهِهٖ كَالْقَمَرِ لَيْلَةَ

دن لواءِ حمد کے نیچے اُس کے چہرے کا نور چودھویں رات کے چاند کی طرح

الْبَدْرِ وَكَفُّهٗ فِىْ كَفِّ حَبِيْبِىْ مُحَمَّدٍ ۝

چمک رہا ہو گا اور اس کی ہتھیلی میرے حبیب محمد کی ہتھیلی میں ہو گی

هٰذَا لِمَنْ قَالَهَا فِىْ كُلِّ يَوْمِ الْجُمُعَةِ

یہ اجر اس کے لئے ہے جو ہر جمعہ کو یہ درود پڑھتا ہے اور

لَهٗ هٰذَا الْفَضْلُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝

اللہ تعالیٰ کا فضل بہت بڑا ہے

وَفِی رِوَایَۃٍ ۝ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ

اور دوسری روایت میں جمعہ کا یہ ورد آیا ہے اے اللہ میں مانگتا ہوں

مَا حَمَلَ کُرْسِیُّکَ مِنْ عَظَمَتِکَ وَ

تجھ سے بوسیلہ تیری اس عظمت قدرت جلال اور

قُدْرَتِکَ وَجَلَالِکَ وَبَھَائِکَ وَسُلْطَانِکَ

روشنی بادشاہی کے جسے کرسی نے اٹھایا ہوا ہے اور

وَبِحَقِّ اسْمِکَ الْمَخْزُوْنِ الْمَکْنُوْنِ الَّذِیْ

بوسیلہ تیرے اس نام کے جو پوشیدہ اور مخفی ہے جس سے تو نے

سَمَّیْتَ بِہٖ نَفْسَکَ وَاَنْزَلْتَہٗ فِیْ کِتَابِکَ

اپنی ذات کا نام رکھا ہے نازل فرمایا ہے تو نے اس کو اپنی کتاب میں

وَاسْتَاْثَرْتَ بِہٖ فِیْ عِلْمِ الْغَیْبِ عِنْدَکَ

اور مخصوص کر لیا ہے اسے اپنے پاس علم غیب میں کہ تو درود بھیجے

اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَ

ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر جو تیرے بندے اور

رَسُوْلِکَ وَاَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الَّذِیْ اِذَا دُعِیْتَ

تیرے رسول ہیں اور میں مانگتا ہوں تجھ سے تیرے اس نام کے وسیلہ سے کہ

بِهٖ اَجَبْتَ وَاِذَا سُئِلْتَ بِهٖ اَعْطَيْتَ ۝

جب پکارا جائے تجھے اس نام سے تو تو قبول کرتا ہے اور جب سوال کیا جائے

وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِىْ وَضَعْتَهٗ عَلَى الَّيْلِ

اس کے وسیلہ سے تو تو عطا فرماتا ہے اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اس نام

فَاَظْلَمَ ۝ وَعَلَى النَّهَارِ فَاسْتَنَارَ وَعَلَى

کے وسیلہ سے کہ جس کو تو نے رات پر ڈالا تو اندھیری ہو گئی اور دن پر ڈالا تو

السَّمٰوٰتِ فَاسْتَقَلَّتْ ۝ وَعَلَى الْاَرْضِ

روشن ہو گیا اور آسمانوں پر ڈالا تو بلا ستون قائم ہو گئے اور زمین پر ڈالا تو وہ

فَاسْتَقَرَّتْ ۝ وَعَلَى الْجِبَالِ فَرَسَتْ ۝ وَعَلَى

ٹھہر گئی اور پہاڑوں پر ڈالا تو وہ استوار ہو گئے اور سخت

الصَّعْبَةِ فَذَلَّتْ ۝ وَعَلٰى مَآءِ السَّمَآءِ

چیز پر ڈالا تو وہ نرم ہو گئی اور آسمان کے پانی پر ڈالا تو وہ

فَسَكَبَتْ ۝ وَعَلَى السَّحَابِ فَاَمْطَرَتْ ۝

ٹپک پڑا بادلوں پر ڈالا تو وہ برسنے لگے ہیں

وَاَسْئَلُكَ بِمَا سَاَلَكَ بِهٖ سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ

مانگتا ہوں تجھ سے بوسیلہ اس نام کے جو مانگا ہے تجھ سے ہمارے آقا محمد نے

نَبِیُّكَ ○ وَاَسْئَلُكَ بِمَا سَاَلَكَ بِهٖ سَيِّدُنَا آ

جو تیرے نبی ہیں اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بوسیلہ اس نام کے جس کے

اٰدَمُ نَبِیُّكَ ○ وَاَسْئَلُكَ بِمَا سَاَلَكَ بِهٖ

واسطہ سے مانگا ہے تجھ سے آدم نے اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بوسیلہ

اَنْبِيَاؤُكَ وَرُسُلُكَ وَمَلٰٓئِكَتُكَ الْمُقَرَّبُوْنَ ○

اس نام کے جس کے واسطہ سے مانگا ہے تجھ سے تیرے انبیاء نے تیرے رسولوں

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ ○ وَاَسْئَلُكَ

نے تیرے مقرب فرشتوں نے اللہ تعالیٰ کے درود ہوں ان سب پر مانگتا ہوں

بِمَا سَاَلَكَ بِهٖ اَهْلُ طَاعَتِكَ اَجْمَعِيْنَ ٭

تجھ سے بوسیلہ اس نام کے جس واسطہ سے مانگا ہے تجھ سے تیرے تمام فرماں

اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ﷺ وَّعَلٰٓى اٰلِ

برداروں نے یہ کہ تو درود بھیجے ہمارے آقا حضرت محمد پر اور آپکی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ مِنْ قَبْلِ

آل پر بیشمار اس کے جو پیدا کیا ہے تونے اس سے

اَنْ تَكُوْنَ السَّمَآءُ مَبْنِيَّةً وَّالْاَرْضُ مَطْحِيَّةً

پہلے کہ آسمان بنایا جائے اور زمین بچھائی جائے اور پہاڑ گاڑے جائیں

وَّالْجِبَالُ مُرْسِيَةً وَّالْعُيُونُ مُنْفَجِرَةً وَّ

اور چشمیں بہنے لگیں اور نہریں رواں ہوں اور سورج چمکے اور

الْاَنْهَارُ مُنْهَمِرَةً وَّالشَّمْسُ مُضْحِيَةً وَّ

چاند روشن ہو اور ستارے

الْقَمَرُ مُضِيْئًا وَّالْكَوَاكِبُ مُنِيْرَةً ۝ اَللّٰهُمَّ

تابندہ ہوں اے اللہ درود بھیج

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

ہمارے آقا حضرت محمد پر اور آپ کی آل پر بشمار اپنے

مُحَمَّدٍ عَدَدَ عِلْمِكَ ۝ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

علم کے اور درود بھیج ہمارے آقا حضرت

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ حِلْمِكَ ۝

محمد پر اور آپ کی آل پر بشمار اپنے حلم کے

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

اور درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر اور آپ کی

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَآ اَحْصَاهُ اللَّوْحُ الْمَحْفُوْظُ

آل پر بشمار اس کے کہ احاطہ کیا ہے لوحِ محفوظ نے تیرے

مِنْ عِلْمِكَ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

علم سے اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا

محمد پر اور آپکی آل پر بشمار اس کے کہ چلا ہے اس کے ساتھ

جَرٰى بِهِ الْقَلَمُ فِىْٓ اُمِّ الْكِتٰبِ عِنْدَكَ ○

قلم لوح محفوظ میں تیرے نزدیک درود بھیج

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

ہمارے آقا حضرت اور آپ کی آل پر اسقدر کہ بھر

مُحَمَّدٍ مِّلْءَ سَمٰوٰتِكَ ○ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

جائیں تیرے آسمان اور درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِّلْءَ اَرْضِكَ ○

اور آپکی آل پر اسقدر کہ بھر جائے تیری زمین

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر اور آپکی آل پر

مُحَمَّدٍ مِّلْءَ مَآ اَنْتَ خَالِقُهٗ مِنْ يَّوْمِ

اسقدر کہ بھر جائے جو کچھ تونے پیدا فرمایا ہے

خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ

دنیا کی پیدائش کے دن سے روزِ قیامت تک اے اللہ درود

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر اور آپکی آل پر بشمار

مُحَمَّدٍ عَدَدَ صُفُوْفِ الْمَلٰٓئِكَةِ وَتَسْبِيْحِهِمْ

فرشتوں کی صفوں کے ان کی تسبیحات کے

وَتَقْدِيْسِهِمْ وَتَحْمِيْدِهِمْ وَتَمْجِيْدِهِمْ وَ

ان کی تقدیس کے ان کی حمد کے ان کی تمجید کے ان کی

تَكْبِيْرِهِمْ وَتَهْلِيْلِهِمْ مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ

تکبیر کے ان کی تہلیل کے تخلیق دنیا کے دن سے

الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

روزِ قیامت تک اے اللہ درود بھیج ہمارے

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

آقا حضرت محمد پر اور آپکی آل پر بشمار دوڑنے

السَّحَابِ الْجَارِيَةِ وَالرِّيَاحِ الذَّارِيَةِ مِنْ

والے بادلوں کے چلنے والی ہواؤں کے دنیا کی تخلیق

يَوْمَ خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

کے دن سے روز قیامت تک اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

حضرت محمد پر اور آپکی آل پر بشمار ہر قطرہ

كُلِّ قَطْرَةٍ تَقْطُرُ مِنْ سَمٰوٰتِكَ اِلٰى اَرْضِكَ

کے جو ٹپکہ تیرے آسمانوں سے تیری زمین پر

وَمَا تَقْطُرُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اور جو ٹپکے گا قیامت تک اے اللہ درود بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ہمارے آقا حضرت محمد پر اور آپکی آل پر بشمار چلنے

عَدَدَ مَا هَبَّتِ الرِّيَاحُ وَعَدَدَ مَا تَحَرَّكَتِ

ہواؤں کے اور بشمار حرکت کرنے

الْاَشْجَارُ وَالْاَوْرَاقُ وَالزُّرُوْعُ وَجَمِيْعُ مَا

درختوں اور پتوں اور کھیتوں کے اور تمام وہ چیزیں جو

خَلَقْتَ فِىْ قَرَارِ الْحِفْظِ مِنْ يَوْمِ خَلَقْتَ

پیدا کی ہیں تونے حفاظت کی قرار گاہ میں تخلیق دنیا کے دن سے

عدد بعض نسخوں میں وما تقطر من یوم خلقت الدنیا الی یوم القیمۃ — ہے ساقط زیادہ ہے یوم خلقت الدنیا سے ۱۲ فاسی

الدُّنْيَآ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

روزِ قیامت تک اے اللہ درود بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

ہمارے آقا محمد پر اور آپ کی آل پر بےشمار بوندوں بارشوں

الْقَطْرِ وَالْمَطَرِ وَالنَّبَاتِ مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ

جڑی بوٹیوں کے تخلیق دُنیا کے دن سے روزِ قیامت تک

الدُّنْيَآ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

محمد پر اور آپ کی آل پر بشمار آسمان

النُّجُوْمِ فِى السَّمَآءِ مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَآ اِلٰى

کے ستاروں کے تخلیق دنیا سے روزِ قیامت

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

تک اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ

حضرت محمد پر اور آلِ محمد پر بشمار اسکے کہ پیدا کیا تونے

فِيْ بِحَارِكَ السَّبْعَةِ مِمَّا لَا يَعْلَمُ عِلْمَهٗ إِلَّا

اپنے سات سمندروں میں جنہیں تیرے بغیر کوئی نہیں

أَنْتَ وَمَا أَنْتَ خَالِقُهٗ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ○

جانتا اور جو تو پیدا فرمانے والا ہے روزِ قیامت تک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الرَّمْلِ وَالْحَصٰى فِيْ

اور آپ کی آل پر بشمار ریت کے ذروں سنگریزوں کے جو

مَشَارِقِ الْأَرْضِ وَمَغَارِبِهَا ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

زمین کے مشارق میں ہیں یا مغارب میں اے اللہ درود

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر اور آپکی آل پر بشمار اس کے

عَدَدَ مَا خَلَقْتَ مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ وَمَا أَنْتَ

کہ پیدا فرمایا تو نے جنوں یا انسانوں سے

خَالِقُهٗ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

جو تو پیدا فرمانے والا ہے قیامت تک اے اللہ

(۱) بعض نسخوں میں بعد یہاں پر فیہ بعض میں فیہا ہے باراده مذکور تاکریا مجر محیط ۱۲ حاشیہ

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر اور آپ کی آل پر بشمار

عَدَدَ اَنْفَاسِهِمْ وَاَلْفَاظِهِمْ وَاَلْحَاظِهِمْ

ان کے سانسوں الفاظ دیکھنے کے تخلیق دنیا سے لے کر

مِّنْ یَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْیَآ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ○

روزِ قیامت تک اے اللہ درود

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر اور آلِ محمد پر جنوں

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ طَیَرَانِ الْجِنِّ وَالْمَلٰٓئِكَةِ

اور فرشتوں کی تعداد پروازوں کی تعداد کے مطابق

مِنْ یَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْیَآ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ○

تخلیق دنیا سے روزِ قیامت تک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الطُّیُوْرِ وَالْهَوَآمِّ وَ

اور آپ کی آل پر بشمار پرندوں کیڑوں

عَدَدَ الْوُحُوْشِ وَالْاٰكَامِ فِیْ مَشَارِقِ الْاَرْضِ وَ

جنگلی جانوروں اور ٹیلوں کے جو زمین کے مشارق اور مغارب

مَغَارِبِهَا ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

میں ہیں اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

حضرت محمد پر اور آپ کی آل پر بشمار

الْاَحْيَاءِ وَالْاَمْوَاتِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

زندوں کے اور مُردوں کے اے اللہ درود بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ہمارے آقا حضرت محمد پر اور آپ کی آل پر

عَدَدَ مَا اَظْلَمَ عَلَيْهِ الَّيْلُ وَاَشْرَقَ عَلَيْهِ

بشمار اس کے کہ تاریک ہوئی اس پر رات اور روشن ہوا

النَّهَارُ مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ

اس پر دن تخلیق دنیا سے لے کر روز قیامت تک

الْقِيٰمَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر اور آپ کی آل پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ يَّمْشِىْ

بشمار ان کے جو چلتے ہیں دو ٹانگوں پر

عَلٰى رِجْلَيْنِ وَمَنْ يَّمْشِىْ عَلٰٓى اَرْبَعٍ مِّنْ يَّوْمِ

اور جو چلتے ہیں چار ٹانگوں پر تخلیق دنیا سے روزِ

خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

قیامت تک اے اللہ درود بھیج ہمارے

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ صَلّٰى

آقا حضرت محمد پر اور آپ کی آل پر بشمار اس کے کہ

عَلَيْهِ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ

درود بھیجا ہے آپ پر جن وانس نے اور فرشتوں نے

مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ○

تخلیق دنیا سے روزِ قیامت تک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ يُّصَلِّىْ عَلَيْهِ ○

پر اور آپ کی آل پر بشمار اس کے جو آپ پر درود بھیجتے ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ ○

آپ کی آل پر بشمار ان کے جو درود نہیں بھیجتے آپ پر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر اور آپ کی

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا يَجِبُ اَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ ○

آل پر جسطرح واجب ہے کہ درود بھیجا جائے آپ پر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر اور آل محمد

مُحَمَّدٍ كَمَا يَنْبَغِيْ اَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

پر جسطرح آپ کی شایان شان ہے اے اللہ درود بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَتّٰى

ہمارے آقا حضرت محمد پر اور آپکی آل پر یہاں تک کہ درود

لَا يَبْقٰى شَيْءٌ مِّنَ الصَّلٰوةِ عَلَيْهِ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

سے کچھ باقی نہ رہے اے اللہ درود بھیج ہمارے

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ ۝ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

آقا حضرت محمد پر اولین میں اور درود بھیج ہمارے

مُحَمَّدٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ ۝ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

آقا حضرت محمد پر آخرین میں اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ فِی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ۝

حضرت محمد پر ملاءِ اعلیٰ میں روزِ قیامت تک جو اللہ چاہتا ہے وہی

مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝ ع

ہوتا ہے کچھ زور نہیں مگر اللہ تعالیٰ کی توفیق سے جو اعلیٰ اور عظیم ہے

یہاں حزب جمعہ ختم نہیں ہوا آگے پڑھیں

اَلْحِزْبُ السَّادِسُ فِیْ یَوْمِ السَّبْتِ

چھٹی منزل جو ہفتہ کے روز پڑھی جاتی ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر اور ہمارے آقا حضرت محمدؐ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاَعْطِهِ الْوَسِیْلَةَ وَالْفَضِیْلَةَ

کی آل پر اور عطا فرما انہیں وسیلہ اور فضیلت

ہفتہ کا حزب شروع

وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَا ۨ

اور درجہ بلند اور مبعوث فرما آپ کو مقام محمود پر جس کا تو نے

الَّذِىْ وَعَدْتَّهٗ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝

اُن سے وعدہ فرمایا ہے بے شک تو وعدہ خلافی نہیں کرتا

اَللّٰهُمَّ عَظِّمْ شَانَهٗ وَبَيِّنْ بُرْهَانَهٗ وَاَبْلِجْ

اے اللہ بزرگ کردے آپکی شان کو اور ظاہر کردے آپکی دلیل کو اور روشن

حُجَّتَهٗ وَبَيِّنْ فَضِيْلَتَهٗ وَتَقَبَّلْ شَفَاعَتَهٗ

کردے آپکی حجت کو اور واضح کردے آپ کی فضیلت کو اور قبول فرما آپکی شفاعت

فِىْٓ اُمَّتِهٖ وَاسْتَعْمِلْنَا بِسُنَّتِهٖ يَارَبَّ

کو آپکی اُمت کے بارے میں اور عمل کرنے کی توفیق عطا فرما آپکی سنت پر

الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَيَارَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝

یارب العالمین اور اے عرش عظیم کے رب

اَللّٰهُمَّ يَارَبِّ احْشُرْنَا فِىْ زُمْرَتِهٖ وَ

اے اللہ اے ہمارے رب ہمارا حشر کر آپ کے گروہ میں آپکے جھنڈے

تَحْتَ لِوَآئِهٖ وَاسْقِنَا بِكَاْسِهٖ وَانْفَعْنَا

کے نیچے اور پلا ہمیں آپ کے ساغر سے

عہ ملک عظیم یا عسیم الحظم محیط کے جہان سے احکام اور مقادیر اترتے ہیں ۱۲ انوار التنزیل واسرار التاویل

بِمَحَبَّتِهٖ اٰمِيْنَ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

اور نفع بخش ہمیں آپ کی محبت سے یارب العالمین

اَللّٰهُمَّ يَا رَبِّ بَلِّغْهُ عَنَّا اَفْضَلَ السَّلَامِ وَ

اے اللہ اے ہمارے رب پہنچا آپ کو ہماری طرف سے برگزیدہ سلام

اجْزِهٖ عَنَّا اَفْضَلَ مَا جَازَيْتَ بِهٖ النَّبِيَّ

اور جزا دے آپ کو ہماری طرف سے بہترین جزا جو دی ہے تو نے کسی نبی

عَنْ اُمَّتِهٖ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ يَا رَبِّ

کو اس کی امت کی طرف سے اے سارے جہانوں کے پروردگار اے اللہ

اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اَنْ تَغْفِرَ لِيْ وَتَرْحَمَنِيْ وَتَتُوْبَ

اے میرے رب میں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ بخش دے مجھے اور رحم کر مجھ

عَلَيَّ وَتُعَافِيَنِيْ مِنْ جَمِيْعِ الْبَلَاءِ وَالْبَلْوَاءِ

پر اور رحمت سے توجہ فرما مجھ پر اور بچالے مجھے تمام مصیبتوں سے تمام

الْخَارِجِ مِنَ الْاَرْضِ وَالنَّازِلِ مِنَ السَّمَاءِ

آفتوں سے جو نکلنے والی ہوں زمین سے یا اترنے والی ہوں آسمان سے بے شک

اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ بِرَحْمَتِكَ وَاَنْ

تو ہر چیز پر قادر ہے اپنی رحمت سے اور یہ کہ

تَغْفِرَ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ

بخش دے مومن مردوں کو اور بخش دے مومن عورتوں کو جو زندہ ہیں ان

وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْیَاۗءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ وَ

مسلمان مردوں کو اور مسلمان عورتوں کو جو زندہ ہیں ان میں اور جو فوت ہو

رَضِیَ اللّٰهُ عَنْ اَزْوَاجِهِ الطَّاهِرَاتِ اُمَّهَاتِ

چکی ہیں راضی ہو اللہ تعالیٰ آپ کی ازواج سے جو پاک ہیں تمام

الْمُؤْمِنِیْنَ وَرَضِیَ اللّٰهُ عَنْ اَصْحَابِهٖ

مسلمانوں کی مائیں ہیں اور راضی ہو اللہ تعالیٰ آپ کی اصحاب سے

الْاَعْلَامِ اَئِمَّةِ الْهُدٰی وَمَصَابِیْحِ الدُّنْیَا

جو بزرگ ہیں اور ہدایت کے پیشوا ہیں اور دنیا کے خطاط چراغ

وَعَنِ التَّابِعِیْنَ وَتَابِعِ التَّابِعِیْنَ لَهُمْ

ہیں اور سب تابعین سے جنہوں نے پیروی کی تابعین کی خوبی کیساتھ

بِاِحْسَانٍ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

قیامت تک سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں جو پروردگار ہے

الْعٰلَمِیْنَ ۞ ع

سب جہانوں کا

ف بعض نسخوں میں اللھم اغفر ہے ۱۲ افاسی

ف جمعہ کا حزب یہاں تک ختم پڑھے کر جمعہ کی منزل یہاں تمام ہوئی اور بعض نے دوسرا شروع حزب

(هذا ابتداء الثلث الثالث) یہاں سے ثلث ثالث کا آغاز

اَللّٰهُمَّ رَبَّ الْاَرْوَاحِ وَالْاَجْسَادِ الْبَالِيَةِ

اے اللہ سب روحوں کے اور بوسیدہ جسموں کے پروردگار میں سوال

اَسْئَلُكَ بِطَاعَةِ الْاَرْوَاحِ الرَّاجِعَةِ اِلٰى

کرتا ہوں تجھ سے ان روحوں کی اطاعت کے واسطہ سے جو لوٹنے والی ہیں

اَجْسَادِهَا وَبِطَاعَةِ الْاَجْسَادِ الْمُلْتَئِمَةِ

اپنے جسموں کی طرف اور ان جسموں کی اطاعت کے وسیلہ سے جو

بِعُرُوْقِهَا وَبِكَلِمَاتِكَ النَّافِذَةِ فِيْهِمْ وَ

اپنی رگوں سے جڑے ہوئے ہیں اور بواسطہ تیرے ان کلمات کے جو

اَخْذِكَ الْحَقَّ مِنْهُمْ وَالْخَلَائِقُ بَيْنَ يَدَيْكَ

نافذ ہونے والے ہیں ان میں اور بواسطہ اس کے کہ تو حق ان سے لے گا اس

يَنْتَظِرُوْنَ فَصْلَ قَضَائِكَ وَيَرْجُوْنَ

حال میں کہ ساری مخلوق تیرے سامنے حاضر ہوگی انتظار کر رہے ہوں گے

رَحْمَتَكَ وَيَخَافُوْنَ عِقَابَكَ اَنْ تَجْعَلَ

تیرے فیصلے کا اور امیدوار ہوں گے تیری رحمت کے اور ڈرتے ہونگے تیرے عذاب

النُّوْرَ فِيْ بَصَرِيْ وَذِكْرَكَ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ

سے کہ عطا فرما نور میری آنکھ میں اور اپنے ذکر کی توفیق رات اور دن میں

منزل ربع چوتھائی ... پڑھی جاتی ہے

عَلٰی لِسَانِیْ وَعَمَلًا صَالِحًا فَارْزُقْنِیْ ○

میری زبان پر اور نیک عمل پس عطا فرما مجھے اے اللہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا

درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر جسطرح درود بھیجا تو نے

صَلَّیْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا اِبْرٰھِیْمَ وَبَارِكْ عَلٰی

ہمارے سردار ابراہیم پر اور برکتیں نازل فرما ہمارے

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا

آقا حضرت محمدؐ پر جسطرح برکتیں نازل فرمائیں

اِبْرٰھِیْمَ ○ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلَوٰاتِكَ وَ

تو نے ہمارے سردار ابراہیم پر اے اللہ نازل فرما اپنے درود اور اپنی

بَرَکَاتِكَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

برکتیں ہمارے آقا حضرت محمدؐ پر اور ہمارے آقا حضرت

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا جَعَلْتَھَا عَلٰی سَیِّدِنَا

محمد کی آل پر جسطرح نازل کی ہیں تو نے ہمارے سردار

اِبْرٰھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا اِبْرٰھِیْمَ اِنَّكَ

ابراہیم پر اور ہمارے سردار ابراہیم کی آل پر بے شک

حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تعریف کیا گیا بزرگ ہے برکتیں نازل فرما ہمارے آقا محمدؐ پر اور

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى

آپکی آل پر جسطرح برکتیں نازل فرمائیں تونے حضرت ابراہیم پر

سَيِّدِنَآ اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَآ اِبْرٰهِيْمَ

اور حضرت ابراہیم کی آل پر بے شک تو تعریف

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

کیا گیا بزرگ ہے اے اللہ درود بھیج ہمارے

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ

آقا حضرت محمد پر جو تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں اور

عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ

رحمت بھیج مومن مردوں اور مومن عورتوں پر مسلمان مردوں اور

وَالْمُسْلِمَاتِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

اپنے حجابات کے کناروں کو اور آگاہ کیا ہے تو نے انہیں اپنے پوشیدہ

غَيْبِكَ وَاخْتَرْتَ مِنْهُمْ خَزَنَةً لِّجَنَّتِكَ وَ

غیب پر اور پسند کیا ہے تو نے ان میں سے بعض کو بطور نگہبان اپنی جنت

حَمَلَةً لِّعَرْشِكَ وَجَعَلْتَهُمْ مِّنْ اَكْثَرِ جُنُوْدِكَ

کا اور بعض کو اٹھانے والا اپنے عرش کا اور بنا دیا ہے تو نے انہیں اپنے

وَفَضَّلْتَهُمْ عَلَى الْوَرٰى وَاَسْكَنْتَهُمُ السَّمٰوٰتِ

لشکر اور بزرگی دی ہے تو نے اپنی مخلوق پر اور آباد کیا ہے تو نے انہیں

الْعُلٰى وَنَزَّهْتَهُمْ عَنِ الْمَعَاصِىْ وَالدَّنَآءَاتِ

بلند آسمانوں پر اور پاک کیا ہے انہیں گناہوں سے اور بُری خصلتوں سے

ع خزنہ جمع خازن کی ہے یعنی نگہبانی کرنے والا خزنہ جنت بہت سے ہیں اور بڑی سب رضوان ہیں

وَقَدَّسْتَهُمْ عَنِ النَّقَائِصِ وَالْاٰفَاتِ فَصَلِّ

اور پاکیزہ کیا تو نے ان کو نقائص اور بری آفتوں سے

عَلَيْهِمْ صَلٰوةً دَائِمَةً تَزِيْدُهُمْ بِهَا فَضْلًا

پس درود بھیج ان پر ایسا درود جو ہمیشہ رہنے والا ہے زیادہ کرے تو

وَّنَجْعَلُنَا لِاسْتِغْفَارِهِمْ بِهَا اَهْلًا ۝ اَللّٰهُمَّ

ان کو اسکی برکت سے بزرگی میں اور بناوے تو ہمیں اسکے طفیل استغفار کا مستحق

وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ اَنْبِيَائِكَ وَرُسُلِكَ الَّذِيْنَ

اے اللہ درود بھیج اپنے تمام نبیوں اور اپنے رسولوں پر جن کے سینوں کو

شَرَحْتَ صُدُوْرَهُمْ وَاَوْدَعْتَهُمْ حِكْمَتَكَ وَ

تو نے کھول دیا اور جن کے پاس کو تو نے اپنی حکمت کو بطور امانت رکھا

طَوَّقْتَهُمْ نُبُوَّتَكَ وَاَنْزَلْتَ عَلَيْهِمْ كُتُبَكَ وَ

اور طوق پہنایا ان کو اپنی نبوت کا اور نازل فرمایا تو نے ان پر اپنی

هَدَيْتَ بِهِمْ خَلْقَكَ وَدَعَوْا اِلٰى تَوْحِيْدِكَ

کتاب کو اور ہدایت دی تو نے ان کے ذریعے اپنی مخلوق کو اور بلایا انہوں نے

وَشَوَّقُوْا اِلٰى وَعْدِكَ وَخَوَّفُوْا مِنْ وَّعِيْدِكَ

تیری توحید کیطرف اور شوق دلایا تیرے وعدہ کرم کا اور ڈرایا تیری دھمکی سے

وَاَرْشَدُوْا اِلٰى سَبِيْلِكَ وَقَامُوْا بِحُجَّتِكَ

اور راہنمائی کی تیری راہ کیطرف اور کھڑے ہوئے تیری حجت اور دلیل کے

وَدَلِيْلِكَ وَسَلِّمِ اللّٰهُمَّ عَلَيْهِمْ تَسْلِيْمًا وَّ

ساتھ اور سلام بھیج اے اللہ ان پر بہترین سلام اور عطا فرما

هَبْ لَنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا ○

ہمیں اُن پر درود بھیجنے کا اجرِ عظیم اے اللہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر اور آپکی آل پر

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً مَّقْبُوْلَةً

ایسا درود جو ہمیشہ رہنے والا مقبول ہو کہ ادا فرمائے تو اسکے سبب

تُؤَدِّيْ بِهَا عَنَّا حَقَّهُ الْعَظِيْمَ ○ اَللّٰهُمَّ

ہماری طرف سے آپکے عظیم حق کو اے اللہ درود

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْحُسْنِ وَ

بھیج ہمارے آقا حضرت محمد پر جو صاحب حسن و جمال

الْجَمَالِ وَالْبَهْجَةِ وَالْكَمَالِ وَالْبَهَاءِ وَالنُّوْرِ

اور صاحب شگفتگی و کمال اور روشنی و نور والے

وَالْوِلْدَانِ وَالْحُوْرِ وَالْغُرَفِ وَالْقُصُوْرِ وَ

غلمانوں حوروں اور آراستہ کمروں محلات کے مالک ہیں

اللِّسَانِ الشَّكُوْرِ وَالْقَلْبِ الْمَشْكُوْرِ وَالْعِلْمِ

جن کی زبان شکر گزار اور جن کے دل کی ثنا خداوند عالم نے کی جن کا

الْمَشْهُوْرِ وَالْجَيْشِ الْمَنْصُوْرِ وَالْبَنِيْنَ وَ

علم مشہور ہے اور جن کا لشکر غالب و منصور ہے بیٹوں اور بیٹیوں کے

الْبَنَاتِ وَالْاَزْوَاجِ الطَّاهِرَاتِ وَالْعُلُوِّ عَلَى

باپ پاک بیبیوں کے خاوند درجات میں سب سے بلند

الدَّرَجَاتِ وَالزَّمْزَمِ وَالْمَقَامِ وَالْمَشْعَرِ الْحَرَامِ

زمزم، مقام، مشعر حرام کے والی

وَاجْتِنَابِ الْاٰثَامِ وَتَرْبِيَةِ الْاَيْتَامِ وَالْحَجِّ

گناہوں سے اجتناب کرنے والے یتیموں کی پرورش کرنیوالے

وَتِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ وَتَسْبِيْحِ الرَّحْمٰنِ وَصِيَامِ

حج تلاوت قرآن اور تسبیح رحمٰن اور صیام رمضان میں

رَمَضَانَ وَاللِّوَاءِ الْمَعْقُوْدِ وَالْكَرَمِ وَالْجُوْدِ

مصروف رہنے والے باندھے ہوئے پرچم کے علمبردار بزرگی

وَالْوَفَآءِ بِالْعُهُوْدِ صَاحِبِ الرَّغْبَةِ وَالتَّرْغِيْبِ

سخاوت　ایفاء عہد کی صفات　سے　موصوف ،

وَالْبَغْلَةِ وَالنَّجِيْبِ وَالْحَوْضِ وَالْقَضِيْبِ النَّبِيِّ

نیک کاموں کی رغبت رکھنے والے اور دلانے والے، خچر اور اصیل گھوڑے کے شہسوار، حوض کوثر اور تلوار کے مالک ،

الْاَوَّابِ النَّاطِقِ بِالصَّوَابِ الْمَنْعُوْتِ فِي الْكِتَابِ

ایسے نبی جو اللہ کی طرف رجوع کرنے والے ہیں، حق بات کہنے والے جن کی تعریف ہر آسمانی کتاب میں

النَّبِيِّ عَبْدِ اللّٰهِ النَّبِيِّ كَنْزِ اللّٰهِ النَّبِيِّ

کی گئی ہے ایسے نبی جو اللہ کے بندے ہیں　ایسے نبی جو اللہ کا خزانہ ہیں ایسے نبی

حُجَّةِ اللّٰهِ النَّبِيِّ مَنْ اَطَاعَهٗ فَقَدْ اَطَاعَ

جو اللہ کی دلیل ہیں ایسے نبی　جس نے آپ کی اطاعت کی گویا

اللّٰهَ وَمَنْ عَصَاهُ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ النَّبِيِّ

اُس نے اللہ کی اطاعت کی جس نے آپ کی نافرمانی کی گویا اُس نے اللہ　کی نافرمانی کی

الْعَرَبِيِّ الْقُرَشِيِّ الزَّمْزَمِيِّ الْمَكِّيِّ التِّهَامِيِّ صَاحِبِ

ایسے نبی جو عربی ،　قرشی ،　زمزمی ،　مکی ، تہامی ہیں

الْوَجْهِ الْجَمِيْلِ وَالطَّرْفِ الْكَحِيْلِ وَالْخَدِّ

خوبصورت چہرے　والے ،　سُرمگیں　آنکھوں والے ، گلگوں

۵۰۷۔ شیخ نے فرمایا کہ اللہ پر وقف لازم ہے اور النبی کے الف کو زبر سے پڑھنا ضروری ہے تاکہ معنی فاسد نہ ہو (فاسی)

اَلۡاَسۡبَلِ وَالۡكَوۡثَرِ وَالسَّلۡسَبِيۡلِ قَاهِرِ

رُخسار والے ، کوثر و سلسبیل کے مالک ، مخالفین پر

الۡمُضَادِّيۡنَ مُبِيۡدِ الۡكٰفِرِيۡنَ وَقَاتِلِ

غالب آنے والے ، کافروں کی بیخ کنی کرنے والے

الۡمُشۡرِكِيۡنَ قَائِدِ الۡغُرِّ الۡمُحَجَّلِيۡنَ اِلٰى

مشرکین کو تہ تیغ کرنے والے چمکتی پیشانیوں اور چمکتے ہوئے ہاتھ پاؤں

جَنَّاتِ النَّعِيۡمِ وَجِوَارِ الۡكَرِيۡمِ صَاحِبِ

والوں کو جنت نعیم کی طرف اور جوارِ کریم کی طرف قیادت کرنے والے

سَيِّدِنَا جِبۡرِيۡلَ عَلَيۡهِ السَّلَامُ وَرَسُوۡلِ رَبِّ

جبرئیلؑ کے صاحب رب العالمین کے رسول

الۡعٰلَمِيۡنَ وَشَفِيۡعِ الۡمُذۡنِبِيۡنَ وَغَايَةِ الۡغَمَامِ ۝

گنہ گاروں کے شفیع اور بارش ابرِ رحمت کی

وَمِصۡبَاحِ الظَّلَامِ وَقَمَرِ التَّمَامِ صَلَّى اللّٰهُ

اور چراغ اندھیروں کے اور چودھویں کے چاند دُرود

عَلَيۡهِ وَعَلٰٓى اٰلِهِ الۡمُصۡطَفَيۡنَ مِنۡ اَطۡهَرِ جِبِلَّةٍ

بھیجے اللہ تعالیٰ آپ پر آپ کی آل پر جو چنے ہوئے ہیں پاکیزہ ترین گروہ سے

ع سلسبیل ایک چشمہ ہے بہشت میں ۱۲ (قاموس) ع ہلاک کرنیوالے منکرین اللہ اور رسول کے تلوار اور لشکر اور دعا سے ۱۲ افاسی

صَلٰوةً دَآئِمَةً عَلَى الْاَبَدِ غَيْرَ مُضْمَحِلَّةٍ

ایسا درود جو ابد تک ہمیشہ رہے منقطع نہ ہو درود بھیجے اللہ تعالیٰ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ صَلٰوةً يَتَجَدَّدُ

آپ پر اور آپ کی آل پر ایسا درود تازہ ہوتی رہے اس سے

بِهَا حُبُوْرُهٗ وَيُشَرَّفُ بِهَا فِي الْمِيْعَادِ

آپ کے دل کی مسرت اور بلند ہو اُس کی برکت سے روزِ قیامت

بَعْثُهٗ وَنُشُوْرُهٗ فَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى

آپ کا قبر سے باہر تشریف لانا پس درود بھیجے اللہ تعالیٰ آپ

اٰلِهِ الْاَنْجُمِ الطَّوَالِعِ صَلٰوةً تَجُوْدُ عَلَيْهِمْ

پر اور آپ کی آل پر جو چمکنے والے ستارے ہیں ایسا درود جو برسے اُن پر

اَجْوَدَ الْغُيُوْثِ الْهَوَامِعِ اَرْسَلَهٗ مِنْ اَرْجَحِ

موسلا دھار مینہ کی طرح بھیجا ہے اللہ تعالیٰ نے آپ کو عرب کے اُس قبیلہ سے

الْعَرَبِ مِيْزَانًا وَّاَوْضَحِهَا بَيَانًا وَّ

جس کا میزان سب سے بھاری ہے اور جس کی گفتگو واضح ہے جس کی زبان فصیح ہے

اَفْصَحِهَا لِسَانًا وَّاَشْمَخِهَا اِيْمَانًا وَّاَعْلٰهَا

اور جس کا ایمان بلند ہے جس کا مرتبہ بلند تر ہے

عه یشرف بضم یائے تحتیہ و تشدید رائے مہملہ اور صحیح یہ ہے کہ بفتح یائے تحتیہ وبضم رائے مہملہ مبنی للفاعل ۱۲ فاسی

مَقَامًا وَّاَحْلٰهَا كَلَامًا وَّاَوْفٰهَا ذِمَامًا

جس کا کلام شیریں ہے جس کی بزرگی مکمل ہے جس کا ضمیر

وَّاَصْفٰهَا رَغَامًا ۝ فَاَوْضَحَ الطَّرِيْقَةَ وَ

خاص تر ہے پس واضح کر دیا اس نے راستہ کو اور

نَصَحَ الْخَلِيْقَةَ وَشَهَّرَ الْاِسْلَامَ وَكَسَّرَ

نصیحت کی مخلوق کو اور مشہور کیا اسلام کو اور توڑ ڈالا

الْاَصْنَامَ وَاَظْهَرَ الْاَحْكَامَ وَحَظَرَ الْحَرَامَ

بتوں کو اور ظاہر کیا احکام شریعت کو اور منع کیا

وَعَمَّ بِالْاِنْعَامِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ

حرام کو عام کیا اپنے انعام کو درود بھیجے اللہ تعالیٰ آپ پر اور آپ کی آل پر

فِيْ كُلِّ مَحْفِلٍ وَّمَقَامٍ اَفْضَلَ الصَّلٰوةِ وَ

ہر محفل میں ہر مقام میں بزرگ ترین درود

السَّلَامِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَوْدًا وَّ

و سلام درود بھیجے اللہ تعالیٰ آپ پر اور آپ کی آل پر بار بار لوٹ کر آنے والا

بَدْءًا ۝ صَلٰوةً تَكُوْنُ ذَخِيْرَةً وَّوِرْدًا صَلَّى

اور نیا نیا درود جو ذخیرہ ہو اور ورد ہو درود بھیجے

ع ایک نسخہ میں رداءً ہے بمعنی عون وقوت و عماد (فاسی)

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ صَلٰوةً تَامَّةً زَاكِيَةً

اللہ تعالیٰ آپ پر اور آپ کی آل پر ایسا درود جو مکمل ہو پاکیزہ ہو

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ صَلٰوةً يَّتْبَعُهَا

اور درود بھیجے اللہ تعالیٰ آپ پر اور آپ کی آل پر ایسا درود جس کے پیچھے آئے

رَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ وَّيَعْقُبُهَا مَغْفِرَةٌ وَّرِضْوَانٌ ○

رحمت اور راحت اور مترتب ہو اس پر مغفرت اور خوشنودی

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰٓى اَفْضَلِ مَنْ طَابَ مِنْهُ

اور درود بھیجے اللہ تعالیٰ اس بزرگ ترین پر جس سے حسب پاکیزہ ہوئے

النِّجَارُ وَسَمَا بِهِ الْفَخَارُ وَاسْتَنَارَتْ

مکارم اخلاق کو بلندی نصیب ہوئی اور جس کی پیشانی کے نور سے

بِنُوْرِ جَبِيْنِهِ الْاَقْمَارُ ○ وَتَضَآءَلَتْ عِنْدَ

چاند منور ہوئے جس کے دستِ مبارک کی سخاوت کے

جُوْدِ يَمِيْنِهِ الْغَمَآئِمُ وَالْبِحَارُ سَيِّدِنَا وَ

سامنے بادل اور سمندر حقیر بن گئے یعنی ہمارے آقا اور

نَبِيِّنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ بِبَاهِرِ اٰيَاتِهٖ

ہمارے نبی محمد پر جس کی روشن نشانیوں سے

اَضَاءَتِ الْاَنْجَادُ وَالْاَغْوَارُ وَبِمُعْجِزَاتِ

اُونچے ٹیلے اور گہری وادیاں جگمگانے لگیں اور جس کے معجزات

اٰیَاتِہٖ نَطَقَ الْکِتٰبُ وَتَوَاتَرَتِ الْاَخْبَارُ

سے اللہ تعالیٰ کی کتاب اور متواتر حدیثیں گویا ہوئیں

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰۤی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ

دُرود بھیجے اللہ تعالیٰ آپ پر اور آپ کی آل پر اور آپ کے اصحاب پر

الَّذِیْنَ ھَاجَرُوْا لِنُصْرَتِہٖ وَنَصَرُوْہُ فِیْ

جنہوں نے ہجرت کی آپ کی مدد کے لئے اور جنہوں نے

ھِجْرَتِہٖ فَنِعْمَ الْمُھَاجِرُوْنَ وَنِعْمَ الْاَنْصَارُ

مدد کی آپ کی ہجرت میں پس کتنے اچھے ہیں مہاجر اور کتنے اچھے ہیں انصار

صَلٰوۃً نَامِیَۃً دَآئِمَۃً مَّا سَجَعَتْ فِیْۤ

ایسا دُرود جو ہر لحظہ بڑھنے والا ہمیشہ رہنے والا ہو

اَیْکِھَا الْاَطْیَارُ وَھَمَعَتْ بِوَبْلِھَا الدِّیَمَۃُ

جب تک زمزمہ سنج رہیں اپنے آشیانوں میں پرندے اور برسا رہے موسلادھار مینہ

اَلْمِدْرَارُ ضَاعَفَ اللّٰہُ عَلَیْہِ دَآئِمَ صَلَوَاتِہٖ

کئی گنا کر دے اللہ تعالیٰ آپ پر اپنے دائمی دُرودوں کو

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِہِ

اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا محمد پر اور آپ کی آل پر جو

الطَّیِّبِیْنَ الْکِرَامِ صَلٰوۃً مَّوْصُوْلَۃً دَآئِمَۃً

پاکیزہ ہیں بزرگ ہیں ایسا درود جو ہمیشہ ملا ہوا ہو ہمیشہ کے لئے

الْاِتِّصَالِ بِدَوَامِ ذِی الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ؀

ذی الجلال والاکرام کے دوام کے ساتھ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا محمد پر جو

ھُوَ قُطْبُ الْجَلَالَۃِ وَشَمْسُ النُّبُوَّۃِ وَالرِّسَالَۃِ

شانِ جلالی کے قطب ہیں ، آسمانِ نبوت ورسالت

وَالْھَادِیْ مِنَ الضَّلَالَۃِ وَالْمُنْقِذُ مِنَ

کے آفتاب ہیں جو گمراہی سے ہدایت دینے والے ہیں

الْجَھَالَۃِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلٰوۃً

جہالت سے نجات دینے والے ہیں اللہ تعالیٰ درود بھیجے

دَآئِمَۃَ الْاِتِّصَالِ وَالتَّوَالِیْ مُتَعَاقِبَۃً

آپ پر اور سلام بھیجے ایسا درود جو ہمیشہ متصل ہو اور

بِتَعَاقُبِ الْاَيَّامِ وَاللَّيَالِيْ ○

پے در پے ہو اور گردشِ لیل و نہار کے بعد یکے بعد دیگرے آتا ہے

نوٹ :۔ یہاں اتوار کا حزب ختم ہوا

اَلْحِزْبُ الثَّامِنُ فِيْ يَوْمِ الْاِثْنَيْنِ

آٹھویں منزل سوموار کے دن

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨ النَّبِيِّ

اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا محمد پر جو نبی

الزَّاهِدِ رَسُوْلِ الْمَلِكِ الصَّمَدِ الْوَاحِدِ صَلَّى

زاہد ہیں جو رسول ہیں بادشاہ بے نیاز اور یکتا کے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً دَآئِمَةً اِلٰى مُنْتَهَى

درود بھیجے اللہ تعالیٰ آپ پر اور سلام بھیجے ایسا درود جو ہمیشہ رہنے والا ہو

الْاَبَدِ بِلَا انْقِطَاعٍ وَّلَا نَفَادٍ صَلٰوةً

ابد کی انتہا تک بغیر کسی انقطاع اور انتہا کے ایسا درود کہ تو نجات دے

تُنْجِيْنَا بِهَا مِنْ حَرِّ جَهَنَّمَ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ○

ہمیں اس کی برکت سے جہنم کی گرمی سے اور وہ بہت برا ٹھکانہ ہے

فرمایا شیخ نے کہ جو کوئی روز پنجشنبہ کو یہاں سے پڑھنا شروع کرے اور جمعہ کو ختم کرے [illegible]

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالنَّبِيِّ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا محمد پر جو نبی

الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ صَلٰوةً لَّا يُحْصٰى لَهَا

امّی ہیں اور آپ کی آل پر اور سلام ایسا درود جس کا عدد

عَدَدٌ وَّلَا يُعَدُّ لَهَا مَدَدٌ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

گنا نہ جا سکے اور جس کو شمار نہ کیا جا سکے اے اللہ درود بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُكْرِمُ بِهَا مَثْوَاهُ

ہمارے آقا محمد پر ایسا درود معزز بنا دے تو اس کے سبب

وَتُبَلِّغُ بِهَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الشَّفَاعَةِ رِضَاهُ ○

آپ کی آرام گاہ کو اور پہنچا دے تو اس کے سبب قیامت کے دن قبولِ شفاعت سے آپ کی خوشنودی کو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالنَّبِيِّ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا محمد پر جو نبی

الْاَصِيْلِ السَّيِّدِ النَّبِيْلِ الَّذِيْ جَآءَ بِالْوَحْيِ

اصیل ہیں سردار بزرگ ہیں جو لے آئے وحی کو اور قرآن کو

وَالتَّنْزِيْلِ وَاَوْضَحَ بَيَانَ التَّاْوِيْلِ وَجَآءَهٗ

اور واضح کر دیا تاویل کے بیان کو اور آئے جن کی خدمت میں

عسہ آٹھواں حزب شروع مشائخ چشت کے نزدیک جمعہ کے روز سے پہلے منزل پڑھی جاتی ہے اس کے بعد منزل ہے

اَلْاَمِیْنُ سَیِّدُنَا جِبْرِیْلُ عَلَیْہِ السَّلَامُ بِالْکَرَامَۃِ

جبریل امین علیہ السلام کرامت اور فضیلت

وَالتَّفْضِیْلِ وَاَسْرٰی بِہِ الْمَلِکُ الْجَلِیْلُ فِی

کا مژدہ لے کر اور سیر کرائی جن کو بزرگ بادشاہ نے تاریک اور

اللَّیْلِ الْبَھِیْمِ الطَّوِیْلِ فَکَشَفَ لَہٗ عَنْ اَعْلَی

طویل رات میں پس اُٹھا دیئے آپ کے لیے عالم غیب کے پردے جو برتر ہے

الْمَلَکُوْتِ وَاَرَاہُ سَنَاءَ الْجَبَرُوْتِ وَنَظَرَ اِلٰی

اور دکھایا آپ کو عالم جبروت کی بلندیوں کو اور دیکھا آپ نے ہمیشہ زندہ رہنے والے

قُدْرَۃِ الْحَیِّ الدَّآئِمِ الْبَاقِی الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ ○ صَلَّی اللّٰہُ

ہمیشہ باقی رہنے والے خدا کی قدرت جسے موت نہیں آتی درود بھیجے اللہ تعالیٰ

عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ صَلٰوۃً مَّقْرُوْنَۃً بِالْجَمَالِ وَالْحُسْنِ وَ

آپ پر اور سلام بھیجے ایسا درود جو ملا ہوا ہو جمال حسن اور کمال

الْکَمَالِ وَالْخَیْرِ وَالْاِفْضَالِ ○ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

بھلائی اور بزرگیوں کے ساتھ اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاَقْطَارِ ○ وَصَلِّ

محمد پر اور آپ کی آل پر بشمار بارش کے قطروں کے درود بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ہمارے آقا محمد پر اور آپ کی آل پر

عَدَدَ وَرَقِ الْاَشْجَارِ ۝ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بشمار درختوں کے پتوں کے درود بھیج ہمارے آقا

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ زَبَدِ الْبِحَارِ ۝

محمد پر اور آپ کی آل پر بشمار سمندر کی جھاگ کے

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

اور درود بھیج ہمارے آقا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاَنْهَارِ ۝ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

بشمار دریاؤں کے اور درود بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ رَمْلِ

محمد پر اور آپ کی آل پر بشمار صحراؤں کی

الصَّحَارٰى وَالْقِفَارِ ۝ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

ریت کے اور چٹیل میدانوں کے اور درود بھیج ہمارے آقا محمد پر

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ ثِقْلِ

اور آپ کی آل پر بوزن بوجھ

اَلْجِبَالِ وَالْاَحْجَارِ ۝ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

پہاڑوں پتھروں کے اور درود بھیج ہمارے آقا محمد پر

وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَ

اور آپ کی آل پر بشمار اہل جنت اور

اَهْلِ النَّارِ ۝ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

اہل دوزخ کے درود بھیج ہمارے آقا محمد پر

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاَبْرَارِ وَالْفُجَّارِ ۝ وَصَلِّ

اور آپ کی آل پر بشمار نیکوکاروں اور بدکاروں کے

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

درود بھیج ہمارے آقا محمد پر اور آپ کی آل پر بشمار

عَدَدَ مَا یَخْتَلِفُ بِهِ الَّیْلُ وَالنَّهَارُ ۝ وَاجْعَلِ

اس کے کہ یکے بعد دیگرے آتے رہیں رات اور دن بنا دے اے اللہ

اللّٰهُمَّ صَلَاتَنَا عَلَیْهِ حِجَابًا مِّنْ عَذَابِ

درود کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ہمارے لئے پردہ عذاب دوزخ سے

النَّارِ وَسَبَبًا لِاِبَاحَةِ دَارِ الْقَرَارِ اِنَّكَ اَنْتَ

ذریعہ کہ جنت ہمارے لئے مباح ہو بے شک تو

الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ۝ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

غالب اور بخشنے والا ہے اور درود بھیجے اللہ تعالیٰ ہمارے آقا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ وَذُرِّيَّتِهِ الْمُبَارَكِيْنَ

اور آپ کی آل پر جو پاک ہیں اور آپ کی اولاد پر

وَصَحَابَتِهِ الْاَكْرَمِيْنَ وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ

جو مبارک ہے اور آپ کے صحابہ پر جو بزرگ ہیں اور آپ کی ازواج پر جو مومنوں کی

الْمُؤْمِنِيْنَ صَلٰوةً مَّوْصُوْلَةً تَتَرَدَّدُ اِلٰى

مائیں ہیں ایسا درود جو بڑا ہوا ہو پے در پے ہو قیامت کے دن

يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِ

تک اے اللہ! درود بھیج نیکوں کے سردار پر

الْاَبْرَارِ وَزَيْنِ الْمُرْسَلِيْنَ الْاَخْيَارِ وَاَكْرَمِ

برگزیدہ رسولوں کی زینت پر اور سب سے بزرگ پر

مَنْ اَظْلَمَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ وَاَشْرَقَ عَلَيْهِ النَّهَارُ ۝

جن پر رات تاریک ہوئی اور جن پر دن روشن ہوا

ثَلٰثًا ۝ اَللّٰهُمَّ يَا ذَا الْمَنِّ الَّذِىْ لَا يُكَافِىْ

(یہ تین بار پڑھے) اے اللہ! اے ایسے احسان والے کہ نہیں بدلا ہو سکتا

عہ فرمایا حضرت شیخ نے کہ یہ درود افضل درودوں سے ہے اس لئے کہ مؤلف نے اس پر کتاب کو ختم کیا ہے ۱۲ حاشیہ دلائل الخیرات

عہ [illegible] تین بار پڑھو

اُمْتِنَانُهٗ وَالطَّوْلِ الَّذِیْ لَا یُجَازٰی اِنْعَامُهٗ

اس کے اِنعام کا اے ایسی بخشش والے کہ نہیں عوض ہو سکتا اس کے اِنعام و اِحسان کا

وَاِحْسَانُهٗ نَسْئَلُكَ بِكَ وَلَا نَسْئَلُكَ بِاَحَدٍ

سوال کرتے ہیں ہم تجھ سے تیرے واسطے سے اور نہیں سوال کرتے ہم تجھ سے

غَیْرِكَ اَنْ تُطْلِقَ اَلْسِنَتَنَا عِنْدَ السُّؤَالِ وَ

سوا تیرے یہ کہ گویا کردے تو ہماری زبانوں کو منکر نکیر کے سوال کے وقت

وَتُوَفِّقَنَا لِصَالِحِ الْاَعْمَالِ وَتَجْعَلَنَا مِنَ

اور توفیق دے ہمیں اچھے عملوں کی اور کردے ہمیں امن والوں سے اُس دن کہ

الْاٰمِنِیْنَ یَوْمَ الرَّجْفِ وَالزِّلْزَالِ یَا ذَا الْعِزَّةِ

لرزیں زمینیں اور آوے بھونچال اے عزت و بزرگی والے

وَالْجَلَالِ ۝ اَسْئَلُكَ یَا نُوْرَ النُّوْرِ قَبْلَ الْاَزْمِنَةِ

سوال کرتا ہوں میں تجھ سے اے سب نوروں کے نور تمام زمانوں اور

وَالدُّهُوْرِ ۝ اَنْتَ الْبَاقِیْ بِلَا زَوَالٍ نِ الْغَنِیُّ

مدتوں سے پہلے تو ہی باقی رہنے والا ہے بغیر زوال کے غنی ہے

بِلَا مِثَالٍ نِ الْقُدُّوْسُ الطَّاهِرُ الْعَلِیُّ الْقَاهِرُ

بغیر مثال کے بالکل پاک ہے منزہ ہے برتر ہے سب پر غالب ہے

الَّذِیْ لَا یُحِیْطُ بِهٖ مَکَانٌ وَّلَا یَشْتَمِلُ عَلَیْهِ

جسے نہ احاطہ کر سکے کوئی مکان اور نہ مشتمل ہو اس کو کوئی زمانہ

زَمَانٌ ○ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَآئِكَ الْحُسْنٰی کُلِّهَا

میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بوسیلہ تیرے جملہ اسمائے حسنیٰ کے

وَبِاَعْظَمِ اَسْمَآئِكَ اِلَیْكَ وَاَشْرَفِهَا عِنْدَكَ

اور بوسیلہ تیرے سب سے بڑے ناموں کے تیرے نزدیک اور

مَنْزِلَةً وَّاَجْزَلِهَا عِنْدَكَ ثَوَابًا وَّاَسْرَعِهَا

بزرگ ترین ناموں کے تیرے پاس مرتبہ میں جن کا ثواب تیرے نزدیک بڑا عظیم ہے

مِنْكَ اِجَابَةً وَّبِاسْمِكَ الْمَخْزُوْنِ الْمَکْنُوْنِ

جن کے ذریعے تو جھٹ پٹ دعا قبول کرتا ہے اور بوسیلہ تیرے اس نام کے جو مستور ہے چھپا ہوا ہے

الْجَلِیْلِ الْاَجَلِّ الْکَبِیْرِ الْاَکْبَرِ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ

بزرگ ہے برتر ہے بڑا ہے سب سے بڑا عظیم ہے سب سے عظیم جسے تو دوست رکھتا

الَّذِیْ تُحِبُّهٗ وَتَرْضٰی عَمَّنْ دَعَاكَ بِهٖ وَ

ہے اور تو راضی ہوتا ہے اپنے اس بندے سے جو پکارتا ہے

تَسْتَجِیْبُ لَهٗ دُعَآءَهٗ ○ اَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِلَا

تجھے اس نام سے اور قبول فرماتا ہے تو اس کے لئے اس کی دعا کو سوال کرتا ہوں میں تجھ سے

اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ

اے اللہ بوسیلہ اس کے کوئی معبود نہیں سوائے تیرے تو بڑا مہربان بڑا احسان کرنے والا پیدا کرنے والا

وَالْاَرْضِ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَ

آسمانوں اور زمین کا بزرگی اور کرم والا جاننے والا غیب

الشَّهَادَةِ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالُ ۝ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِیْمِ

اور شہادت کا بزرگ برتر سوال کرتا ہوں میں تجھ سے بوسیلہ تیرے نام کے جو عظیم ہے

الْاَعْظَمِ الَّذِیْ اِذَا دُعِیْتَ بِهٖ اَجَبْتَ وَاِذَا

سب سے عظیم وہ جب بلایا جائے تو اس کے ساتھ تو قبول فرماتا ہے

سُئِلْتَ بِهٖ اَعْطَیْتَ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِیْ

اور جب سوال کیا جائے اس کے ذریعہ تو عطا فرماتا ہے اور سوال کرتا ہوں میں تجھ سے

یَذِلُّ لِعَظَمَتِهٖ الْعُظَمَآءُ وَالْمُلُوْكُ وَالسِّبَاعُ

تیرے اس نام کے وسیلہ سے کہ سر جھکا دیتے ہیں جس کی عظمت کے سامنے سارے بڑے بادشاہ

وَالْهَوَامُّ وَكُلُّ شَیْءٍ خَلَقْتَهٗ یَا اَللّٰهُ یَا رَبِّ

سارے درندے زمینی کیڑے اور ہر چیز جس کو تو نے پیدا فرمایا ہے اے اللہ! اے میرے رب قبول فرما

اسْتَجِبْ دَعْوَتِیْ یَا مَنْ لَّهُ الْعِزَّةُ وَالْجَبَرُوْتُ

میری دعا کو اے وہ ذات جس کے لئے عزت اور غلبہ ہے

يَا ذَا الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ يَا مَنْ هُوَ حَيٌّ لَّا

اے مالک ظاہری اور باطنی جہانوں کے اے وہ جو ہمیشہ زندہ ہے جو مرتا نہیں

يَمُوْتُ سُبْحَانَكَ رَبِّ مَا اَعْظَمَ شَانَكَ

پاک ہے تو اے میرے رب کیا بڑی شان ہے تیری

وَاَرْفَعَ مَكَانَكَ اَنْتَ رَبِّيْ يَا مُتَقَدِّسًا فِيْ

اور کتنا اونچا مرتبہ ہے تیرا تو میرا رب ہے اے ہر نقص سے پاک

جَبَرُوْتِهٖ اِلَيْكَ اَرْغَبُ وَاِيَّاكَ اَرْهَبُ يَا عَظِيْمُ يَا

اپنی صفات میں تیری طرف ہی رغبت کرتا ہوں اور تجھی سے ڈرتا ہوں میں

كَبِيْرُ يَا جَبَّارُ يَا قَادِرُ يَا قَوِيُّ تَبَارَكْتَ يَا عَظِيْمُ

اے عظیم اے کبیر اے ٹوٹے دلوں کو جوڑنے والے اے قادر اے توانا بڑا برکت والا ہے

تَعَالَيْتَ يَا عَلِيْمُ سُبْحَانَكَ يَا عَظِيْمُ

تو اے عظیم بہت بلند ہے تو اے سب کچھ جاننے والے پاک ہے تو اے عظیم

سُبْحَانَكَ يَا جَلِيْلُ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ

پاک ہے تو اے جلیل سوال کرتا ہوں میں تجھ سے بوسیلہ تیرے اسم عظیم کے جو کامل ہے

التَّآمِّ الْكَبِيْرِ اَنْ لَّا تُسَلِّطَ عَلَيْنَا جَبَّارًا

بڑا ہے یہ کہ نہ مسلط کرے تو ہم پر سرکش کو جھگڑالو کو

سے یہ نسخہ سہیلیہ میں ہے معتمد نسخوں میں نہیں ۱۲ فاسی ؏ قدرت رکھنے والا ہر ان چیزوں پر جو اس کے ارادہ اور مشیت سے متعلق ہیں ۱۲ حرز الامان

عَنِيْدًا وَّلَا شَيْطَانًا مَّرِيْدًا وَّلَا اِنْسَانًا

اور کسی شیطان سرکش کو　　اور نہ کسی حاسد انسان کو

حَسُوْدًا وَّلَا ضَعِيْفًا مِّنْ خَلْقِكَ وَلَا

اور نہ کسی کمزور کو　　اپنی مخلوق سے اور نہ

شَدِيْدًا وَّلَا بَارًّا وَّلَا فَاجِرًا وَّلَا عَنِيْدًا وَّلَا

کسی طاقتور کو اور نہ کسی نیکوکار کو اور نہ بدکار کو اور نہ کسی منکر حق کو اور نہ کسی سرکش مخالف کو

عَنِيْدًا ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ فَاِنِّيْ اَشْهَدُ

اے اللہ! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے　　پس میں گواہی دیتا ہوں کہ

اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْوَاحِدُ

بے شک تو ہی اللہ ہے　　وہ کہ کوئی معبود نہیں سوائے تیرے

الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ

اکیلا، یکتا بے نیاز　　ایسا کہ نہ کسی کو جنا　　اور نہ کسی سے جنا گیا اور نہ

يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ يَا هُوَ يَا مَنْ لَّا هُوَ اِلَّا هُوَ يَا مَنْ

اس کا کوئی ہمسر ہے　　اے وہ کہ نہیں کوئی ایسا　　مگر وہی اے وہ کہ نہیں کوئی

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يَا اَزَلِيُّ يَا اَبَدِيُّ يَا دَهْرِيُّ يَا دَيْمُوْمِيُّ

معبود مگر وہی، اے وہ جس کی ابتدا نہیں اے وہ جس کی انتہا نہیں　　اے قدیم ازلی اے دائم ابد

يَا مَنْ هُوَ الْحَيُّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ يَا اِلٰهَنَا وَ

اَے وہ جو ایسا زندہ ہے کہ ہرگز مرتا نہیں اَے ہمارے معبود اور

اِلٰهَ كُلِّ شَيْءٍ اِلٰهًا وَّاحِدًا لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ○

ہر شے کے معبود، معبودِ یکتا، نہیں کوئی معبود مگر تو   اَے اللہ!

اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ

پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمین کے   ، جاننے والے غیب

وَالشَّهَادَةِ الرَّحْمٰنَ الرَّحِيْمَ الْحَيَّ الْقَيُّوْمَ

و شہادت کے بہت ہی مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والے، خود زندہ، دُوسروں کو زندہ کرنے والے

الدَّيَّانَ الْحَنَّانَ الْمَنَّانَ الْبَاعِثَ الْوَارِثَ

بدلہ دینے والے، بڑے مہربان، بہت احسان کرنے والے   مُردوں کو اُٹھانے والے، سب کے وارث۔

ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ○ قُلُوْبُ الْخَلَائِقِ بِيَدِكَ

اَے بزرگی اور بخشش والے،   لوگوں کے دِل تیرے

نَوَاصِيْهِمْ اِلَيْكَ فَاَنْتَ تَزْرَعُ الْخَيْرَ فِيْ

دستِ قدرت میں ہیں اُن کی پیشانیاں تیری طرف جھکی ہیں پس تو ہی بوتا ہے بھلائی کو ان کے

قُلُوْبِهِمْ وَتَمْحُوا الشَّرَّ اِذَا شِئْتَ مِنْهُمْ ○

دِلوں میں اور مٹاتا ہے شر کو جب   تو چاہتا ہے ان سے

علی ۱۰ دیان بمعنی قاضی اور حاکم اور جزا دینے والے کے جو کچھ عمل کوئی کرے ۱۲ کرے بلا خیر و شر دونوں کی جزا اسی ۱۲۔۱۰ فاسی علی خان کے معنی بہت مہربان بندگان

سہ منان کے معنے احسان کرنے والا آفریدگان کا ۱۲

فَاَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ اَنْ تَمْحُوَ مِنْ قَلْبِىْ كُلَّ

پس میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے اللہ مٹادے تو میرے دل سے ہر وہ چیز

شَىْءٍ تَكْرَهُهٗ وَاَنْ تَحْشُوَ قَلْبِىْ مِنْ خَشْيَتِكَ

جو تو ناپسند کرتا ہے اور بھردے میرے دل کو اپنے خوف سے

وَمَعْرِفَتِكَ وَرَهْبَتِكَ وَالرَّغْبَةِ فِيْمَا عِنْدَكَ

اپنی معرفت سے، اپنے ڈر سے اور ان نعمتوں کی رغبت سے

وَالْاَمْنِ وَالْعَافِيَةِ وَاعْطِفْ عَلَيْنَا بِالرَّحْمَةِ

جو تیرے پاس ہیں اور امن سے اور عافیت سے اور توجہ فرما ہم پر رحمت کے ساتھ

وَالْبَرَكَةِ مِنْكَ وَاَلْهِمْنَا الصَّوَابَ وَالْحِكْمَةَ ○

اور برکت کے ساتھ اپنی جناب سے اور ہمارے دلوں میں ڈال دے درست بات

فَنَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ عِلْمَ الْخَائِفِيْنَ وَاِنَابَةَ

اور دانائی کی بات پس ہم سوال کرتے ہیں تجھ سے اے اللہ! ڈرنے والوں کا علم اور عاجزی

الْمُخْبِتِيْنَ وَاِخْلَاصَ الْمُوْقِنِيْنَ وَشُكْرَ

کرنے والوں کی توجہ یقین والوں کا خلوص صابرین کا شکر

الصَّابِرِيْنَ وَتَوْبَةَ الصِّدِّيْقِيْنَ ○ وَنَسْئَلُكَ

صدیقین کی توبہ اور ہم مانگتے ہیں تجھ سے

اَللّٰهُمَّ بِنُورِ وَجْهِكَ الَّذِیْ مَلَأَ اَرْكَانَ

اے اللہ بوسیلہ تیری ذات کے — نور کے جس نے لبریز کر دیا ہے تیرے عرش کے سارے

عَرْشِكَ اَنْ تَنْزَعَ فِیْ قَلْبِیْ مَعْرِفَتَكَ حَتّٰٓی

گوشوں کو کہ بو دے تو میرے دل میں — اپنی معرفت یہاں تک کہ میں

اَعْرِفَكَ حَقَّ مَعْرِفَتِكَ كَمَا یَنْبَغِیْٓ اَنْ تُعْرَفَ

پہچان لوں تجھے جس طرح تیرے — پہچاننے کا حق ہے اور جس طرح

بِهٖ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ

سزاوار ہے کہ تو پہچانا جائے اور درود بھیجے اللہ تعالیٰ ہمارے آقا محمد پر اور ہمارے نبی

وَاِمَامِ الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ

اور سردار محمد پر جو خاتم الانبیاء ہیں اور سب رسولوں کے امام ہیں اور آپ کی

تَسْلِیْمًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ○

آل پر اور آپ کے اصحاب پر اور سلام بھیجے بہترین سلام، سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے جو رب العالمین ہے

۴ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِمُؤَلِّفِهٖ وَارْحَمْهُ وَاجْعَلْهُ

اے اللہ بخش دے اس کے مؤلف کو — اور اس کے قاری کو اس کے کاتب

مِنَ الْمَحْشُوْرِیْنَ فِیْ زُمْرَةِ النَّبِیّٖنَ وَ

کو اور ان سب پر رحم فرما اور کر دے ان کو ان لوگوں میں جو حشر کئے جائیں نبیوں کے ساتھ جائیں گے

۴ یہاں سے لے کر آخر تک ... نہیں پڑھنا

الصِّدِّيقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصَّالِحِيْنَ

انبیاء و صدیقین کے گروہ میں، شہداء اور صالحین کے گروہ میں قیامت

بِفَضْلِكَ يَا رَحْمٰنُ ع وَاغْفِرِ اللّٰهُمَّ لَنَا وَ

کے دن اپنے فضل سے اے رحمٰن اے رحیم اے اللہ بخش دے

لِوَالِدِيْنَا وَلِاُسْتَاذِيْنَا وَلِمَشَآئِخِنَا وَلِجَمِيْعِ

ہمارے لیے اور ہمارے والدین، ہمارے استاذوں کو، ہمارے مشائخ کو اور تمام مومن مردوں

الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

اور عورتوں کو مسلمان مردوں اور عورتوں کو

الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ بِرَحْمَتِكَ يَا

جو زندہ ہیں ان میں سے اور جو فوت ہو چکے ہیں اپنی رحمت سے

اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○ وَاَنْ تَتُوْبَ عَلَيْهِ اِنَّكَ

اے ارحم الراحمین اور تو اس کی توبہ قبول فرما بیشک تو

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ اَللّٰهُمَّ اٰمِيْنَ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ○

بخشنے والا رحم فرمانے والا ہے۔ اے میرے اللہ تو دعا کو قبول فرما اے تمام جہانوں کے پالنے والے

ثُمَّ تَقْرَأُ هٰذِهِ الْكَلِمَاتِ اَرْبَعَةَ عَشَرَ مَرَّةً

پھر یہ درود چودہ مرتبہ پڑھنا چاہیے کیونکہ ان کے پڑھنے میں فضل عظیم ہے

وَهِيَ هٰذِهٖ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى بَدْرِ التَّمَامِ ○

وباللہ التوفیق اور وہ درود شریف یہ ہے اے اللہ! درود بھیج چودھویں رات کے چاند پر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى نُوْرِ الظَّلَامِ ○ اَللّٰهُمَّ

اے اللہ درود بھیج ظلمتوں کے نور پر اے اللہ درود بھیج

صَلِّ عَلٰى مِفْتَاحِ دَارِ السَّلَامِ ○ اَللّٰهُمَّ

جنت کی کلید پر اے اللہ درود بھیج

صَلِّ عَلَى الشَّفِيْعِ فِيْ جَمِيْعِ الْاَنَامِ ○ ثُمَّ

تمام عالم کے شفیع پر پھر یہ اشعار

تَقْرَاُ هٰذِهِ الْاَبْيَاتَ الْمَنْسُوْبَةَ لِلْمُؤَلِّفِ

پھر یہ ابیات پڑھیں یہ بھی مصنف رحمۃ اللہ علیہ کی طرف منسوب ہیں

يَا رَحْمَةَ اللّٰهِ اِنِّيْ خَائِفٌ وَّجِلٌ ○

اے اللہ کی رحمت میں خائف ہوں ڈرنے والا ہوں

يَا نِعْمَةَ اللّٰهِ اِنِّيْ مُفْلِسٌ عَانٍ ○

اے اللہ کی نعمت میں مفلس اور کنگال ہوں

وَلَيْسَ لِيْ عَمَلٌ اَلْقَى الْعَلِيْمَ بِهٖ ○

میرے پاس کوئی عمل نہیں جس کے ساتھ میں خدائے علیم کی ملاقات کروں

ع یہ درود منظوم ہے چودہ بار ترنم سے پڑھا جائے ۱۲

خط کشیدہ عبارت مت پڑھیں ۱۲

سِوٰے محبّتِكَ العُظمٰى وَاِيمَانِى ○

سوائے تیری محبتِ عظمٰی کے اور اپنے ایمان کے

فَكُن اَمَانِى مِن شَرِّ الحَيٰوةِ وَمِن ○

پس بن جائیے میری پناہ زندگی کے شر سے اور

شَرِّ المَمَاتِ وَمِن اِحرَاقِ جُثمَانِى ○

موت کے شر سے اور اس سے کہ میرا جسم جلایا جائے

وَكُن غِنَاءَ الَّذِى مَا بَعدَهٗ فَلَسٌ ○

اور ہو جائیے میری غنا جس کے بعد افلاس نہیں ہے

وَكُن فَكَاكِى مِن اَغلَالِ عِصيَانِى ○

اور ہو جائیے میری رہائی گناہوں کی زنجیروں سے

تَحِيَّةُ الصَّمَدِ المَولٰى وَرَحمَتُهٗ ○

اللہ بے نیاز اور مالک کا تحفہ اور اس کی رحمت ہو

مَا غَنَّتِ الوُرقُ فِى اَورَاقِ اَغصَانٍ ○

جب تک کہ پرندے پتوں والی شاخوں میں گیت گاتے رہیں

عَلَيكَ يَا عُروَتِى الوُثقٰى وَيَا سَنَدِى ○

آپ پر اے میرے مضبوط وسیلے اور اے میرے مکمل بھروسے

اَلْاَوْفٰى وَمَنْ مَّدْحُهٗ رَوْحِيْ وَرَيْحَانِيْ ○

اے وُہ جس کی تعریف میری راحت اور میری فرحت ہے

ثُمَّ تَقْرَءُ الْفَاتِحَةَ لِلْمُؤَلِّفِ وَهٰذَا الدُّعَآءُ

پھر مصنف کے لئے فاتحہ پڑھی جائے اور دلائل الخیرات کے اختتام کے

يُقْرَأُ عَقِيْبَ خَتْمِ دَلَآئِلِ الْخَيْرٰتِ

بعد یہ دعا پڑھی جائے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

اَللّٰهُمَّ عہ اشْرَحْ بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ صُدُوْرَنَا ○

اے اللہ کھول دے اپنے حبیب پر درود بھیجنے کے طفیل ہمارے سینوں کو

وَيَسِّرْ بِهَا اُمُوْرَنَا ○ وَفَرِّجْ بِهَا هُمُوْمَنَا ○

اور آسان کر دے اس کی برکت سے ہمارے کاموں کو دُور فرما دے ہمارے غموں کو

وَاكْشِفْ بِهَا غُمُوْمَنَا ○ وَاغْفِرْ بِهَا

کھول دے ہمارے غموں کو اور بخش دے اس کی برکت سے

ذُنُوْبَنَا ○ وَاقْضِ بِهَا دُيُوْنَنَا ○ وَاَصْلِحْ

ہمارے گناہوں کو ادا کر دے اس کے طفیل ہمارے قرضوں کو درست کر دے اس کی

خط کشیدہ عبارت نہ پڑھیں

عہ یہ دعا مؤلف شیخ احمد نخلی شیخ الشیخ مولانا شاہ ولی اللہ صاحب دہلوی کی ہے ۱۲

بِهَا اَحْوَالَنَا ○ وَبَلِّغْ بِهَا اٰمَالَنَا ○ وَتَقَبَّلْ

برکت سے ہمارے احوال کو اور پہنچا دے ہمیں اس کے سبب اپنی امیدوں تک اور قبول فرما

بِهَا تَوْبَتَنَا ○ وَاغْسِلْ بِهَا حُوْبَتَنَا ○

اس کے طفیل ہماری توبہ کو اور دھو دے اس کی برکت سے ہمارے گناہ کو

وَانْصُرْ بِهَا حُجَّتَنَا ○ وَطَهِّرْ بِهَا اَلْسِنَتَنَا ○

اور مدد فرما اس کے طفیل ہماری حجت کی اور پاک کر دے اس کی برکت سے

وَاٰنِسْ بِهَا وَحْشَتَنَا ○ وَارْحَمْ بِهَا غُرْبَتَنَا ○

ہماری زبانوں کو اور مانوس کر دے اس کی برکت سے ہماری وحشت کو اور رحم فرما اس کے صدقے ہماری غربت پر

وَاجْعَلْهَا نُوْرًا بَيْنَ اَيْدِيْنَا وَمِنْ خَلْفِنَا ○

اور بنا دے اس کو ایک نور ہمارے سامنے اور ہمارے پیچھے

وَعَنْ اَيْمَانِنَا ○ وَعَنْ شَمَآئِلِنَا ○ وَمِنْ

اور ہماری دائیں جانب ہماری بائیں جانب ہمارے اوپر

فَوْقِنَا وَمِنْ تَحْتِنَا ○ وَفِيْ حَيَاتِنَا وَمَوْتِنَا ○

ہمارے نیچے ہماری زندگی میں ہماری موت میں

وَفِيْ قُبُوْرِنَا وَحَشْرِنَا وَنَشْرِنَا وَظِلًّا فِيْ

ہماری قبروں میں اور میدان حشر میں اور قیامت کے دن بنا دے اسے سایہ

الْقِيٰمَةِ عَلٰى رُءُوْسِنَا ○ وَثَقِّلْ بِهَا مَوَازِيْنَ

قیامت کے دن ہمارے سروں پر اور وزنی بنادے اس کے ساتھ ہماری نیکیوں کے پڑوں کو

حَسَنَاتِنَا ○ وَاَدِمْ بَرَكَاتِهَا عَلَيْنَا حَتّٰى

اور باقی رکھ اس کی برکتوں کو ہم پر یہاں تک کہ ہم ملاقات کریں اپنے نبی مکرم

نَلْقٰى نَبِيَّنَا وَسَيِّدَنَا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اپنے آقا سردار محمد سے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی آلہ وسلم

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ اٰمِنُوْنَ مُطْمَئِنُّوْنَ

در آں حالیکہ ہم امن میں ہوں مطمئن ہوں شاداں

فَرِحُوْنَ مُسْتَبْشِرُوْنَ ○ وَلَا تُفَرِّقْ بَيْنَنَا وَ

و فرحاں ہوں اور نہ جُدائی ڈال ہمارے درمیان

بَيْنَهٗ حَتّٰى تُدْخِلَنَا مُدْخَلَهٗ وَتُؤْوِيَنَا اِلٰى

اور ہمارے آقا کے درمیان یہاں تک کہ داخل فرمادے تو ہمیں حضور کے داخل ہونے کی جگہ میں اور

جِوَارِهِ الْكَرِيْمِ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ

پناہ دے ہمیں حضور کے جوار کریم میں اور ان نیک بختوں کے ساتھ جن پر

مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ

تونے انعام فرمایا یعنی انبیاء ، صدیقین ، شہداء

وَالصَّالِحِیْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِکَ رَفِیْقًا ۝

صالحین اور بہت اچھی ہے اُن کی سنگت اے اللہ

اَللّٰھُمَّ اِنَّآ اٰمَنَّا بِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

ہم ایمان لائے حضور صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم پر بن دیکھے

وَلَمْ نَرَہٗ فَمَتِّعْنَا اَللّٰھُمَّ فِی الدَّارَیْنِ

اے اللہ دونوں جہانوں میں پس ہمیں شاد کام فرما

بِرُؤْیَتِہٖ وَثَبِّتْ قُلُوْبَنَا عَلٰی مَحَبَّتِہٖ ۝

آپ کے دیدار سے ثابت رکھ ہمارے دلوں کو آپ کی محبت پر

وَاسْتَعْمِلْنَا عَلٰی سُنَّتِہٖ ۝ وَتَوَفَّنَا عَلٰی

اور عمل کی توفیق عطا فرما ہمیں آپ کی سُنّت پر اور وفات دے

مِلَّتِہٖ ۝ وَاحْشُرْنَا فِیْ زُمْرَتِہِ النَّاجِیَۃِ وَ

ہمیں آپ کی ملّت پر اور اُٹھا ہمیں آپ کے نجات پانے والے ٹولہ

حِزْبِہِ الْمُفْلِحِیْنَ ۝ وَانْفَعْنَا بِمَا انْطَوَتْ

اور فلاح پانے والے گروہ میں اور نفع دے ہمیں آپ کی محبت سے

عَلَیْہِ قُلُوْبُنَا مِنْ مَّحَبَّتِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

جو ہمارے دلوں میں پنہاں ہے صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم

وَسَلَّمَ يَوْمَ لَا جَدَّ وَلَا مَالَ وَلَا بَنِيْنَ ○

جس دن نہ نفع دے گی کوشش اور نہ کوئی مال نہ بیٹے

وَاَوْرِدْنَا حَوْضَهُ الْاَصْفٰى ○ وَاسْقِنَا بِكَاْسِهِ

اور پہنچا ہمیں حضور کے صاف حوض پر اور سیراب کر ہمیں آپ کے

الْاَوْفٰى ○ وَيَسِّرْ عَلَيْنَا زِيَارَةَ حَرَمِكَ وَحَرَمِهٖ

لبریز جام سے اور آسان فرمادے ہمارے لیے اپنے حرم کی اور اپنے محبوب کے

مِنْ قَبْلِ اَنْ تُمِيْتَنَا ○ وَاَدِمْ عَلَيْنَا الْاِقَامَةَ

حرم کی زیارت اس سے قبل کہ تو ہمیں وفات دے اور دائمی کردے ہمارے لیے

بِحَرَمِكَ وَحَرَمِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

اقامت کو اپنے حرم میں اور اپنے محبوب کے حرم میں صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم یہاں تک کہ

اِلٰى اَنْ نَتَوَفّٰى ○ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَشْفِعُ بِهٖ

ہم وفات پائیں اے اللہ ہم شفاعت طلب کرتے ہیں آپ کی

اِلَيْكَ اِذْ هُوَ اَوْجَهُ الشُّفَعَاءِ اِلَيْكَ ○ وَنُقْسِمُ

تیری جناب میں کیونکہ وہ سب شفیعوں سے تیری بارگاہ میں عزت والے ہیں اور ہم قسم دیتے ہیں آپ کی تجھے

بِهٖ عَلَيْكَ اِذْ هُوَ اَعْظَمُ مَنْ اُقْسِمَ بِحَقِّهٖ

کیونکہ آپ ان سب سے بڑے ہیں جن کے حق کی قسم

عَلَيْكَ ○ وَنَتَوَسَّلُ بِهٖ اِلَيْكَ اِذْ هُوَ اَقْرَبُ

تجھے دی جاتی ہے اور ہم وسیلہ پکڑتے ہیں آپ کا تیری طرف

الْوَسَائِلِ اِلَيْكَ ○ نَشْكُوْا اِلَيْكَ يَا رَبِّ

کیونکہ وُہ سب وسیلوں سے تیری طرف قریب تر ہے اور ہم شکایت کرتے ہیں تیری جناب میں

قَسْوَةَ قُلُوْبِنَا ○ وَكَثْرَةَ ذُنُوْبِنَا ○ وَطُوْلَ

اَے رب اپنے دلوں کی سختی کی اور اپنے گناہوں کی کثرت کی اور اپنی اُمیدوں کے طویل ہونے کی

اٰمَالِنَا ○ وَفَسَادَ اَعْمَالِنَا ○ وَتَكَاسُلَنَا عَنِ

اور اپنے اعمال کے فاسد ہونے کی اور نیکیوں میں سُستی کی

الطَّاعَاتِ ○ وَهُجُوْمَنَا عَلَى الْمُخَالَفَاتِ ○

اور نافرمانی میں ہجوم کرنے کی کیونکہ تو ہی

فَنِعْمَ الْمُشْتَكٰى اِلَيْهِ اَنْتَ يَا رَبِّ بِكَ نَسْتَنْصِرُ

وُہ بہترین ہے جس کے پاس شکایت کی جاسکتی ہے اَے میرے رب اب تجھی سے ہم مدد

عَلٰى اَعْدَائِنَا ○ وَاَنْفُسِنَا فَانْصُرْنَا ○ وَعَلٰى

مانگتے ہیں اپنے دشمنوں پر اپنے نفسوں پر بھی مدد فرما ہماری اور تیرے فضل وکرم پر

فَضْلِكَ نَتَوَكَّلُ فِيْ صَلَاحِنَا فَلَا تَكِلْنَا

ہم بھروسہ کرتے ہیں اپنی اصلاح کے معاملہ میں پس سپرد کر ہمیں اپنے غیر کی طرف

اِلیٰ غَیْرِكَ یَارَبَّنَا ○ اَللّٰھُمَّ وَاِلیٰ جَنَابِ

اے ہمارے پروردگار اور تیرے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم

رَسُوْلِكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَنْتَسِبُ

کی بارگاہِ عالی میں ہم نسبت چاہتے ہیں پس ہمیں دُور نہ کر

فَلَا تُبَعِّدْنَا ○ وَبِبَابِكَ نَقِفُ فَلَا تَطْرُدْنَا ○

وہاں سے ہم تیرے دروازے پر کھڑے ہیں پس نہ دُھتکار ہمیں

وَاِیَّاكَ نَسْئَلُ فَلَا تُخَیِّبْنَا ○ اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ

ہم تجھی سے سوال کرتے ہیں پس ہم کو محروم نہ کر اے اللہ رحم فرما

تَضَرُّعَنَا وَاٰمِنْ خَوْفَنَا ○ وَتَقَبَّلْ اَعْمَالَنَا

ہماری عاجزی پر اور امن دے ہمارے خوف کو اور قبول فرما ہمارے عملوں کو

وَاَصْلِحْ اَحْوَالَنَا ○ وَاجْعَلْ بِطَاعَتِكَ

درست فرما ہمارے احوال کو اور مشغول فرما ہمیں اپنی اطاعت کے ساتھ

اِشْتِغَالَنَا ○ وَاِلَى الْخَیْرِ مَآلَنَا ○ وَحَقِّقْ

اور خیر کی طرف ہمارا انجام کر اور پوری فرما زیادتی کے ساتھ ہماری اُمیدیں

بِالزِّیَادَةِ اٰمَالَنَا ○ وَاخْتِمْ بِالسَّعَادَةِ اٰجَالَنَا ○

اور انجام کو پہنچا سعادت کے ساتھ ہماری زندگیوں کو

هٰذَا ذُلُّنَا ظَاهِرٌ بَيْنَ يَدَيْكَ وَحَالُنَا لَا

یہ ہے ہماری ذلت جو ظاہر ہے تیری جناب میں اور حال ہمارا تجھ پر مخفی

يَخْفٰى عَلَيْكَ ۝ اَمَرْتَنَا فَتَرَكْنَا ۝ وَنَهَيْتَنَا

نہیں جس چیز کا تو نے ہمیں حکم دیا وہ تو ہم نے چھوڑ دی اور جس چیز سے تو نے ہمیں روکا اُس کا ہم نے

فَارْتَكَبْنَا ۝ وَلَا يَسَعُنَا اِلَّا عَفْوُكَ ۝ فَاعْفُ

ارتکاب کیا پس ہمیں کوئی اُمید نہیں سوائے تیری بخشش کے پس بخش دے ہم کو

عَنَّا يَا خَيْرَ مَامُوْلٍ ۝ وَاَكْرَمَ مَسْئُوْلٍ ۝ اِنَّكَ

اے بہترین اُمید کیے ہوئے اور سب سے زیادہ سخی جس سے مانگا گیا

عَفُوٌّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ يَّا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝ وَصَلَّى

بے شک تو بہت معاف کرنے والا بہت بخشنے والا بہت مہربان ہمیشہ رحم کرنے والا یا ارحم الراحمین

اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَ

و صلی اللہ تعالیٰ علیٰ سیدنا محمد و علیٰ آلہ و صحبہ

سَلَّمَ تَسْلِيْمًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

وسلّم تسلیماً والحمد للّٰہ رب العالمین:

رُبَالْخَيْرِ تَمَّتْ

کتبہٗ حامد اقبال خان بن ابن کلیم حسن نظامی کلیم آرٹ پریس حسن پروانہ روڈ ملتان پاکستان

دعائے حزب البحر

حضرت شیخ ابوالحسن شاذلیؒ

حالات مصنف (رحمۃ اللہ علیہ)

...ندان

...حسنی سید ہیں یعنی آپ کا سلسلہ نسب حضرت امام حسن علیہ السلام سے ملتا ہے۔
...کا نام سید عبد اللہ ہے۔

...پ کا نام

...کا نام "علی" کنیت "ابو الحسن" ہے آپ کی شہرت ابو الحسن شاذلی اور شیخ شاذلی کے ...وں سے ہوئی۔

...یخ اور مقام ولادت

...کی ولادت ۵۹۱ ہجری بمقام شاذلہ ہوئی (شاذلہ نواح مصر میں ایک بستی کا نام ہے)

...ی خصوصیات

...مادر زاد نابینا تھے۔ مگر پیدائشی نقص آپ کی تربیت، تعلیم اور شخصی کرامات میں بھی ...ج نہیں ہوا اور رفتہ رفتہ آپ متبحر عالم، فصیح و خوش گفتار واعظ نکتہ سنج شاعر، باطنی ...م کے ماہر، میدان تصوف کے شہسوار اور آخر میں امام الطریقہ مشہور ہوئے۔

...ول تعلیم

...کی ابتدائی تعلیم کے بارے میں اب تک کچھ معلوم نہ ہو سکا کہ آپ نے ابتدائی ...م کہاں [illegible] آپ کے اساتذہ کون رہے۔

...بیت سلوک

...رت شیخ شاذلی رحمۃ اللہ علیہ اگرچہ مادر زاد ولی تھے مگر بظاہر آپ نے راہ سلوک کی ...ائی تعلیم حضرت عبد السلام بن مشیش قدس سرہٗ سے حاصل کی اور آپ ہی کے

زیر تربیت رہ کر شیخ نے باطنی تعلیم حاصل کی اور جملہ منازل سلوک اور منازل حجاب طے کئے۔ (حضرت عبدالسلام بن مشیش کو بیعت و اجازت حضرت عبدالرحمن بن زیت رحمتہ اللہ علیہ سے حاصل تھی اور ان کا سلسلہ بیعت وارشاد حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ سے ملتا ہے جو حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے علاوہ بلواسطہ ابو محمد جعفی رحمتہ اللہ علیہ امام حسین رضی اللہ عنہ سے بھی مستفیض تھے۔

سلسلہ طریقت

(۱) قطب وقت حضرت شیخ ابو الحسن شاذلی رحمتہ اللہ علیہ
(۲) حضرت شیخ سید عبدالسلام بن مشیش رحمتہ اللہ علیہ
(۳) حضرت شیخ عبدالرحمن مدنی رحمتہ اللہ علیہ
(۴) حضرت شیخ تقی الدین فقیہہ رحمتہ اللہ علیہ
(۵) حضرت شیخ فخر الدین رحمتہ اللہ علیہ
(۶) حضرت شیخ نور الدین رحمتہ اللہ علیہ
(۷) حضرت شیخ تاج الدین محمد رحمتہ اللہ علیہ
(۸) حضرت شیخ شمس الدین رحمتہ اللہ علیہ
(۹) حضرت شیخ زین الدین محمد رحمتہ اللہ علیہ
(۱۰) حضرت شیخ ابراہیم بصری رحمتہ اللہ علیہ
(۱۱) حضرت ابو القاسم مروانی رحمتہ اللہ علیہ
(۱۲) حضرت فتح السعود رحمتہ اللہ علیہ
(۱۳) حضرت سعید ... رحمتہ اللہ علیہ

(۱۴) صحابی رسول اللہ حضرت سیدنا جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ

(۱۵) حضرت شباب اہل الجنتہ امام عالی مقام حسن مجتبیٰ بن حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ

حضرت سید اہلبیت النبی امیرالمومنین

(۱۶) سیدنا اسداللہ الغالب علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ

(۱۷) سیدالانبیاء والمرسلین خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

فائدہ

آپ صاحب کرامت بزرگ تھے آپ کی سب سے بڑی بزرگی اور کرامت دعائے حزب البحر ہے جسے ہر سلسلہ کا ولی ورد کرتا رہا اور تا قیامت اس کا ورد ہوتا رہے گا جسے بڑی مشکلات کے حل کے لئے اکسیر پایا گیا ہے۔

باوجودیکہ آپ ظاہری بینائی نہ رکھتے لیکن باطنی بصیرت میں آپ کو عارفین وکاملین نے کامل واکمل بتایا ہے۔

حزب البحر کا شان ظہور

مشاہدات شاہد ہیں کہ دعائے حزب البحر اپنے گوناگوں فوائد اور زبردست اثرات کے سبب تمام عالم اسلام میں مقبول ہے۔ ہر خانوادہ طریقت میں اس کا ورد جاری ہے یہ دعا الہامی اور القائی ہے جو حضرت شیخ ابوالحسن شاذلی قدس سرہ کو خواب میں عطا ہوئی اور حضور سید عالم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے عطا کی اس اجمال کی تفصیل کتب سیر میں یوں مذکور ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہ شرح حزب البحر میں بھی اس کے متعلق اسی طرح تحریر فرماتے ہیں۔

حضرت شیخ ابوالحسن شاذلی رحمتہ اللہ علیہ شہر قاہرہ میں تھے کہ حج کے ایام قریب آگئے۔ شیخ نے ان ایام میں اپنے دوستوں سے فرمایا کہ ہم کو اس سال غیب سے حج کرنے

کا حکم ہوا جہاز تلاش کرو۔ دوستوں (مریدوں) کو بہت تلاش کے بعد ایک بوڑھے عیسائی کا جہاز ملا۔ سب اسی جہاز میں سوار ہو گئے۔ جب بادبان اٹھایا تو قاہرہ کی آبادی سے نکلتے ہی مخالف ہوا چلنے لگی اور ایک ہفتہ تک قاہرہ کے قریب اسی طرح ٹھہرے رہے کہ قاہرہ کے پہاڑ دکھائی دیتے تھے۔ مخالف لوگ طعنے دینے لگے کہ شیخ فرماتے ہیں کہ مجھ کو (غیب سے) حج کا حکم ملا ہے اور حالت یہ ہے کہ حج کا وقت قریب آگیا ہے اور وہ مخالف ہوا میں پھنسے ہوئے ہیں یہ شیخ کیلئے دلی بے چینی کا باعث ہوئی مگر وہ ضبط کی قوت سے پی جاتے تھے۔ ایک دن شیخ دوپہر کو سو رہے تھے (قیلولہ فرما رہے تھے) کہ سید عالم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی زیارت کا شرف نصیب ہوا۔ اس زیارت میں سید عالم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اس دعا (حزب البحر) کی تلقین کی۔ شیخ نے قیلولہ سے اٹھتے ہی یہ دعا پڑھنی شروع کی اور جہاز کے افسر کو بلا کر فرمایا کہ خدا کے بھروسہ پر بادبان اٹھا دے۔ اس نے جواب دیا کہ اگر ہم بادبان اٹھا دیں گے تو ہوا اسی وقت ہمارا منہ پھیر دے گی اور ہم کو قاہرہ میں پہنچا دے گی۔ شیخ نے فرمایا کہ تو دل میں دھکڑ پکڑ مت کر ہم جو کہتے ہیں اس پر عمل کر اور خدا کی عجیب مہربانی دیکھ۔ جونہی بادبان اٹھایا اسی وقت موافق ہوا اور شور سے چلنے لگی یہاں تک کہ اس رسی کو جس کے ساتھ جہاز کو میخ سے باندھ رکھا تھا کھول نہ سکے۔ ناچار اس کو کاٹ دیا اور بڑی جلدی امن وامان اور سلامتی کے ساتھ مبارک مقصد (حج) پر پہنچ گئے۔ بوڑھے عیسائی کے دونوں بیٹے شیخ کی اس کرامت سے بہت متاثر ہوئے اور شیخ کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا۔ اور وہ دل میں بہت غمگین ہوا۔ رات کو اس نے خواب میں دیکھا کہ شیخ ایک بڑی جماعت کے ساتھ بہشت میں تشریف لے جا رہے ہیں اور اس کے لڑکے بھی شیخ کے ساتھ جا رہے ہیں اس نے اپنے بیٹوں کے پیچھے جانا چاہا مگر فرشتوں نے جھڑکا تو ان لوگوں میں سے نہیں ہے ان سے تیرا کیا مطلب صبح کے وقت خدا کی ہدایت اس کی مددگار ہوئی اور اس نے کلمہ توحید پڑھ لیا اور دھیرے دھیرے اس کا مرتبہ یہاں تک پہنچ گیا کہ وہ بڑے باطنی مقامات والا ہو گیا اور لوگ اس کی طرف رجوع ہونے لگے

دعائے حزب البحر کے بارے میں حضرت شیخ کے ارشادات

۱۔ جس مکان میں میرا یہ حزب (حزب البحر) پڑھا گیا وہ آفات وبلیات سے محفوظ رہا

۲۔ جس کسی نے ظالم کے شر سے بچنے کے لئے پڑھا وہ شر سے بچا

۳۔ جس نے روزانہ ہر نماز کے بعد پڑھا وہ حوادث زمانہ سے محفوظ رہا اور غنی ہوا اور اس کی حرکات وسکنات میں سعادت دینی ودنیوی کا وجود ہوگا

۴۔ جس نے جمعہ کی ساعت اولیٰ میں پڑھا وہ آفات سے امن میں رہا

۵۔ جس گھر میں پڑھا وہ گھر آتشزدگی سے بچا

۶۔ جس لاش پر اس حزب کو لکھ کر لٹکا دیا گیا وہ وحوش وطیور کا لقمہ بننے سے محفوظ رہی۔ اس پر کتاب فتح البر میں ایک واقعہ نقل ہے جو درج ذیل ہے

"قافلہ کے نزول ورگاہ کے قریب ایک لاش پڑی ہے جس کے ارد گرد لاش کھانے والے جانور اور پرندے بیٹھے ہیں لیکن لاش کے پاس نہیں جاتے اور نہ لاش کو خوراک بناتے ہیں یہ منظر دیکھ کر ہر فرد حیران وششدر ہے قافلہ کا ایک آدمی لاش کے پاس گیا تو دیکھا کہ لاش پر ایک تختی ہے جس پر دعائے حزب البحر لکھی ہے اس آدمی نے آکر قافلہ میں کہا۔ قافلے کی رائے ہوئی کہ اس تختی کو لاش سے ہٹا دیا جائے اس نے جاکر تختی ہٹا دی تختی ہٹاتے ہی تمام وحوش وطیور اس پر ٹوٹ پڑے اور کھانے لگے"

حزب البحر کی سند کی بابت شیخ کے بعض معاصرین نے یہ فرمایا۔ جس کو شیخ عبدالوہاب شعرانیؒ نے منن کبریٰ میں نقل کیا ہے۔ وَاللّٰهِ لَقَدْ اَخَذْتُ مِنْ فَمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرْفًا حَرْفًا۔ بخدا اس حزب کو میں نے لفظ بہ لفظ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے سیکھا ہے۔ حضرت شیخ ابوالحسن شاذلیؒ نے صحرائے عیذاب میں اپنے مریدوں اور معتقدوں سے اس حزب کی بابت یہ وصیت کی۔ اِحْفَظُوْهُ لِاَوْلَادِكُمْ فَاِنَّ فِيْهِ الْاِسْمَ الْاَعْظَمَ اپنی اولاد کو یہ حزب زبانی یاد کراؤ بے شک اس میں اسم اعظم ہے

وصال

حضرت شیخ رحمتہ اللہ کے دل میں حج وزیارت کا ولولہ موجیں لیتا تھا جس سے آپ بیتاب ہو جایا کرتے تھے۔ نہ معلوم اس جذبہ کے زیراثر آپ نے کتنے حج کئے اور کتنی مرتبہ مدینۂ طیبہ حاضر ہو کر شرف زیارت روضہ پاک و مسجد نبوی حاصل کیا۔ سال وفات میں کعبہ معظمہ کی زیارت کا شوق پھر ابھرا چنانچہ ولولہ انگیز اشتیاق میں آپ نے رخت سفر باندھا اور اسکندریہ سے روانہ ہوگئے۔ ابھی راستہ ہی میں تھے کہ بیمار ہوگئے جب صحرائے عیذاب میں پہنچے تو شوق نے وصل کا پیام سنایا۔ چنانچہ آپ نے اپنی جان نذر کی جان آفریں نے اس کو قبولیت بخشی۔ وصل ووصال نے لطف اندوزی کی نعمت عطا کی۔ اور حیات جاوید انعام میں ملی

منقول ہے کہ صحرائے عیذاب میں وصال سے پہلے عشاء کی نماز کے بعد جملہ رفقائے سفر کو وصیت کی اور اپنے سفر آخرت کا ذکر کیا اسی رات کا جب آخری حصہ آیا تو وصال باللہ کا شرف حاصل ہوا۔ وصال کے وقت حضرت شیخ کی عمر کی منزل ایک سو پانچ تھی۔ ذی قعدہ کا مہینہ ۶۵۶ھ کا سن تھا۔

وائی دین مہر منیر مادہ سال وصال ہے جسم پاک صحرائے عیذاب میں دفن ہوا اس کی تدفین کے بعد عیذاب کا مشہور کھاری چشمہ آب شیریں کا چشمہ بن گیا

واقعات وکرامات

آپ کے حیران کن علمی واقعات وکرامات بے شمار ہیں۔ شائقین مطالعہ کتب ذیل سے استفادہ کریں

(۱) انتصاح عن ذکر اہل الصلاح

از حضرت مولوی حافظ علی انور قلندر کاکوروی رحمتہ اللہ علیہ

(۲) طبقات الکبری جلد دوم

از حضرت امام عبدالوہاب شعرانی رحمتہ اللہ علیہ

(۳) لطائف المسنن

از حضرت امام عبدالوہاب شعرانی رحمتہ اللہ علیہ

(۴) نفحات الانس

از حضرت مولانا عبدالرحمن جامی رحمتہ اللہ علیہ

(۵) بیاض

از حضرت مولانا جعفر علی فریدی عارف باللہ رحمتہ اللہ علیہ (سربیلوی)

کرامت

(۱) حاسدین نے ان کو زہرہ گداز اذیتیں دینا شروع کر دیں اور بالآخر ان کو شاذلہ سے نکال دیا۔ شیخ مجبوراً شاذلہ سے نکل کر اسکندریہ آگئے اور اسکندریہ میں اقامت گزیں ہو گئے۔ مخالفین کو شیخ کا اسکندریہ میں بھی سکون سے رہنا گوارا نہ ہوا اور سب نے مشورہ کر کے حاکم اسکندریہ کو ایک عریضہ بھیجا۔ جس کا مضمون یہ تھا کہ

"ہم سبھوں نے ابوالحسن کو شاذلہ سے نکال دیا ہے اب وہ اسکندریہ میں پہنچ گیا ہے یہ شخص بے دین اور زندیق ہے اس کا کام الحاد اور گمراہی کا پھیلانا ہے اور مسلمانوں کو اپنے دام تزویر میں پھنسا کر دین سے ہٹا دینا ہے ایسا نہ ہو کہ یہ شخص آپ کے شہر میں بھی بے دینی پھیلائے اور مسلمانوں کو صراط مستقیم سے ہٹا دے۔"

حاکم اسکندریہ اس عریضہ کو پڑھ کر بے حد متاثر ہوا اور شیخ کا سخت مخالف ہو گیا۔ اس نے شیخ کی مخالفت میں والئ مصر کو شیخ کے خلاف بھڑکا کر والئ مصر سے شیخ کے قتل کر دینے کا فرمان حاصل کر لیا۔ قتل کرنے کا فرمان حاصل کرنے کے بعد اس نے شیخ کو قتل کئے جانے کی تاریخ اور وقت سے لوگوں کو مطلع کر دیا۔ چنانچہ وقت مقررہ پر پوری

خلقت میدان میں جمع ہو گئی۔ وقت مقررہ پر حاکم اسکندریہ نے جلاد کو طلب کر کے حکم دیا کہ شیخ کی گردن مار دے۔ جلاد جب آپ کی گردن مارنے کے واسطے آپ کے سامنے آیا تو آپ نے اس کی آہٹ پا کر اپنا ہاتھ اٹھایا جس میں ایک کاغذ تھا اس کاغذ کو شیخ کے ہاتھ سے لے کر پڑھا گیا تو معلوم ہوا کہ اس میں والئی مصر کا فرمان ہے جس پر شاہی مہر و دستخط موجود ہیں اس میں لکھا تھا کہ

"ابو الحسن پر کسی طرح کی دست درازی نہ کی جائے"

یہ تازہ فرمان دیکھ کر حاکم اسکندریہ بھی دنگ رہ گیا اور جلاد کو واپس بلا لیا۔ نیز موجودہ تمام لوگوں پر حیرت چھا گئی اہل بینش خاموش ہو گئے اور عوام مخالف کہنے لگے کہ **هذا سحر مبين**۔ اسی عرصہ میں مصر کا سفیر آیا اور حضرت شیخ قدس سرہ کی خدمت میں معذرت نامہ پیش کر کے شیخ کے ساتھ اس عرصہ میں جو سختی کی جا چکی تھی اس کے بارے میں عفو کا خواستگار ہوا۔ حضرت شیخ نے اس کی عذر خواہی پر سب کو معاف کیا اور سب کی فلاح کے لئے دعا کی

کرامت

مشہور سیاح ابن بطوطہ نے لکھا ہے کہ سلطان محمد بن قلادوں کا خزانچی بجرم خیانت ماخوذ ہوا۔ سلطان نے حکم دیا کہ اسے گرفتار کر کے قتل کر دیا جائے مگر وہ خزانچی کسی تدبیر سے حضرت شیخ شاذلیؒ کی پناہ میں آ گیا۔ اس کی خبر جب سلطان کو ہوئی تو سلطان نے اسے گرفتار کرنے کے لئے اپنا سپاہی حضرت شیخ کے پاس روانہ کیا۔ سپاہی حضرت شیخ کے پاس آیا اور خزانچی کی گرفتاری کے لئے سلطان کا حکم نامہ دکھایا تو حضرت نے فرمایا کہ ابھی اس کو چند روز میرے پاس رہنے دو اور تم بھی اس کی نگرانی کے لئے میرے پاس مہمان رہو۔ سپاہی نے سلطان کی منظوری کے بعد آپ کے پاس رہنا منظور کر لیا۔ اس اثناء میں حضرت شیخ نے تانبا جمع کرنے کا حکم دیا۔ چنانچہ سب لوگ تانبا لے کر آئے اور آپ کے پاس جمع کرتے رہے۔ جب کئی من تانبا اکٹھا ہو گیا تو

حضرت نے اس خزانچی کو حکم دیا کہ وہ اس تانبے کے ڈھیر پر پیشاب کر دے۔ اس نے تعمیل حکم میں پیشاب کیا۔ جس سے وہ تمام تانبا سونا بن گیا۔ حضرت نے وہ تمام سونا اس سپاہی کے ذریعہ سے سلطان کے پاس روانہ کر دیا۔ جس سے سلطان کا خزانہ بھر گیا اور خزانچی گرفتاری اور قتل سے محفوظ رہا

شیخ شاذلی کے سلسلہ کے اولیا مشائخ

تمام کے ساتھ رحمت تیری کی اے بہت رحمت کرنیوالے رحمت کرنیوالوں کے

اسناد درود مستغاث

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حضرت سید جلال الدین بخاری قدس اللہ سرہ العزیز فرماتے ہیں کہ اجازت
اس درود شریف کی استاد کامل عامل سے حاصل کی ہے اور بارہا بیچ تجربہ کے لایا ہیں
اور ترتیب زکوٰۃ دینے اس درود شریف کی اس طور پر ہے کہ طالب لباس اپنے کو خوشبو لگا کر
مسجد میں معتکف بیٹھکر باوضو اور منہ میں کچھ الائچی یا قرنفل چابکر ادب اور خضوع اور
خشوع سے باروبہ ہو کر پڑھنا درود شریف کا شروع کرے اور دن شروع کرنیکا روز
جمعہ ہی ہر روز مرہ بحسب ہمت اپنی کے وظیفہ مقرر کرے تاکہ چند روز میں شمار پڑھنے
درود شریف کا ہزار تمام ہووے اور بعد زکوٰۃ ادا کرنیکے واسطے ہر مشکل آسان کے
تین بار پڑھے انشاء اللہ تعالی مراد حاصل ہو ویگی اور اگر واسطے فراخی رزق
کے اور وسعت رزق کے تین رات ساتھہ حضور دل کے تمام رات درود شریف
کا ورد کرے بطفیل آں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے وسعت رزق کی
ہو ویگی اور واسطے دوستی کے اور یا واسطے رنجش مٹانے دوستوں کے جیسا
دل ہووے کے پڑھے تو مقصود بفضل الٰہی حاصل ہوگا اور ایسا ہی واسطے کار خیر کے اگر اس
درود شریف کا ورد کرے بفضل الٰہی مراد اپنی کو حاصل کریگا اور بہ نیت سے کہ پڑھے

ایک رات جامہ پاک خوشبودار پہن کے منہ طرف تبلیغ کی کر کے پانچ بار پڑھے اور دو دعا کرے
البتہ مقصد حاصل ہوگا اگر کوئی سرکشی کرتا ہو تو پنج شب جمعہ کے غسل کر کے جامہ اور
نیا پہن کر تین مرتبہ درود شریف پڑھکے طرف اس سرکش کی دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ
تابعدار اور فرمانبردار ہوگا اگر اس درود شریف کو پڑھکر طعام پر دم کرے
اس طعام میں ہر نوع سے برکت پیدا ہوگی اور اگر جنگل میں پیاس کا غلبہ ہو
بخلوص نیت اس درود شریف کو پڑھے بطفیل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے
پانی فی الفور پیدا ہوگا اور نیز ہر جگہ کے عاجز اور درماندہ ہووے بشرائط
پاکیزگی اور پرہیزگاری کے خالص نیت سے پڑھے سبھی نوع کی مشکلات
حل ہونگی اور جنگل میں اگر راہ گم کیا ہو تو ایکبار پڑھے راہ مل گی
اور وقت سواری کشتی کے پڑھکر چاروں طرف دم کرے وہ بادِ
طوفان اور تمام آفتوں سے امن امان کنارے کو پہونچیگی اور اگر
قحط سالی ہو تو ہر روز تین بار پڑھکر آسمان کی طرف دم کرے خدا تعالیٰ
اپنے کرم و فضل سے اپنی باران رحمت نازل کریگا اور اگر کوئی زیارت جمال باکمال
بیمثال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی آرزو دل و جان میں رکھتا ہو تو متواتر
تین رات لباس نیا خوشبودار پہن کر باادب عجز و نیاز سے بعد نماز جمعرات
اور جمعہ ان تینوں دنوں کی رات کو تمام رات بیدار رہکر درود شریف میں
مشغول رہے انشاء اللہ تعالیٰ دیدار پر انوار ذات اشرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

سے مشرف ہو ویگا اور واسطے ورد کرنیکے مکان پاکیزہ لازم ہے خواہ گھر میں ہو خواہ جنگل میں اور اس درود شریف سے بہت بزرگان با دیانت اور تقوی فیضیاب ہوئے ہیں اور ہمیشہ کا ورد ایکبار نماز فجر کے بعد اور ایکبار بعد نماز عشا کے مقرر کرے ہر نوع سے فضل اور برکت شامل حال پڑہنے والیکے ہو ویگا۔ اور اگر کوئی مرض لا علاج کو تو ہر روز طعام پکا کر فاتحہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو گذران کر یہہ درود شریف پڑہکر پانی پر دم کر کے مریض کو ہر روز پلایا کرے بفضل الٰہی شفا عاجل حاصل ہو ویگی۔ اور اگر کوئی دشمنی اور حسد اور بغض اور کینہ رکھتا ہو تو درود شریف کو پڑہکر اوسکی طرف دم کرے اور خدا تعالیٰ سے دعا مانگے خدا تعالیٰ دل اسکا حسد اور بغض سے پاک کر دیتا ہے اور فوائد درود شریف کے بیحد و بیحساب ہیں فقط

یاد رکھنا چاہیئے

کہ تمام وظائف کا اثر ظاہر ہونے کے لئے سچ بولنا اور حلال کھانا اور پابندی جملہ امور شریعت اور گناہوں سے بچنا لازم ہے اور حضور قلب و خشیت اور اعتقاد درست ضروری ہے اس کے بغیر اثر چاہنا مشکل ہے۔

درودِ مستغاث

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

آغاز اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بہت مہربان رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ زَیَّنَ النَّبِیِّیْنَ

سب تعریف اللہ (جل وعلا) کی جس نے اپنے محبوب جناب مصطفےٰ

بِحَبِیْبِہِ الْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نبیوں کو زینت دی، اور

وَسَلَّمَ وَمَنَّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ

اپنے برگزیدہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (کی بعثت) سے مومنوں

بِنَبِیِّهِ الْمُجْتَبٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ

پر احسان فرمایا۔ درود و سلام ہو اس کے رسول جناب محمد پر جو

عَلٰی رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ خَیْرِ الْوَرٰی

خلق میں بہترین ہیں (نیز) جنہیں عرش کے اوپر سے زمین کے

اَلْمُسَیَّرُ بِهٖ مِنْ فَوْقِ الْعَرْشِ

نیچے تک سیر کرایا گیا۔ سب تعریف

اِلٰی تَحْتِ الثَّرٰی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی

اللہ ہی کی ہے گزشتہ پر

مَا مَضٰی وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی مَا بَقِیَ

اور سب تعریف اللہ کی بقیہ چیز دل

وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ

پر اور درود و سلام ہو اس کے رسول

مُحَمَّدٍ خَیْرِ الْوَرٰی مَدَّ حُتُكَ

جناب محمد پر جو بہترین خلق ہیں۔ یا رسول اللہ اس

يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى

عاجز نے جناب کی تعریف کی۔ اللہ کی رحمت ہو نبی امی پر

النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ اَنْتَ خِيَارُ اللّٰهِ

آپ اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ ہیں۔

اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو

تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ

وسیلہ بنایا جاتا ہے۔ درود و سلام ہو آپ پر

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَارِثُ الْاَنْبِيَاءِ

یا رسول اللہ۔ نبیوں کے وارث

رَسُوْلُ صَاحِبُ الْوَحْيِ اَحْمَدُ

پیغمبر وحی والے جناب احمد

شَفِيْعُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى

جو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں شفیع ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کی طرف

حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ

وسیلہ ہیں۔ درود و سلام ہو

عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ

جناب پر یا رسول اللہ اور اللہ تعالیٰ

غَالِبٌ عَلٰى اَمْرِهٖ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

اپنے حکم پر غالب ہے اے زندہ (مولا) اے قائم

صَلَوٰتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ سَرْمَدًا

رہنے والے (آقا) اللہ کی رحمت اور سلام ہمیشہ

عَلَى النَّبِيِّ مُحَمَّدًا اَغِثْنِيْ وَامْدُدْنِيْ

حضور نبی کریم جناب محمد مصطفیٰ پر ہو۔ یا رسول اللہ میری

يَا اَحْمَدُ الْمُسْتَغَاثُ اِلٰى

فریاد رسی اور مدد فرمائیے۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کی طرف

حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ

جناب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وسیلہ ہیں۔ یا رسول اللہ

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

جناب پر درود و سلام ہو

رَسُوْلُ سَيِّدُ الْكَوْنَيْنِ وَالثَّقَلَيْنِ

رسول کریم دونوں جہانوں، جنوں اور انسانوں اور

وَالْفَرِيْقَيْنِ۔ اِمَامُ الْمُتَّقِيْنَ شَفِيْعُ

دونوں فریقوں کے سردار ہیں۔ پرہیزگاروں کے امام، امتوں

الْاُمَمِ فِى الدَّارَيْنِ مَطْلُوْبُهٗ وَ

کی شفاعت فرمانے والے ہیں دونوں جہانوں میں

مَقْصُوْدُهٗ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ

آپ کی مطلوب و مقصود منزل قاب قاسین اَوْ اَدْنیٰ

اَدْنٰى۔ جَدُّ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ

(یعنی انتہائی قرب) ہے۔ حضرت حسن اور حضرت حسین

مَحْبُوْبُ رَبِّ الْمَشْرِقَيْنِ وَ

(رضی اللہ تعالیٰ عنہما) کے نانا۔ دونوں مشرقوں اور

الْمَغْرِبَیْنِ الْمُتَجَلّٰی بِتَجَلِّیَتَیْنِ

دونوں مغربوں کے خدا کے محبوب دو تجلیوں سے منور

الَّذِیْ قَالَ لَهٗ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

جنہیں رب واحد و یکتا نے فرمایا

یَا نُوْرُ نُوْرِیْ وَیَا سِرُّ سِرِّیْ

اے نور تو میرا نور ہے اور اے بھید تو میرا بھید ہے

وَیَا خَزَائِنُ مَعْرِفَتِیْ اِفْتَدَیْتُ

اور اے میری پہچان کے خزانوں کے حاصل و امین میں نے اپنا ملک

مُلْکِیْ عَلَیْكَ یَا مُحَمَّدُ مِنْ لَدُنِ

تجھ پر فدا کر دیا، اے محمد (مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثنا) عرش

الْعَرْشِ اِلٰی تَحْتِ الْاَرْضِ کُلُّهُمْ

سے زیر فرش تک۔ ان میں تمام (افراد)

یَطْلُبُوْنَ رِضَائِیْ وَاَنَا اَطْلُبُ

میری رضا طلب کرتے ہیں اور (خود) میں تیری

رِضَاءَكَ يَا مُحَمَّدُ فَتَّاحُ فَاتِحُ

رضا چاہتا ہوں اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) بہت بڑے مشکل کشا

اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ

اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے (باب رحمت وشفاعت) کھولنے والے

اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں جنہیں وسیلہ بنایا جاتا ہے۔ درود اور

عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلنَّبِيُّ

سلام ہو جناب پر یا رسول اللہ ۔ برگزیدہ نبی

اَلْمُصْطَفٰى رَسُوْلُ سِرَاجُ الْعٰلَمِيْنَ

(عظیم الشان) رسول سب جہانوں کے لئے آفتاب

مَحْمُوْدُ مُطَيِّبُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ

(سب کے) ممدوح اللہ تعالیٰ کے فضل سے پاک فرمانے والے۔

اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کی طرف حضور صلی اللہ علیہ وسلم وسیلہ ہیں

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ

یارسول اللہ! جناب پر درود و سلام ہو۔

اَلسَّیِّدُ الْمُعَلّٰی رَسُوْلُ نَبِیُّ

بلند مرتبہ سردار (عظیم الشان) رسول مشرق و مغرب

الْخَافِقَیْنِ قَاسِمُ خَیْرُ خَلْقِ اللّٰهِ

کے نبی (خدا کی نعمتوں کو) تقسیم فرمانے والے۔ اللہ تعالیٰ کی مخلوق

اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی

میں بہترین۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں فریاد چاہے گئے (یعنی وسیلہ

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ

بنائے گئے) یارسول اللہ جناب پر درود و سلام ہو

اللّٰهِ۔ اَوْلٰی مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ رَسُوْلُ

اللہ کے تمام بندوں سے اعلیٰ عظیم القدر رسول

صَاحِبُ الدَّارَیْنِ خَادِمُ طَیِّبُ

دونوں جہانوں کے مالک (سب پر) شفقت فرمانے والے اللہ کے

اللّٰہِ الْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَةِ

فضل سے پاک نرملنے والے۔ فریاد چاہے گئے (یا وسیلہ بنائے گئے)

اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ

بارگاہ حق میں۔ درود و سلام ہو

عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اِلنَّبِیُّ

جناب پر اے اللہ کے رسول پاک وصاف

اَلْمُزَکّٰی رَسُوْلُ تَاجُ الْحَرَمَیْنِ

نبی جلیل القدر) رسول مکہ اور مدینہ کے تاجدار

نَاءِ طَاہِرُ اللّٰہِ اَلْمُسْتَغَاثُ

بڑی سے ، روسنے والے اللہ کے (فضل سے) پاک ۔ اللہ تعالٰی کی

اِلٰی حَضْرَةِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ

بارگاہ میں وسیلہ بنائے گئے ۔ یا رسول اللہ

وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

جناب پر درود و سلام ہو

هَدٰانَا رَسُوْلُ جَدُّ الطَّيِّبِيْنِ

ہم کو ہدایت کی ایسے رسول نے جو طیب حسن اور حسین

اَلْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ دَاعِ مُطَهَّرُ

رضی اللہ عنہما کے نانا اور اللہ کی طرف بلانیوالے

اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ

ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں وسیلہ بنائے

اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ

گئے۔ یا رسول اللہ جناب پر

عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ط نَبِيٌّ

درود و سلام ہو نبی مختار

مُخْتَارٌ مُرْتَضٰى اِمَامُ رَسُوْلُ

(پسندیدہ اور اختیار والے) جنکی رضا طلب کی جاتی ہے امام و

مُقْتَدَى الْاَئِمَّةِ الْمُهْدِيِّيْنَ

پیغمبر جن کی پیروی ہدایت کرنے والے امام کرتے ہیں

هَادٍ مُّبِيْنُ اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ

(سب کے) ہادی اللہ (کے نور) کو ظاہر کرنیوالے۔ اللہ تعالیٰ کی

اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ

بارگاہ میں وسیلہ بنائے گئے۔ درود و

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ط

سلام ہو جناب پر یارسول اللہ۔

هَدَانَا رَسُوْلُ مُهْدِيٌّ مِّنَ

(راہ دکھائی ہمیں رسول کریم نے جو گمراہی سے نکال کر)

الضَّلَالَةِ مُهْتَدٍ مُّطِيْعُ اللّٰهِ ط

ہدایت پر لانے والے ہیں خود ہدایت پر ہیں اور اللہ کے مطیع و فرماں بردار

اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ

انہیں اللہ کی بارگاہ میں وسیلہ بنایا جاتا ہے

تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ

درود و سلام ہو جناب پر

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ حَبِيْبُنَا رَسُوْلُ

یا رسول اللہ ۔ ہمارے محبوب

مُهْدِى الْاُمَّةِ وَرَسُوْلُ صَفِیٍّ

امت کے ہدایت فرمانے والے رسول کریم ہیں اور برگزیدہ

حُجَّةُ اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى

رسول ہیں جو اللہ تعالیٰ کی برہان ہیں جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو

حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَ

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں وسیلہ بنایا جاتا ہے۔ درود و

السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط

سلام ہو جناب پر یا رسول اللہ

مُحَمَّدُ مُحِبُّنَا اَحْمَدُ رَسُوْلُ

جناب محمد مصطفےٰ ہم سے محبت فرمانے والے ہیں۔ جناب احمد

كَرِيْمُ مَّرْضِیٌّ خَلِيْفَةُ اللّٰهِ ط

(صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) پسندیدہ رسولِ کریم ہیں اور اللہ کے (سب سے بڑے)

اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَۃِ اللّٰہِ

نائب ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کی طرف انہیں وسیلہ بنایا

تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ

جاتا ہے۔ درود و سلام ہو جناب پر

یَارَسُوْلَ اللّٰہِ رَسُوْلُنَا رَسُوْلٌ

یا رسول اللہ ہمارے رسول ہمیشہ

عَلَی الدَّوَامِ نَبِیٌّ طٰہٰ قَائِمٌ

کے لیے رسول طٰہٰ نبی (اللہ کے حکم پر) قائم رہنے والے

حَامِدُ اللّٰہِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی

اور رب کے ثنا گو ہیں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں انہی کو

حَضْرَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَ

وسیلہ بنایا جاتا ہے۔ یا رسول اللہ

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

جناب پر درود و سلام ہو

اَمِيْرُنَا رَسُوْلُ وَّ نَبِيُّ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ

ہمارے سردار رسول و نبی جناب محمد رسول اللہ ہیں (صلی

اللّٰهِ ط نَاصِرٌ كَلِيْمُ اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) جو (مخلوق کی) مدد فرمانے والے ہیں اور اللہ سے کلام

اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ

کرنے والے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کی طرف انہیں سے فریاد کی

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط

جاتی ہے۔ درود و سلام ہو جناب پر یا رسول اللہ

مُعِيْنُنَا رَسُوْلُ وَّ الدُّرُّ النَّبِيُّ

ہمارے مددگار رسول کریم اور وہ دُرِّ (یتیم) ہیں جو یاسین کی

اَلْيَاسِيْنُ اِمَامُ اَمِيْنُ اللّٰهِ ط

شان والے نبی پیشوا اور اللہ کے (خزانوں کے) امین ہیں۔

اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کیلئے انہیں سے فریاد کی جاتی ہے

تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ

یا رسول اللہ جناب پر درود و سلام

یَارَسُوْلَ اللّٰہِ مُصَدِّقُنَا رَسُوْلٌ

ہمارے (ایمان کی) تصدیق فرمانیوالے ہو

وَحَبِیْبُ نَبِیٌّ مُزَّمِّلٌ بَیَانٌ

رسول و محبوب کملی والے نبی (غیب) بیان فرمانے والے

رَسُوْلُ اللّٰہِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی

اللہ کے رسول ہیں جو وسیلہ بنائے گئے ہیں

حَضْرَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ

بارگاہِ حق تعالیٰ میں درود و

وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

سلام ہو جناب پر یا رسول اللہ

شَاهِدُنَا رَسُوْلٌ وَّنَبِیٌّ مُّدَّثِّرٌ

ہمارے (ظاہر و باطن کے) شاہد (وہ) رسول کریم اور لباس پوش نبی ہیں جو

قُرْاٰنُ نُوْرُ اللّٰہِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ

(اللہ تعالیٰ سے، قریب کرنے والے اللہ کے نور (ہیں) وہی اللہ تعالیٰ

اِلٰی حَضْرَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ

کی بارگاہ کی طرف وسیلہ ہیں۔ جناب پر درود وسلام ہو

وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

یا رسول اللہ

مُذَکِّرُنَا رَسُوْلٌ مُّعَطَّرُ الرُّوْحِ

ہمیں خوف حق اور حقائق غیبیہ یاد دلانے والے (وہ، خوشبودار روح و ے

بَارٌّ جَوَادُ اللّٰہِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ

رسول (ہیں) جو سراپا نیکی اور اللہ کے سخی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کے

اِلٰی حَضْرَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ

وسیلہ جناب پر درود و

وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

سلام ہو۔ یا رسول اللہ

سُلطَانُ الاَنبِیَاءِ رَسُولُ صَاحِبِ

کل نبیوں کے بادشاہ قرآن پاک والے

الفُرقَانِ مَکِّیٌّ شَکُورُ اللّٰہِ

رسول مکہ کے رہنے والے اللہ کے شکر گزار (ہیں)

اَلمُستَغَاثُ اِلٰی حَضرَۃِ اللّٰہِ

(جو) وسیلہ بنائے جاتے ہیں بارگاہِ حق تعالیٰ میں

تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیکَ

درود و سلام ہو جناب پر

یَا رَسُولَ اللّٰہِ اِمَامُ الاَنبِیَاءِ رَسُولٌ

یا رسول اللہ - نبیوں کے پیشوا

صَاحِبُ الکَوثَرِ مَدَنِیٌّ مُنِیرٌ

کوثر والے رسول مدینہ کے آقا اللہ کے

اللّٰہِ اَلمُستَغَاثُ اِلٰی حَضرَۃِ

نور والے فریاد چاہے گئے بارِ گاہِ حق تعالیٰ

اللّٰہِ تعالیٰ اَلصَّلوٰۃُ والسَّلَامُ

کی طرف جناب پر درود وسلام ہو

عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ سِرَاجُ

یارسول اللہ۔ (حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)

الْاَوْلِیَاءِ رَسُوْلُ صَاحِبُ الْمِیْزَانِ

ولیوں کے سورج رسول کریم میزان کے مالک

اَبْطَحِیٌّ قَرِیْبُ اللّٰہِ اَلْمُسْتَغَاثُ

بطحا (مکہ معظمہ) والے آقا اللہ کے مقرب ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی

اِلٰی حَضْرَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلوٰۃُ

بارگاہ میں وسیلہ ہیں درود وسلام

وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

ہو جناب پر یارسول اللہ

بُرْھَانُ الْاَصْفِیَاءِ رَسُوْلُ صَاحِبُ

اصفیاء (برگزیدہ) لوگوں کیلئے دلیل رسول کریم وحی

الوَحْيِ سَیِّدُ القَوْمِ عَرَبِیٌّ یَتِیمٌ

والے قوم کے سردار عرب والے اللہ کے

اللّٰہِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَۃِ

(دُرِّ) یتیم۔ اللہ تعالیٰ کی درگاہ میں وسیلہ

اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ

جلیلہ درود و سلام ہو

عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ شَفِیْعُنَا

آپ پر یا رسول اللہ ہمارے شفیع

رَسُوْلٌ مُعَزٌّ ہُ الْمُہْدِیْ قُرَیْشِیٌّ

رسول کریم ہدایت جاری فرمانے والے قریشی (محبوب)

شَہِیْدُ اللّٰہِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی

اللہ تعالیٰ (کی طرف سے سب کے) گواہ۔ (حضور صلی اللہ علیہ وسلم) وسیلہ

حَضْرَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَ

ہیں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں۔ درود و

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ط

سلام ہو جناب پر یارسول اللہ

اِمَامُ الْمُتَّقِيْنَ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَ

پرہیزگاروں اور مومنوں کے پیشوا اور

زِيْنَةُ الْاَنْبِيَاءِ رَسُوْلُ خَادِمُ

انبیاء (علیہم السلام) کی زینت رسول عظیم فقیروں پر

الْفُقَرَاءِ حِجَازِيٌّ نَذِيْرُ اللّٰهِ ط

شفقت فرمانے والے حجاز والے (آقا) اللہ تعالیٰ (کے غضب سے)

اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَةِ

ڈرانے والے۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں وسیلہ ہیں

اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ

درود و سلام ہو

عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ۔ خَتَمُ

جناب پر یارسول اللہ نبیوں میں

الْأَنْبِيَاءِ رَسُوْلُ مَّاحِ الْكُفْرِ وَالْبِدْعَةِ

آخری (جلیل القدر) رسول کفر و بدعت کو مٹانے والے

مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ط الْمُسْتَغَاثُ

حضرت محمد بن عبد اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں۔ فریاد چاہے گئے

اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ

بارگاہِ حق تعالیٰ کی طرف درود و سلام

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط

ہو جناب پر یا رسول اللہ

صَادِقُنَا رَسُوْلٌ مُّرْسَلٌ مُّتَوَسِّطٌ

ہمارے۔ راست گو (آقا) رسول (اللہ تعالیٰ کے) بھیجے ہوئے

رَحِيْمُ اللّٰهِ ط الْمُسْتَغَاثُ اِلٰى

میانہ رو اللہ تعالیٰ کے (فضل سے) رحم فرمانیوالے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی

حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَ

بارگاہ کیلئے ان سے فریاد کی جاتی ہے درود و

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

سلام ہو جناب پر یا رسول اللہ

سَيِّدُنَا رَسُوْلُ مُسْتَغِيْثٌ

ہمارے سردار رسولِ کریم (اللہ سے اُمت کیلئے) فریاد کرنیوالے

مُقْتَصِدٌ حَلِيْمُ اللّٰهِ الْمُسْتَغَاثُ

میانہ رو اللہ تعالیٰ کے اکرم سے (حلم پرور۔ اللہ تعالیٰ کی درگاہ

اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ

کی طرف اس سے فریاد کی جاتی ہے درود

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

سلام ہو جناب پر یا رسول اللہ

اَغِثْنَا يَا رَسُوْلَ الثَّقَلَيْنِ اَنْتَ

اے جن و بشر کے رسول آپ حق ہیں اور

حَقٌّ مُّنِيْبُ اللّٰهِ الْمُسْتَغَاثُ

اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے والے۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ

اِلٰی حَضْرَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ

کے لیے آپ سے فریاد کی جاتی ہے ۔ درود

وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ط

اور سلام کا ہدیہ عرض ہے یارسول اللہ

وَاعِظْنَا رَسُوْلٌ وَّرَسُوْلُہُ الْمُجْتَبٰی

ہمیں وعظ فرمانیوالے رسول کریم ہیں اور اس (خالق) کے برگزیدہ

اَوَّلُ حَبِیْبُ اللّٰہِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ

رسول (خلقت اور دیے ہیں) اول اللہ تعالیٰ کے محبوب ہیں۔ آپ اللہ تعالیٰ

اِلٰی حَضْرَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ

کی بارگاہ کی طرف فریاد رس ہیں درود

وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ط

سلام ہو جناب پر یارسول اللہ

اَکْرَمُنَا رَسُوْلٌ صَاحِبُ الشَّرِیْعَۃِ

ہمارے بزرگترین رسول ہیں جو شریعت کے مالک

اٰخِرٌ عَزِیْزٌ اللّٰہِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی

آخر میں تشریف لانے والے اللہ کے معزز (محبوب) ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی

حَضْرَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَ

درگاہ کی طرف ان سے فریاد کی جاتی ہے درود و

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَھْلُ

سلام ہو جناب پر یارسول اللہ پرہیزگاری

التَّقْوٰی رَسُوْلٌ صَاحِبُ الطَّرِیْقَۃِ

والے عظیم الشان رسول صاحب طریقت (بیماردلوں اور جسموں کے

شِفَاءٌ فَصِیْحٌ اللّٰہِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی

لئے حضور کا ذکر) شفاء اللہ تعالیٰ کے (فضل سے سب سے زیادہ) فصیح اللہ تعالیٰ

حَضْرَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَ

کی بارگاہ کے لئے فریادرس ہیں درود و

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

سلام ہو جناب پر یارسول اللہ

اٰمَنَّا بِكَ اَنْتَ نَبِيُّنَا رَسُوْلُ

ہم (غلام) جناب پر ایمان لائے آپ ہمارے نبی، رسول کریم

صَاحِبُ الْحَقِيْقَةِ مُضَرِيٌّ

حقیقت والے قریشی (یا اولاد مضر سے) اللہ تعالیٰ

بَشِيْرُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلَى

(کی آئندہ نعمتوں کی) بشارت دینے والے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں

حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ

آپ کو وسیلہ بنایا جاتا ہے درود و

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

سلام ہو جناب پر یا رسول اللہ

اِمَامُ الْاَنْبِيَاءِ رَسُوْلٌ صَاحِبُ

نبیوں کے امام شاندار رسول (اللہ تعالیٰ اور سب کی) پہچان

الْمَعْرِفَةِ بُرْهَانُ رَحْمَةِ اللّٰهِ

(کرانے) والے (حقیقت کی) دلیل، اللہ کی رحمت

اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَۃِ اللّٰہِ

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کی طرف حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وسیلہ

تَعَالیٰ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ

ہیں درود و سلام ہو جناب پر

یَارَسُوْلَ اللّٰہِ کَبِیْرِنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ

یارسول اللہ ہمارے بزرگ رسول کریم جنت کے

الْجَنَّۃِ ظَاھِرُ کَرِیْمُ اللّٰہِ اَلْمُسْتَغَاثُ

مالک وشان کے اعتبار سے بالکل ظاہر اللہ کے بنائے ہوئے کریم۔ جنہیں

اِلٰی حَضْرَۃِ اللّٰہِ تَعَالیٰ اَلصَّلٰوۃُ

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کی طرف وسیلہ بنایا جاتا ہے درود و

وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

سلام ہو جناب پر یا رسول اللہ

سَنَدُ الْعَاصِیْنَ رَسُوْلُ صَاحِبُ الْجَنَّۃِ

خطاکاروں کے سہارا رسول پاک جنت کے مالک

فَارِغُ جَهَنَّمَ سُلْطَانُ تِهَامَةٌ

دوزخ کے خالی کرنے والے بادشاہ وادی تہامہ والے اللہ تعالیٰ

مُؤْمِنُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی

پر ایمان رکھنے والے (اور پہنچنے والے) اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کی طرف

حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوةُ

وسیلہ جلیلہ درود و سلام

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

ہو جناب پر اے اللہ تعالیٰ کے پیارے رسول

فَقِيْهُنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ الصِّرَاطِ

ہمارے صاحب فقہ عظیم الشان رسول پل صراط سے پار

مُبَلِّغُ عَاقِبُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ

اُتارنے والے (دین حق) پہنچانے والے اللہ تعالیٰ کے آخری نبی

اِلٰی حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوةُ

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کی طرف وسیلہ درود

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰہِ

سلام ہو جناب پر یا رسول اللہ

اَنْتَ وَلِيُّنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ الشَّفَاعَۃِ

آپ ہمارے آقا (مددگار) عظیم الشان رسول شفاعت فرمانے

بَاطِنٌ خَلِيْلُ اللّٰہِ اَلْمُسْتَغَاثُ

والے پوشیدہ شانوں والے اللہ کے خاص دوست۔ رب تعالیٰ

اِلٰى حَضْرَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوۃُ

کی درگاہ کی طرف حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وسیلہ ہیں۔

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰہِ

درود وسلام ہو جناب پر یا رسول اللہ

شَهِيْدُ عَوَامِنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ

ہمارے عوام کے گواہ (جلیل القدر) رسول (عرب عجم کے) تاجدار

التَّاجِ مُحَلِّلُ بِاِذْنِ اللّٰہِ اَلْمُسْتَغَاثُ

اللہ کے حکم سے آزاد کرانے والے۔ فریاد چاہے گئے

اِلٰی حَضْرَةِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ

بارگاہ حقتعالیٰ کی طرف درود و

وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ط

سلام ہو جناب پر یا رسول اللہ

وَمِنَ النَّارِ مُخَلِّصُنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ

اور ہمیں آگ سے خلاصی دینے والے (پیارے) رسول محراب

الْمِحْرَابِ حَاشِرُ نَبِیِّ اللّٰہِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ

والے (خلقت کو) جمع کرنے والے اللہ کے نبی۔ اللہ تعالیٰ کی

اِلٰی حَضْرَةِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ

بارگاہ کی طرف فریاد چاہے گئے درود و

وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ط

سلام ہو جناب پر یا رسول اللہ

اَنْتَ اَفْضَلُ مِنَ النَّبِیِّیْنَ وَ

جناب سب نبیوں، صدیقوں، شہیدوں اور

اَلصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصّٰلِحِيْنَ

نیکوکاروں سے افضل ہیں۔

مَحْبُوْبُنَا رَسُوْلُ صَاحِبِ الْمِنْبَرِ

ہمارے محبوب رسول کریم منبر والے

خَطِيْبُ رَحْمَةُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ

خطیب اللہ کی رحمت ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ

اِلٰى حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ

کی طرف وسیلہ درود و

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

سلام ہو جناب پر یا رسول اللہ

مُبَشِّرُنَا رَسُوْلُ صَاحِبِ الْبَيْتِ

ہمیں بشارت دینے والے پیارے رسول بیت اللہ والے

عَامِرُ كَعْبَةِ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى

اللہ کے کعبہ شریف کو آباد کرنے والے انہیں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ

حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ

کی طرف وسیلہ بنایا جاتا ہے درود

وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ

اور سلام ہو جناب پر یارسول اللہ

خَادِمُ الْحَرَمَیْنِ جَدُّ الْحَسَنِ

مکہ اور مدینہ کی ضروریات پوری فرمانے والے جناب

وَالْحُسَیْنِ رَسُوْلُ صَاحِبُ

حسن وحسین رضی اللہ عنہما کے نانا پیارے رسول قاب قوسین

قَابَ قَوْسَیْنِ حَبِیْبٌ وَّنَبِیٌّ

کی شان والے محبوب اور نبی

عَظِیْمُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَةِ

اللہ کی دی ہوئی عظمت والے۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کی طرف

اللّٰهِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ

وسیلہ (حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہیں) درود و سلام ہو

عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَکْبَرُنَا رَسُوْلُ

جناب پر یا رسول اللہ۔ ہمارے بزرگ ترین رسول کریم

صَاحِبُ الْمِعْرَاجِ عَالِمُ غَنِیُّ اللّٰهِ

معراج والے عالم اللہ کے (فضل سے) غنی و با اقبال۔

اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی

اللہ کی بارگاہ کی طرف وسیلہ (جلیلہ)

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ

درود و سلام ہو جناب پر یا رسول اللہ

اللّٰهِ نَبِیُّ اٰخِرِ الزَّمَانِ رَسُوْلُ

پیارے نبی آخری زمانے والے جلیل الشان رسول

صَاحِبُ الْاِجْتِهَادِ مُنْتَقِمُ

اجتہاد والے (اللہ کے دشمنوں سے) بدلہ لینے والے

مُکَرَّمُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَةِ

اللہ کے عزت والے محبوب۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی

لِلّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ

بارگاہ میں وسیلہ بنائے جاتے ہیں۔ درود و سلام ہو

عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ وَفِی الدِّیْنِ

جناب پر یارسول اللہ اور دین میں ہمارے

صَادِقُنَا رَسُوْلٌ صَاحِبُ الْقِیٰمَۃِ

سچے آقا رسول کریم قیامت والے

نَاطِقٌ بِالْحَقِّ شَفِیْعُ اللّٰہِ ط

راست گو اللہ کی بارگاہ میں شفاعت فرمانے والے

اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَۃِ اللّٰہِ

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں وسیلہ

تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ

درود و سلام ہو جناب پر

یَارَسُوْلَ اللّٰہِ مُشَفَّعُ الْاُمَّۃِ

یارسول اللہ امت کے حق میں مقبول الشفاعت

مُعِيْنُنَا بِالشَّفَاعَةِ رَسُوْلُ

شفاعت سے ہماری مدد فرمانے والے پیارے رسول

صَاحِبُ النُّبُوَّةِ مُحْتَرَمٌ نَبِیُّ اللّٰہِ

نبوت والے عزت و احترام والے اللہ کے نبی

اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَةِ اللّٰہِ

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کی طرف وسیلہ

تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ

درود و سلام ہو جناب پر

یَارَسُوْلَ اللّٰہِ وَنَبِیَّ الرَّحْمَۃِ

یارسول اللہ اور نبی رحمت

سَابِقُنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ الدَّارَیْنِ

ہمارے سبقت لے جانے والے رسول دونوں جہان کے آقا

حَرِیْصٌ رَّءُوْفٌ اللّٰہِ اَلْمُسْتَغَاثُ

شفقت فرمانے والے اللہ تعالیٰ کے مہربان بندے ۔ اللہ تعالیٰ کی

اِلٰی حَضْرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوةُ

بارگاہ کے وسیلہ درود

وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

سلام ہو جناب پر یا رسول اللہ

سَیِّدُ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ نَاہِ نَبِیِّنَا

جن و بشر کے برائیوں سے منع فرمانے والے ہمارے

رَسُوْلُ صَاحِبُ النِّعْمَةِ هَاشِمِیٌّ

پیارے رسول نعمت والے ہاشمی

کَرَامَةُ اللّٰہِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی

اللہ کے سراپا کرامت محبوب۔ وسیلہ بارگاہ

حَضْرَةِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوةُ

خداوندی کی طرف درود و سلام ہو

وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

جناب پر۔ یا رسول اللہ

مُقَرِّبُنَا رَسُوْلُ اِلٰی رَحْمَتِ اللّٰہِ

ہمیں رب تعالیٰ کی رحمت کا قرب بخشنے والے

تَعَالٰی مِائَۃَ اَلْفِ اَلْفِ صَلٰوۃٍ

ہزار در ہزار درود و

وَّسَلَامٍ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْمُصْطَفٰی

سلام ہو خدا کے برگزیدہ رسول اور پسندیدہ

وَحَبِیْبِہِ الْمُجْتَبٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ

محبوب صلی اللہ تعالیٰ وآلہ واہل بیتہ

وَاٰلِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

واصحابہ وسلم ـ

اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ اَبَا بَکْرِ نِ التَّقِیَّ وَعُمَرَ

اے اللہ رحم فرما حضرت ابوبکر پرہیزگار پر اور جناب

النَّقِیَّ وَعُثْمَانَ الزَّکِیَّ وَعَلِیَّ

عمر نیک خصلت پر اور جناب عثمان پاک طینت پر اور جناب علی

الْوَفِيِّ اَسَدِ اللّٰهِ الْمُرْتَضٰی وَ

سراپا وفا پر جو اللہ کے مرتضیٰ شیر ہیں رضی اللہ عنہم اور

فَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ بِنْتِ رَسُوْلِ

جنابہ سیدہ فاطمہ زہرا پر جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کی صاحبزادی ہیں

وَخَدِيْجَةَ الْكُبْرٰی وَعَائِشَةَ

اور حضرت خدیجۃ الکبریٰ اور شان والی

الصِّدِّيْقَةِ الْعُلْيَا وَالْحَسَنِ الرِّضَا

عائشہ صدیقہ پر (رضی اللہ تعالیٰ عنہن) اور جناب حسن رضا پر

وَالْحُسَيْنِ الشَّهِيْدِ الْمُجْتَبٰی وَ

اور جناب حسین مقبول شہید پر (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) اور

الشُّهَدَاءِ الْكَرْبَلَاءِ وَعَمِّيْهِ

حضرات شہدائے کربلا پر اور ان کے چچا

اَلشَّرِيْفَيْنِ الْحَمْزَةَ وَالْعَبَّاسَ

مبارک حضرت حمزہ اور حضرت عباس

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا وَالسَّعْدَ

رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور حضرت سعد

وَالسَّعِیْدَ وَطَلْحَۃَ وَالزُّبَیْرَ

اور حضرت سعید اور حضرت طلحہ اور حضرت زبیر

وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ وَّ

اور حضرت عبدالرحمان بن عوف اور

اَبَا عُبَیْدَۃَ بْنَ الْجَرَّاحِ الْعَشَرَۃِ

حضرت ابوعبیدہ بن جراح پر عشرہ

الْمُبَشَّرِیْنَ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ وَ

مبشرین دس جنت کی بشارت پانے والے خاص صحابہ اور تمام صحابہ

التَّابِعِیْنَ وَالْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِیْنَ

اور تابعین اور خلفائے راشدین

رِضْوَانُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ

اللہ تعالیٰ ان سب سے راضی ہو

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اَنْ تَغْفِرَ لِیْ

اے اللہ یہ عاجز بندہ تجھ سے دعا گو ہے کہ اپنی

وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

رحمت بنائے بخش دے اور اس کے والدین کو اور تمام مومن مردوں اور عورتوں

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ط

کو اے سب سے بڑے مہربان

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ

ای بار خدایا بخش مجکو

وَلِاُسْتَاذِيْنَا وَلِمَشَائِخِنَا وَلِوَالِدَيْهِمْ

اور بخشش کر واسطے استاد ہمارے کے اور واسطے مشائخ ہمارے کے اور واسطے ماں باپ ہمارے

وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ

اور واسطے تمام مومن مردوں اور مومنہ عورتوں کے اور مسلمان مردوں

وَالْمُسْلِمٰتِ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ اِنَّكَ

اور مسلمان عورتون کے زندون کو ان سے اور مردون کو تحقیق تو ہی ہے

مُجِيْبُ الدَّعَوَاتِ يَا رَافِعَ الدَّرَجٰتِ وَيَا

قبول کرنیوالا دعاؤن کا اور بلند کرنیوالا درجون کا اور

قَاضِيَ الْحَاجَاتِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

پورا کرنیوالا حاجتون کا بسبب رحمت اپنی کی ای بہت مہربان سب مہربانون سے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَشْهَدُ

پس نہین کوئی لائق عبادت کی سوائے اللہ کی محمد رسول ہین اللہ کے گواہی دیتا ہون مین

اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ

یہہ کہ نہین کوئی معبود سوا اللہ کے کہ وہ ایک ہے نہین کوئی شریک واسطے

لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

اسکے اور گواہی دیتا ہون بیشک محمد بندے ہین اللہ کے اور رسول اسکے ہین

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

پاک ہے اللہ اور سب تعریف ثابت ہے واسطے اللہ کے اور نہین ہی کوئی معبود سوا اللہ کے

وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ

اور اللہ تعالی بہت ہی بڑا ہے اور نہین ہے باز رہنا گناہون سے اور نہین قوت

إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ مَا شَاءَ اللّٰهُ

عبارت ہے سوائی توفیق اللہ بلند مرتبہ اور بزرگ کے جو کہ چاہا اللہ تعالیٰ نے وہی

كَانَ وَمَا لَمْ يَشَاءْ لَمْ يَكُنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا

ہوا اور جو کہ نہین چاہا نہ ہووے گا نہین کوئی معبود برحق سو

اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ

اکیلا ہے وہ نہین کوئی شریک اوسکا واسطے اوسی کے ہے ملک اور واسطے اوسی کے ہے تعریف جلاتا ہے اور مارتا ہے

وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوْتُ دَائِمٌ قَائِمٌ أَبَدًا أَبَدًا بِيَدِهِ الْخَيْرُ

زندہ ہے نہین مرتا ہمیشہ ہو ہوالا ہے اور قائم ہے ہمیشہ ہمیشہ ہاتھ میں اوسکی بہتر ہے

وَهُوَ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ

اور وہ ہے صاحب بزرگی اور بخشش کا الٰہی بار خدایا تحقیق مین پناہ مانگتا ہون

بِكَ مِنْ أَنْ أُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا وَأَنَا أَعْلَمُ

ساتھہ فضل تیرے اس بات سے کہ شریک کرون ساتھہ تیرے کسی چیز کو در حالیکہ جانتا ہون مین

أَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا أَعْلَمُ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَتَبَرَّأْتُ

اور بخشش کی آرزو کرتا ہون تجھسے اوس گناہ کی کہ نہین جانتا مین اسکو توبہ کرتا ہون اوس سے اور بیزار

مِنَ الْكُفْرِ وَالشِّرْكِ وَالْكِذْبِ وَالْغِيْبَةِ

ہوتا ہون کفر سے اور شرک سے اور جھوٹ سے اور غیبت سے اور

الْبُهْتَانِ وَالْمَعَاصِي كُلِّهَا وَأَسْلَمْتُ وَأَنْ أَقُولُ

بہتان سے اور گناہوں سے کل سے اور اسلام لاتا ہوں اور یہ کہتا ہوں !

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ أَسْتَغْفِرُ

نہیں کوئی معبود سوا اللہ تعالیٰ کے محمد رسول ہے اللہ کا صلعم طلب بخشش کی کرتا ہوں

اللّٰهَ رَبِّي مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ أَذْنَبْتُهُ عَمَدًا

اللہ تعالیٰ رب سے ہر گناہ سے کہ کیا میں نے اوسکو جانکر

وَخَطَأً أَوْ سِرًّا أَوْ عَلَانِيَةً وَأَتُوبُ إِلَيْهِ مِنَ الذَّنْبِ

یا ناجانکر یا پوشیدہ کرکر یا ظاہر کرکر اور توبہ کرتا ہوں طرف اللہ کی گناہوں سے

الَّذِي أَعْلَمُ وَمِنَ الذَّنْبِ الَّذِي لَا أَعْلَمُ إِنَّكَ أَنْتَ

وہ گناہ کہ جانکر کیا میں نے اور اس گناہ سے کہ کیا میں نے بےجانکر تحقیق تو ای اللہ

لَعَلَّامُ الْغُيُوبِ وَسَتَّارُ الْعُيُوبِ وَغَفَّارُ

جاننے والا ہے پوشیدہ باتوں کا اور چھپانیوالا ہے عیبوں کا اور بخشنے والا ہے

الذُّنُوبِ وَكَشَّافُ الْكُرُوبِ لَا حَوْلَ وَلَا

گناہوں کا اور کھولنے والا ہے سختیوں کا اور نہیں ہو سکتا باز رہنا گناہوں سے اور

قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ

نہیں قوت بندگی کی سوا توفیق اللہ کے بزرگ کے

آخر میں جو دُعا لکھی ہوئی ہے اُسے

ضرور پڑھیں۔

دُعاشریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ عَلَیْہِ یَا رَبِّ عَلٰی سَیِّدِ
الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ وَاِمَامِ مَکَّۃَ وَالْحَرَمِ وَتَرْجَمَانِ
لِسَانِ الْقِدَمِ وَمَنْبَعِ الْاَسْرَارِ وَالْجُوْدِ وَالْحِکَمِ
سَیِّدِنَا وَسَنَدِنَا وَھَادِیْنَا وَمَھْدِیْنَا وَمَوْلَانَا وَمَوْلَی
الثَّقَلَیْنِ اَبِی الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ سَیِّدِ الْعَرَبِ
وَالْعَجَمِ زَادَہُ اللّٰہُ شَرَفًا وَّکَرَمًا وَّبِرًّا وَّرِفْعَۃً وَّمَھَابَۃً
وَّتَعْظِیْمًا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ عَلَیْکَ وَسَلَّمَ خُذْ بِیَدِیْ
اَلْمَدَدْ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ اَلْمَدَدْ اَلْمَدَدْ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ
اَلْمَدَدْ اَلْمَدَدْ یَا خَلِیْلَ اللّٰہِ اَلْمَدَدْ اَلْمَدَدْ یَا صَفِیَّ

لِلّٰهِ اَلْمَدَدْ اَلْمَدَدْ يَا مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ اَلْمَدَدْ

اَلْمَدَدْ يَا عَرُوْسَ الْخَافِقَيْنِ اَلْمَدَدْ اَلْمَدَدْ يَا

جَدَّ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ اَلْمَدَدْ اَلْمَدَدْ يَا اَمِيْنَ

الْاُمَّةِ اَلْمَدَدْ اَلْمَدَدْ يَا خَتْمَ الْمُرْسَلِيْنَ اَلْمَدَدْ

اَلْمَدَدْ يَا شَفِيْعَ الْمُذْنِبِيْنَ اَلْمَدَدْ اَلْمَدَدْ يَا رَسُوْلَ

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَلْمَدَدْ اَلْمَدَدْ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى

خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝

درودِ تاج عہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ رحمت نازل کر اوپر ہمارے سردار اور ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وسلم

صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ ط

کے جو تاج والے ہیں اور معراج والے ہیں اور براق والے اور پرچم والے

دَافِعِ الْبَلَآءِ وَالْوَبَآءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ

ہیں۔ بلاؤں اور وباؤں اور قحط اور بیماریوں

وَالْاَلَمِ ط اِسْمُہٗ مَکْتُوْبٌ مَّرْفُوْعٌ مَّشْفُوْعٌ

اور پریشانیوں اور غموں کے دور کرنے والے ہیں ان کا نام لکھا ہوا ہے بلند ہے ذریعۂ شفاعت ہے

مَّنْقُوْشٌ فِی اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ ط سَیِّدِ الْعَرَبِ

کندہ ہے لوح اور قلم میں عرب اور عجم

وَالْعَجَمِ ط جِسْمُہٗ مُقَدَّسٌ مُّعَطَّرٌ مُّطَھَّرٌ

کے سردار ہیں ان کا جسم مقدس ہے معطر ہے پاکیزہ ہے

عہ درودِ تاج کی مفصل شرح "ضیاء السراج فی شرح درود تاج" از اویسی غفرلہ

مُنَوَّرٌ فِی الْبَیْتِ وَالْحَرَمِ ط شَمْسُ الضُّحٰی

منور ہیں بیت اللہ میں اور مدینہ منورہ میں، (وقت) چاشت کے آفتاب ہیں

بَدْرُ الدُّجٰی صَدْرُ الْعُلٰی نُوْرُ الْهُدٰی

اور اندھیری رات کے چاند ہیں بلندی کے صدر نشیں ہیں ہدایت کے نور ہیں

کَهْفُ الْوَرٰی مِصْبَاحُ الظُّلَمِ ط جَمِیْلُ

مخلوق کی پناہ گاہ اور تاریکیوں میں روشن چراغ ہیں اچھی خصلتوں

الشِّیَمِ شَفِیْعُ الْاُمَمِ صَاحِبُ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ ط

والے امتوں کے شفارش کرنیوالے ہیں اور جود و کرم کے مالک ہیں،

وَاللّٰهُ عَاصِمُهٗ وَجِبْرِیْلُ خَادِمُهٗ وَالْبُرَاقُ

اللہ تعالیٰ ان کا محافظ ہے۔ اور جبریل ان کے خادم ہیں، اور براق ان کی

مَرْکَبُهٗ وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُهٗ وَسِدْرَةُ الْمُنْتَهٰی

سواری ہے اور معراج ان کا سفر ہے۔ اور سدرۃ المنتہیٰ ان کا

مَقَامُهٗ وَقَابَ قَوْسَیْنِ مَطْلُوْبُهٗ وَالْمَطْلُوْبُ

مقام ہے۔ اور قاب وقوسین ان کا مطلوب اور مطلوب انکا مقصود ہے

مَقْصُوْدُهٗ وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُهٗ ط سَیِّدِ

مقصود ہے۔ اور مقصود ان کا موجود ہے تمام رسولوں

الْمُرْسَلِیْنَ خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ

کے سردار ہیں نبی آخر الزماں ہیں. گنہگاروں کی شفاعت

اَنِیْسِ الْغَرِیْبِیْنَ رَحْمَةٍ لِّلْعٰلَمِیْنَ رَاحَةِ

کرنیوالے ہیں غریبوں کے ہمدرد ہیں۔ تمام جہانوں کے لئے رحمت ہیں عاشقوں

الْعَاشِقِیْنَ مُرَادِ الْمُشْتَاقِیْنَ شَمْسِ الْعَارِفِیْنَ

کے لئے راحت ہیں. مشتاقوں کی مراد ہیں عارفوں کیلئے آفتاب ہدایت ہیں

سِرَاجِ السَّالِکِیْنَ مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِیْنَ ط

سالکین کے لئے چراغ ہیں متقربین کے لئے شمع ہدایت ہیں،

مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ وَالْغُرَبَاءِ وَالْمَسَاکِیْنَ ط سَیِّدِ

فقراء اور غرباء اور مسکینوں کو چاہنے والے ہیں، انس وجن

الثَّقَلَیْنِ نَبِیِّ الْحَرَمَیْنِ اِمَامِ الْقِبْلَتَیْنِ

کے سردار ہیں، حرمین کے نبی ہیں دونوں قبلوں کے پیشوا ہیں

وَسِیْلَتِنَا فِی الدَّارَیْنِ ط صَاحِبِ قَابَ

دونوں جہان میں ہمارا وسیلہ ہیں قاب قوسین کے مالک

قَوْسَیْنِ مَحْبُوْبِ رَبِّ الْمَشْرِقَیْنِ وَ

ہیں مشرقین اور مغربین کے رب کے محبوب اور پیارے

وَرَبِّ الْمَغْرِبَيْنِ جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ

ہیں امام حسن اور حسین کے نانا ہیں ہمارے آقا

مَوْلٰنَا وَمَوْلَی الثَّقَلَيْنِ ط اَبِی الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ

اور تمام انس وجن کے مولی ہیں ابوالقاسم ان کی کنیت ہے۔ نام محمد

بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ نُوْرٍ مِّنْ نُوْرِ اللّٰہِ یَآاَیُّھَا

بن عبداللہ ہے (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے نور میں سے ایک نور ہیں،

الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِہٖ صَلُّوْا عَلَیْہِ وَآلِہٖ

اے وہ لوگو جو ان کے جمال کے مشتاق ہیں، ان پر درود بھیجو اور

وَاَصْحَابِہٖ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ط

ان کی اولاد اور ان کے اصحابہ پر درود بھی اور خوب سلام بھیجو ان پر

منظوم اردو ترجمہ

درودِ تاج

حمد صلوٰۃ وسلام ودرود ونعم، ہوں محمد یہ اے قادر ذوالکرم

تاج والے ہیں معراج والے ہیں وہ، اُن کا مرکب براق اُنکا رحمت عَلَم

اُن سے خائف بلا، اُن غائب وبا، وہ علاجِ مرض وہ دوائے اَلَم

اِسمِ مکتوب مرفوع مشفوع ہے، لوحِ پُرنور پر نقشِ نازِ قلم

جسمِ اقدس معطر، مطہر سہا، مہرِ صبحِ ازل یا چراغِ حرم
وہی شمس الضحیٰ، وہی بدر الدجیٰ، وہی صدرِ علی ابرِ جود و کرم

وہی نورُ الھدیٰ، وہی کہفِ الوریٰ وہ جمیل الشیم وہ شفیع الامم،

اُن کا عاصم خدا، ان کے خادم مَلَک، اُن کا مرکب بُراق اُن کا اسراسفر

منزلِ اعلیٰ ترین سدرۃُ المنتہیٰ قابَ قوسین کے قرب سے بہرہ ور

شرحِ قوسین مطلوب و مقصودِ جاں قلبِ مشتاق انوارِ عرشِ بریں
سیّد المرسلین، خاتم الانبیاء، شافعِ مذنبیں، رافع الاسفلین

رحمتِ عالمیں، راحتِ عاشقاں، فرحتِ شائقیں، نیّرِ عارفیں
رہبرِ سالکیں، ہادیِ مومنیں، خضرِ راہِ یقیں، اوّلیں آخریں
غمگسارِ یتیماں محبّ غریباں، حبیبِ فقیراں بہ نانِ جویں
سیّدِ انس و جاں، صاحبِ دو کماں، سرورِ دو جہاں دو حرم کے مکیں

ابنِ عبداللہ جدِ حسنین، ابو القاسم اہلِ صفا بالیقین

ہیں حبیبِ خدا ساری امت فدا ان کے حسن و جمالِ جہاں تاب پر
ہاں کہو سب صلوٰۃ و سلام و درود اُن پہ اور ان کی آلؓ اور اصحابؓ پر
(اصغر حسین خان نظیر لدھیانوی)

خواص دُرودِ تاج شریف از شاہ عبدالعزیز اعظم گڑھی[1]

تعداد	ترکیب	مقصد	نمبر شمار
ہر شب تا گیارہ شب متواتر	عروج ماہ شب جمعہ پڑھ کر سو جائیں جامہ پاک خوشبو لگا کر	زیارت نبوی علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام	۱
	ہر روز بعد نماز صبح ۷ بار بعد نماز عصر ۳ بار بعد نماز عشاء ۳ بار	صفائی قلب	۲
۱۱ بار	پڑھ کر دم کریں	دفع سحر و آسیب و جن و شیاطین و وباء و فساد و چیچک و ہر مرض	۳
۴۱ بار	چالیس راتیں بعد از نماز عشاء	حفاظت از دشمنان حاسدان و ظالم حلکان و دفع رنج و الم و افلاس	۴
۷ بار	بعد از نماز صبح	کشائش رزق	۵
	اکیس خرما پر سات سات بار پڑھ کر دم کر کے ایک خرما ہر روز کھلائے بعد فراغت طہارت از حیض اس کا شوہر اس سے جماع کرے	بانجھ عورت کے لئے	۶
۴۰ بار	نصف شب کے بعد	حب اور ہر مقصد میں کامیابی کیلئے	۷
کر کے پلائیں	حمل گرنے کا خطرہ ہو تو سات بار پانی پر دم	حفاظت حمل	۸

[1] فضائل درود تاج مطبع نو لکشور لکھنؤ مطبوعہ دسمبر ۱۸۷۳ء۔ یہ شاہ عبدالعزیز دہلوی نہیں ہے۔

نوٹ:۔ اختصاراً چند خواص عرض کئے گئے ہیں ورنہ درود شریف

اولیاء کاملین اور درود تاج شریف

حضرت پیر سید فیض علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ سجادہ نشین ماڑی شوق الٰہی ضلع بہاولنگر اپنے مطبوعہ درود شریف میں چند مشائخ کاملین کے درود تاج کے بارے میں تاثرات بیان فرماتے ہیں۔

۱۔ حضور خواجہ خواجگان تقدس مآب برہان حقیقت سلطان العارفین خواجہ غریب نواز سید محمد معین الدین اجمیری رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ میں نے قرب کمال صرف درود شریف کی وجہ سے حاصل کیا ہے۔

۲۔ تقدس مآب سید خواجہ قطب الدین بختیار کاکی دہلوی ارشاد فرماتے ہیں اگر انسان کو کافی اشغال دنیاوی ہوں تو کم از کم تین ہزار سے تحفہ درود شریف دن رات میں کم نہ کیا جائے۔

۳۔ پیران پیر مخدوم معظم محبوب سبحانی سید محمد عبد القادر جیلانی قدس سرہٗ ارشاد فرماتے ہیں کہ طالبین مقربین دن رات میں کم از کم پانچ ہزار تحفہ درود شریف بہ بخشش حضور انور تاجدار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا کریں اور فرماتے ہیں میں نے جو قرب کمال حاصل کیا صرف درود شریف کی وجہ سے حاصل ہوا۔

۴۔ حضرت محدث فضیلت درجت شاہ عبد العزیز صاحب دہلوی قدس سرہٗ مشاہدات میں ارشاد فرماتے ہیں کہ مجھے قرب کمال صرف درود شریف کی وجہ سے حاصل ہوا اور اب سارا جہاں میرے سامنے

بمنزلہ آئینہ کے ہے اور رائی کے دانہ کے برابر میرے سامنے ہے۔

۵۔ حضور خواجہ سلطان العارفین فخر سادات کل امام الاولیاء مخدوم جہانیاں جہاں گشت قدس سرہ اُچوی نقوی البخاری ارشاد فرماتے ہیں کم از کم تحفہ درود شریف دن رات میں بارہ ۱۲ ہزار روزانہ بہ پیش حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پیش کرنا چاہیئے اس سے کم از کم کمزوری ایمان ثابت ہوگی۔

۶۔ سلطان العارفین مخدوم سید علی ہجویری عرف داتا گنج بخش رحمتہ اللہ علیہ لاہوری ارشاد فرماتے ہیں۔

جس قدر محبوب رب العالمین کی یاد کریں گے اُس قدر دربار الٰہی سے انوار نازل ہوں گے کم از کم طالبین دن رات میں تحفہ دُرود شریف سات ہزار سے کم نہ کریں۔

۷۔ حضور امام العارفین سیدنا امام جعفر صادق علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں اللہ تعالےٰ کے قرب کمال کو حاصل کرنے کے لیے اگر کوئی مقرب ذریعہ ہے تو تحفہ دُرود شریف ہے۔

لہذا طالبین کے لیئے چاہئیے کہ جب دنیاوی اشغال سے فرصت پاویں بکثرت سے درود شریف پڑھا کریں تاکہ قرب حضور رسالت مآب علیہ الصلوٰۃ والسلام وقرب درگاہ الٰہی طالبین کو نصیب ہو۔ اس سے بڑھ کر اور کوئی قرب کے لیئے وظیفہ بہتر نہیں۔

طریقہ تلاوت درود تاج

بوقت صبح مسواک کرکے وضو تازہ کرکے قبل نماز یا بعد از نماز

سات بار تاقیام زندگی ہمیشہ جاری رکھے۔

ایضاً جو شخص مقروض ہو، قیدی ہو، یا کسی مصیبت میں مبتلا ہو اُس کے لیے اجازت ہے کہ وہ روزانہ دن رات میں ۸۲ یوم تک بطریقہ حلقہ بچھتر بار تلاوت روزمرہ کرے انشاءاللہ تعالیٰ اس دُرود شریف کی برکت سے طالبین مقصود کو حاصل کریں گے اس حلقہ کے بعد ہمیشہ مخلصین سات بار روزانہ نہار منہ تلاوت کرے۔

پرہیز ضروری:- پیاز، لہسن، بدبودار کوئی چیز ہو استعمال کر کے نہ پڑھے کیونکہ بدبودار چیزیں استعمال کرنے والے کا دُرود شریف قبول نہیں ہوتا۔

طریقہ دوم برائے زیارت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام

غسل کر کے خوشبو لگا کر سُرمہ آنکھوں میں ڈال کر مکان مصفّا کرے۔ اگربتی سے خوشبو معطر کرے۔ ایک مسندِ مصفّا حضور علیہ الصلوٰۃ و السلام کے لیے بنائے اس کے پیچھے اپنے لیے مصلّیٰ بچھائے اس پر بیٹھ کر صرف جمعہ کی شب کو چھتیس بار درود شریف پڑھ کر سر بجانب قطب رکھ کر سو جائے اس طرح سات جمعرات عمل کرے۔ اللہ تعالےٰ کی رحمت پر بھروسہ ہے انشاء اللہ تعالےٰ اس کو زیارت نصیب ہو گی اس مکان میں کوئی بدبودار چیز نہ ہو۔ نہ وہاں سگریٹ ہو نہ حقّہ۔ عمل کرنے والا اگر سگریٹ حقّہ پیتا ہے اُسکو زیارت نصیب نہ ہو گی۔

نوٹ:- ہر مرد عورت کے لیے اس کی اجازت ہے۔ دوبارہ اس کی اجازت لینے کی ضرورت نہیں۔ اس محبوب وظیفہ کو خوشہ

یب طالبین پڑھیں گے اللہ تعالیٰ اس کی تلاوت ہر کسی کو نصیب
رے۔ آمین۔

سند درود تاج از شیخ شاذلی قدس سرہ

حضرت مولانا قاری سلیمان

ب پھلواری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب "صلوٰۃ وسلام" میں لکھا ہے کہ
رت شیخ سید ابوالحسن شاذلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے درود تاج نبی کریم صلی
علیہ وسلم کی جناب میں پیش کیا اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
درود شریف کے لیے منظوری عطا فرمائیے کہ یہ ایصال ثواب کے
ت ختم شریف میں پڑھا دیا کرے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منظور فرما
اس درود شریف کی یہ فضیلت بہت بڑی ہے دیگر فضائل اور اس
پڑھنے کے طریقے عام شائع شدہ ہیں۔

حمد للہ فقیر اویسی غفرلہ مدینہ طیبہ سے واپسی کے بعد چند
شستوں میں حزب البحر شریف کی ترتیب وتخشیہ ۱۱ شوال المکرم
۱۴۱۷ھ شب بدھ بعد نماز عشاء فارغ ہوا۔

الحمد للہ علی ذلک وصلی اللہ علی حبیبہ الکریم
وعلی آلہ واصحابہ اجمعین

مدینے کا بھکاری
الفقیر القادری ابو الصالح محمد فیض احمد اویسی غفرلہ
بہاولپور۔ پاکستان

۱۱ شوال المکرم ۱۴۱۷ھ شب چہار شنبہ
بعد صلوٰۃ العشاء

چہل کاف

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

يَاكَ بِيَكَ فَسَيَكُ فِيكَ كَفَاكَ رَبُّكَ

كَمْ يَكْفِيكَ وَاكِفَتاً كِفٌ كَافُهَا كَكَ مِيْنِ

كَانَ مِنْ كَلِكَ تَكَرُّ كَرَّ كَكَرِّ الْكَرِّ فِيكَ بِدِيْ

تَحْكِي مُشَكُ شَكَتِ كُلُكَ لَكِ كَلِكَ

كَفَاكَ مَابِيْ كَفَاكَ الْكَافُ كُرُبَتَهٗ يَا

كَوْكَبًا كُنْتَ تَحْكِي كَوْكَبَ الْفَلَكِ ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کُونُوا عِبَادَ اللّٰہِ اِخْوَا

اللہ تعالیٰ کے بندے اور بھائی بھائی

سمجھ کر گوشۂ ایماں ترے دامن

مجھے کونین میں تیرے سوا اب آس

(دلدار علی مذا

بلغ العلیٰ بکمالہ

کشف الدجیٰ بجمالہ

حسنت جمیع خصالہ

صلوا علیہ وآلہ



ناشر

خاکپائے سگِ مدینہ

محمد رضا فریدی عفی عنہ

خادم دربارِ عالیہ فریدیہ

"MADINA HOUSE"
1-Pembrook Terrace,
Danbury, CT 06811, U.S.A

ھدیہ: دُعائے خیر